وقتی زائچہ پر مکمل اور جامع کتاب
آئینہ
اسرار الوقتی زائچہ
ملک محمد زاہد محمود اعوان
ماہر علم روحانیات
دانش پبلی کیشنز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مِرچُو

اے مالکِ کُل میرے والدین پر رحم فرما .... آمین

وقتی زائچہ پر مکمل اور جامع کتاب

آئینہ

اسرار الوقتی زائچہ

ملک محمد زاہد محمود اعوان

ماہر علم روحانیات

دانش پبلی کیشنز

نزد الرضا اسٹیکر دوسری منزل میاں مارکیٹ

غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔

0321-6090861

ناشر: وقاص ریاض

قیمت : =/225

☆.......... ملنے کا پتہ ....☆

دانش پبلی کیشنز

WR PUBLICATION

نزد الرضا اسٹیکر دوسری منزل میاں مارکیٹ
غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔
0300-4900254

ریاض شہباز پریس سے چھپوا کر
دانش پبلی کیشنز سے شائع کی۔

انتساب!

بحضور سرکار سیّد الشہداء

حضرت امام حسین علیہ السلام

شاہ است حسینؑ ---- بادشاہ است حسینؑ
دین است حسینؑ ---- دین پناہ است حسینؑ
سر داد نداد دست ---- در دست یزید
حقا کہ بنائے لَا اِلٰہ است حسینؑ
(حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ اجمیری)

فرمان رسالت مآبؐ ہے!

اَنَامِدِیْنَۃُ الْعِلْمِ وَ عَلِیٌّ بَابُھَا
میں علم کا شہر ہوں اور علیؑ اُس کا دروازہ ہے

میں باب مدینۃ العلم

حضرت علیؑ ابن
ابی طالبؑ کے بابرکت نام
سے اس کتاب کا آغاز کرتا ہوں

گر قبول افتد زہے عز و شرف
خاکسار
محمد زاہد محمود اعوان
(ماہر علم روحانیات)
راولپنڈی

فہرست

باب اول

باب دوم

باب سوم

پیش لفظ

تمام صفات کا حقیقی سر چشمہ ذات واجب الوجود ہے۔ عالم الغیب ہونے کی صفت بھی بدرجہ اتم صرف اُس کے لئے مخصوص ہے، جس طرح خدا نے اپنے خلیفہ انسان کو اپنی تمام صفات کے پرتو سے متیمز کیا اسی طرح اُس نے انسان کو علم غیب کا بھی شائبہ عطا فرمایا یعنی انسان کے اندر چند ایسی مخفی قوتیں رکھ دی ہیں جن سے کام لے کر انسان اس حد تک واقعات غیبی کا علم کامل ہو سکتا ہے جس حد تک خدائے پاک اسے مطلع کرتا ہے یا دوسرے الفاظ میں جس حد تک اسے خدائے پاک نے قوت عطا کی ہے۔

ایک طویل عرصے سے مجھے علم نجوم میں دلچسپی تھی مختلف کتابیں اس علم پر میرے مطالعہ میں رہی ہے لیکن اُن تمام کی تمام میں ایک تو اس علم کو اتنا پُراسرار بنا دیا گیا ہے کہ ہر کس و ناکس کے سمجھ میں بآسانی نہیں آسکتا۔ میں نے کوشش کی ہے کہ اس علم پر زیادہ سے زیادہ مختصر اور جدید پیرائے میں ایک جامع کتاب پیش کروں تا کہ اس فن کو جو کس قدر مردہ ہوتا جا رہا ہے تقویت ملے۔

اس کتاب میں جتنی تفصیل لکھ سکتا تھا میں نے بیان کر دی ہے اگر اس سے زیادہ علم نجوم سے واقفیت حاصل کرنا چاہیں تو میری باقی کتب کا مطالعہ کریں نجوم سے متعلق میری کتب اسرار النجوم حصہ اول اور حصہ دوم آپ کی علمی پیاس بجھانے کے لئے ممد و

معاون ثابت ہوں گی۔

کتاب میں کسی قسم کی غلطی اور کمی کی صورت میں مجھے مطالعہ کریں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اُس کی تصحیح ہو سکے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے علم میں اضافہ فرمائے

ملک محمد زاہد محمود اعوان

(ماہر علم روحانیات)

سرپرست اعلیٰ: ''زاہد اسٹرولوجیکل اکیڈمی''

القران:

وَسَخَّر لَكُمُ أ لَيلَ وَ النَّهارَ وَ الشَّمسَ
وَ القَمَرَ وَ النُّجُومُ مُسَخَّراتٌ بِأَمرِهِ
اِنَّ فِي ذَلِكَ لَاٰ يَتٍ لِقَومٍ يَعلُوْنَ

(سورۃ النحل آیت 12)

ترجمہ: اور اسی نے تمہارے لئے رات اور دن اور سورج اور چاند کو کام پر لگایا اور اسی کے حکم سے ستارے بھی کام میں لگے ہوئے ہیں۔ سمجھنے والوں کے لئے اس میں (قدرت خدا کی بہت سی) نشانیاں ہیں۔

باب اول

استخراج طالع وقت

علم نجوم میں ہر کام کے لئے سب سے پہلے طالع وقت معلوم کیا جاتا ہے کیونکہ اس علم کا تمام دارومدار موجودات عالم کے نیک و بد حالات فلکی حادثات ارضی واقعات پروردگار نے طالع وقت اور گردش کو اکب پر قائم رکھا جن کی سعادت ونحوست کی تاثیر اور روزانہ گردش سے تمام کائنات موثر ہوتی ہے۔ معتبر کتابوں اور اقوال بزرگان سلف سے اس امر کا ثبوت ملتا ہے کہ پروردگار عالم نے جب اس کائنات کو بنایا اس وقت زائچہ افرنیش کائنات میں طالع برج سرطان تھا۔ جس کے اندر تمام سیارگان برج حمل اور زائچہ کے دسویں گھر میں واقع ہوئے تھے اسی طرح وقتی زائچہ میں طالع وقت لیکر عالمان نجوم زائچہ بنا کر رفتار فلکی اور سعادت لکھ دیتے ہیں۔ اگر طالع وقت صحیح ہو اور نجومی صاحب علم ہو تو پھر جو جوابات وقتی زائچہ سے لکھے جائیں وہ خطا نہیں جاتے اگر طالع وقت میں ذرا بھر بھی غلطی ہو جائے تو حساب درست نہیں ہوگا اور نہ ہی نتیجہ درست اور تسلی بخش برآمد ہوتا ہے۔

زائچہ کسی بھی قسم کا بنانا ہو ہر ایک کا طریقہ کار ایک ہی ہے وقتی زائچہ ہو یا شمسی زائچہ، پیدائشی زائچہ ہو یا قمری زائچہ، ملکی زائچہ ہو یا کسی بھی طرح کے سوالات معلوم کرنے کے لئے زائچہ بنانا ہو تمام زائچوں کا ایک ہی طریقہ کار ہے کیونکہ زائچہ کا تمام دارومدار طالع پر ہی ہوتا ہے اس لئے میں یہاں آپ کو طالع استخراج کرنے کے آسان طریقے بتاؤں گا جس کے ذریعے آپ طالع آسانی سے معلوم کر کے کسی کے بھی حالات زندگی

معلوم کر سکیں گے۔ طالع کئی طرح کا ہوتا ہے۔

شمسی طالع:

آپ کو معلوم ہے کہ شمس ایک ماہ ایک برج میں رہتا ہے اور ایک ماہ بعد برج کو تبدیل کرتا ہے اس کے معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ آپ دیکھیں کہ مطلوبہ ماہ و دن شمس کس برج کے کتنے درجہ دقیقہ پر موجود ہے۔ پس جس برج میں شمس ہو اس کو زائچہ کے پہلے گھر میں رکھ کر باقی بروج آگے ترتیب سے لکھتے جائیں۔ تمام بروج لکھنے کے بعد مطلوبہ ماہ و دن سیارگان جن جن بروج میں ہوں ان کو زائچہ میں اس جگہ رکھ کر باقی زائچہ مکمل کر لیں۔ شمس ہر ماہ کس جگہ ہوتا ہے اس کو معلوم کرنے کے لئے آپ یہ جدول دیکھیں۔

جدول طالع شمسی

نمبر شمار	نام بروج	تاریخیں	حاکم ستارہ	متعلقہ حروف
1-	حمل	21مارچ تا20اپریل	مریخ	ا،ل،ع
2-	ثور	21اپریل تا21 مئی	زہرہ	ب،و
3-	جواز	22 مئی تا21جون	عطارد	ق،ک
4-	سرطان	22جون تا23جولائی	قمر	ح،ہ
5-	اسد	24جولائی تا23اگست	شمس	م،ث
6-	سنبلہ	24اگست تا23 ستمبر	عطارد	پ،غ
7-	میزان	24 ستمبر تا23اکتوبر	زہرہ	ر،ت،ط
8-	عقرب	24اکتوبر تا22نومبر	مریخ	ن،ی
9-	قوس	23نومبر تا22دسمبر	مشتری	ف

نمبر شمار	نام بروج	تاریخیں	حاکم ستارہ	متعلقہ حروف
10-	جدی	23دسمبر تا20جنوری	زحل	ج،ک،گ،ز،ذ،خ،ظ
11-	دلو	21جنوری تا19فروری	زحل	س،ش،ص،ث
12-	حوت	20فروری تا20مارچ	مشتری	د،چ

مثال:

فرض کریں کسی کی پیدائش 20 ستمبر 2013 دوپہر 4 بجکر 17 منٹ ہے اور شہر پیدائش راولپنڈی ہے تو آپ جدول سے دیکھیں کہ 20 ستمبر کے آگے کون سا برج ہے جدول دیکھیں تو 24 اگست سے لیکر 23 ستمبر تک شمس برج سنبلہ میں رہے گا۔ اس لئے برج سنبلہ کو طالع میں رکھ کر باقی بروج ترتیب سے لکھ لیں۔ اب کسی رواں سال کی جنتری یا تقویم سیارگان میں دیکھ کر 20 ستمبر 2013ء راولپنڈی شہر میں سیارگان جن جن بروج میں ہوں ان کو زائچہ میں لکھ کر اپنا زائچہ مکمل کر لیں۔ (ادارہ ہذا سے بھی تقویم سیارگان سن 0001ء سے لیکر 9999ء تک کسی بھی سال کی دستیاب ہے۔)

وقتی طالع:

زائچہ پیدائش اور زائچہ وقت سوال کا طالع معلوم کرنے کا طریقہ ایک ہی ہے شمسی طالع میں جس برج میں شمس ہوتا ہے اس برج کو طالع مان کر زائچہ بنایا جاتا ہے جبکہ پیدائشی یا وقتی زائچہ میں مطلوبہ وقت کے جس وقت سوال کیا جائے اس وقت کا زائچہ بنایا جاتا ہے۔ اس کے معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مثلاً 20 ستمبر 2013ء دوپہر 4 بجکر 17 منٹ پر راولپنڈی میں کسی کا وقتی زائچہ بنانا ہے تو آپ سب سے پہلے 20 ستمبر کا کوکبی وقت جدول سے معلوم کیا دیکھا تو 23:52 لکھا ہوا پایا اس میں ہم نے اپنا مطلوبہ وقت جمع کیا تو

کوکبی وقت:	23:52
مطلوبہ وقت:	16:17
	40:09

ہمارا حاصل کردہ کوکبی وقت 24 سے زیادہ ہے اس لئے اس میں سے 24 نفی کیئے تو باقی کوکبی وقت

کوکبی وقت: 40:09

نفی کیئے: 24:00

باقی 16:09

اب اس حاصل کردہ کوکبی وقت کو" نقشہ طالع معلوم کرنا'' میں دیکھا تو ہمیں 16:08 سے لیکر 16:12 تک برج دلو 20 درجہ ملا ہے پس ہمارے مطلوبہ وقت پر عین برج دلو کا طلوع ہے۔ آپ برج دلو کو پہلے خانہ میں رکھ کر باقی بروج کو ترتیب سے لکھتے جائیں اور اس میں سیارگان بھر کر زائچہ مکمل کریں۔

دائمی جدول کوکبی وقت معلوم کرنا

تاریخ	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون
1	6:39	8:41	10:31	12:34	14:32	16:38
2	6:43	8:45	10:35	12:38	14:36	16:42
3	6:47	8:49	10:39	12:42	14:40	16:46
4	6:51	8:53	10:43	12:46	14:44	16:53
5	6:55	8:57	10:47	12:49	14:48	16:57
6	6:59	9:1	10:51	12:53	14:52	16:59
7	7:3	9:5	10:55	12:57	14:56	17:1
8	7:6	9:9	10:59	13:1	15:0	17:5
9	7:10	9:13	11:3	13:5	15:4	17:9
10	7:14	9:17	11:7	13:9	15:7	17:13
11	7:18	9:21	11:11	13:13	15:11	17:17
12	7:22	9:24	11:15	13:17	15:15	17:21
13	7:26	9:28	11:19	13:21	15:19	17:25
14	7:30	9:32	11:23	13:25	15:23	17:29
15	7:34	9:36	11:27	13:29	15:27	17:33
16	7:38	9:40	11:31	13:33	15:31	17:37
17	7:42	9:40	11:35	13:37	15:35	17:41
18	7:46	9:48	11:38	13:41	15:39	17:45
19	7:50	9:52	11:42	13:45	15:43	17:49
20	7:54	9:56	11:46	13:49	15:47	17:53
21	7:58	10:00	11:50	13:53	15:51	17:57
22	8:2	10:4	11:54	13:56	15:55	18:0
23	8:6	10:8	11:58	14:00	15:59	18:4
24	8:10	10:12	12:2	14:4	16:3	18:8
25	8:13	10:16	12:6	14:8	16:7	18:12
26	8:26	10:20	12:10	14:12	16:11	18:16
27	8:21	10:24	12:14	14:16	16:14	18:20
28	8:25	10:28	12:18	14:20	16:18	18:24
29	8:29	x x	12:22	14:24	16:22	18:28
30	8:33	x x	12:26	14:28	16:26	18:32
31	8:37	x x	12:30	x x	16:30	x x

دائمی جدول کوکبی وقت معلوم کرنا

تاریخ	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
1	18:32	20:35	22:37	00:35	2:37	4:36
2	18:36	20:39	22:41	00:39	2:41	4:40
3	18:40	20:43	22:45	00:43	2:45	4:44
4	18:44	20:47	22:49	00:47	2:49	4:48
5	18:48	20:50	22:53	00:51	2:53	4:52
6	18:52	20:54	22:57	00:53	2:57	4:55
7	18:56	20:58	23:1	00:59	3:1	4:59
8	19:00	21:2	23:5	1:3	3:5	5:3
9	19:4	21:6	23:8	1:7	3:9	5:7
10	19:8	21:10	23:12	1:11	3:13	5:1
11	19:12	21;14	23:16	1:15	3:17	5:15
12	19:16	21:18	23:20	1:19	3:21	5:19
13	19:20	21:22	23:24	1:22	3:25	5:23
14	19:24	21:26	23:28	1:26	3:29	5:27
15	19:28	21:30	23:32	1:30	3:33	5:31
16	19:32	21:34	23:36	1:34	3:37	5:35
17	19:36	21:38	23:40	1:38	3:40	5:39
18	19:39	21:42	23:44	1:42	3:44	5:43

19	19:43	21:46	23:48	1:46	3:48	5:47
20	19:47	21:50	23:52	1:50	3:52	5:51
21	19:51	21:54	23:56	1:54	3:56	5:55
22	19:55	21:57	00:00	1:58	4:00	5:58
23	19:59	22:1	00:4	2:2	4:4	6:2
24	20:3	22:5	00:8	2:2	4:8	6:6
25	20:7	22:9	00:12	2:10	4:12	6:10
26	20:11	22:13	00:15	2:14	4:16	6:14
27	20:15	22:17	00:19	2:18	4:20	6:18
28	20:19	22:21	00:23	2:22	4:24	6:22
29	20:23	22:25	00:37	2:26	4:28	6:26
30	20:27	22:29	00:31	2:30	4:32	6:30
31	20:31	22:33	x x	2:33	x x	6:34

نقشہ طالع معلوم کرنا

مطلوبہ وقت		طالع		مطلوبہ وقت		طالع		مطلوبہ وقت		طالع		مطلوبہ وقت		طالع	
گھنٹہ	منٹ	برج	درجہ	گھنٹہ	منٹ	برج	درجہ	گھنٹہ	منٹ	برج	درجہ	گھنٹہ	منٹ	برج	درجہ
0	0	سرطان	13	6	21	=	4	12	33	=	23	19	0	=	23
0	4	=	14	6	26	=	5	12	36	=	24	19	5	=	23
0	7	=	15	6	30	=	6	12	44	=	25	19	9	=	25
0	11	=	16	6	34	=	7	12	47	=	26	19	13	=	26
0	15	=	17	6	39	=	8	12	51	=	27	19	18	=	28
0	18	=	17	6	43	=	9	12	55	=	28	19	24	=	29
0	22	=	18	6	52	=	11	12	58	=	29	19	26	ثور	0

2	=	30	19	0	جدی	2	13	12	=	56	6	19	=	26	0
4	=	35	19	1	=	6	13	13	=	0	7	20	=	30	0
5	=	39	19	2	=	10	13	13	=	5	7	20	=	33	0
7	=	43	19	3	=	13	13	14	=	9	7	21	=	36	0
8	=	47	19	4	=	17	13	15	=	13	7	23	=	44	0
9	=	52	19	5	=	21	13	16	=	18	7	24	=	47	0
11	=	56	19	6	=	25	13	17	=	22	7	24	=	51	0
12	=	0	20	7	=	28	13	18	=	26	7	25	=	55	0
13	=	4	20	7	=	36	13	19	=	30	7	26	=	58	0
15	=	8	20	8	=	36	13	20	=	35	7	27	=	2	1
16	=	12	20	9	=	40	13	21	=	39	7	28	=	6	1
17	=	17	20	10	=	44	13	22	=	43	7	28	=	12	1
19	=	21	20	11	=	47	13	23	=	47	7	29	=	13	1
20	=	25	20	12	=	51	13	23	=	53	7	0	اسد	17	1
21	=	29	20	13	=	55	13	24	=	56	7	1	=	21	1
22	=	33	20	14	=	59	13	25	=	0	8	1	=	25	1
23	=	37	20	15	=	3	14	26	=	4	8	2	=	29	1
24	=	41	20	16	=	6	14	27	=	8	8	3	=	34	1
25	=	45	20	17	=	10	14	28	=	12	8	4	=	36	1
27	=	49	20	18	=	14	14	29	=	17	8	5	=	40	1
28	=	53	20	19	=	18	14	0	عقرب	21	8	5	=	44	1
29	=	57	20	20	=	22	14	1	=	25	8	6	=	47	1
0	جوزا	1	21	21	=	26	14	1	=	29	8	7	=	51	1
1	=	5	21	22	=	30	14	2	=	33	8	8	=	55	1
3	=	9	21	23	=	34	14	3	=	37	8	9	=	59	1
3	=	9	21	[illegible]	=	38	14	4	=	41	8	9	=	2	2
4	=	13	21	25	=	42	14	5	=	45	8	10	=	6	2
5	=	17	21	26	=	46	14	6	=	49	8	11	=	10	2

6	=	21	21	27	=	50	14	7	=	53	8	12	=	14	2
7	=	25	21	27	=	50	14	7	=	57	8	13	=	18	2
8	=	29	21	28	=	54	14	8	=	1	9	13	=	22	2
9	=	34	21	29	=	58	14	9	=	5	9	14	=	26	2
10	=	37	21	0	دلو	2	15	10	=	6	9	15	=	30	2
11	=	41	21	1	=	11	15	11	=	7	9	16	=	34	2
12	=	45	21	2	=	14	15	12	=	13	9	17	=	38	2
13	=	49	21	3	=	14	15	12	=	17	9	17	=	42	2
15	=	56	21	4	=	18	15	13	=	21	9	18	=	46	2
16	=	0	22	6	=	23	15	14	=	25	9	19	=	50	2
17	=	4	22	7	=	29	15	15	=	29	9	19	=	50	2
18	=	8	22	8	=	30	15	16	=	33	9	20	=	54	2
19	=	12	22	9	=	38	15	16	=	37	9	21	=	58	2
20	=	16	22	10	=	44	15	17	=	41	9	22	=	2	3
21	=	19	22	13	=	47	15	18	=	45	9	23	=	6	3
22	=	23	22	14	=	51	15	18	=	49	9	23	=	10	3
23	=	27	22	16	=	55	15	20	=	56	9	24	=	14	3
23	=	31	22	17	=	59	15	20	=	0	10	25	=	18	3
24	=	34	22	18	=	3	16	21	=	4	10	26	=	22	3
25	=	38	22	20	=	8	16	22	=	8	10	27	=	26	3
26	=	42	22	21	=	12	16	23	=	12	10	28	=	30	3
27	=	46	22	22	=	16	16	24	=	16	10	29	=	38	3
28	=	49	22	24	=	20	16	24	=	19	10	0	سنبلہ	42	3
29	=	53	22	25	=	24	16	25	=	23	10	1	=	47	3
29	=	57	22	27	=	29	16	26	=	27	10	2	=	51	3
0	سرطان	1	23	28	=	33	16	27	=	31	10	3	=	55	3
1	=	4	23	0	حوت	37	16	28	=	34	10	4	=	59	3
3	=	8	23	1	=	41	16	29	=	38	10	5	=	3	4

3	=	12	23	2	=	46	16	29	=	42	10	6	=	8	4
4	=	15	23	3	=	50	16	0	قوس	46	10	6	=	12	4
4	[illegible]	19	23	5	=	55	16	1	=	49	10	7	=	16	4
5	=	23	23	6	=	59	16	2	=	53	10	8	=	20	4
6	=	26	23	7	=	3	17	2	=	57	10	9	=	24	4
7	=	30	23	9	=	7	17	3	=	1	11	10	=	29	4
8	=	34	23	11	=	12	17	4	=	4	11	11	=	33	4
9	=	37	23	12	=	16	17	5	=	8	11	12	=	37	4
9	=	42	23	13	=	20	17	5	=	12	11	13	=	41	4
10	=	45	23	15	=	25	17	6	=	15	11	14	=	46	4
11	=	49	23	17	=	29	17	7	=	19	11	15	=	50	4
12	=	52	23	18	=	33	17	8	=	23	11	16	=	54	4
13	=	56	23	20	=	38	17	9	=	26	11	16	=	59	4
13	=	0	24	21	=	43	17	9	=	27	11	17	=	3	5
				23	=	46	17	10	=	34	11	18	=	7	5
				25	=	51	17	11	=	37	11	19	=	11	5
				26	=	55	17	12	=	41	11	20	=	16	5
				28	=	0	18	13	=	45	11	22	=	20	5
				0	حمل	0	18	13	=	49	11	23	=	25	5
				1	=	4	18	14	=	52	11	23	=	29	5
				2	=	8	18	15	=	56	11	24	=	33	5
				4	=	13	18	16	=	0	12	25	=	38	5
				6	=	17	18	16	=	0	12	26	=	42	5
				8	=	21	18	17	=	3	12	27	=	46	5
				9	=	26	18	17	=	7	12	28	=	51	5
				10	=	30	18	18	=	11	12	29	=	55	5
				12	=	34	18	19	=	14	12	0	میزان	0	6
				14	=	39	18	20	=	18	12	0	=	4	6

				16	=	43	18	20	=	23	12	1	=	8	6
				18	=	52	18	21	=	25	12	2	=	13	6
				22	=	56	18	22	=	29	12	3	=	17	6

طالع وقت معلوم کرنے صدری طریقہ

اب آخر میں، میں طالع وقت معلوم کرنے کا ایسا طریقہ پیش کر رہا ہوں جو آج تک آپ کی نظروں سے نہ گزرا ہوگا اور میرا دعویٰ ہے کہ آپ کو اس لئے پہلے کسی بھی کتاب میں نہ ملا ہوگا۔ اس طریقہ میں آپ اپنا مطلوبہ وقت دیکھا اور اس جدول میں مطلوبہ ماہ کے آگے مطلوبہ تاریخ اور مطلوبہ وقت کے آگے طالع کو دیکھ کر زائچہ میں بروج کو بھر لیں کسی بھی جمع تفریق کی ضرورت نہیں ہے۔ راولپنڈی کے علاوہ باقی شہروں والے اس وقت میں اپنا تفاوت وقت جمع یا تفریق کر لیں باقی مزید کسی چیز کی ضرورت نہیں ہے۔

یہ طریقہ میں عرصہ سے استعمال کرتا آرہا ہوں اور اب بھی روزمرہ یہی طریقہ استعمال کر رہا ہوں دل تو نہیں چاہتا تھا کہ اس کو عام کروں مگر جہاں باقی نایاب چیزیں مخلوق خدا اور شائقین نجوم کے سامنے رکھ دی ہیں تو پھر اس کو چھپانا بھی مناسب نہیں ہے۔ یہ جدول آپ کو دنیا کی کسی کتاب میں نہ ملے گی، لیجئے جدول ملاحظہ کریں اور بغیر کسی پریشانی اور حساب کتاب کے طالع وقت معلوم کر لیں۔

مثال 1:

4 ستمبر 2013ء بوقت 10 بجکر 15 منٹ صبح کا وقتی زائچہ بنانا ہے تو جدول میں دیکھا تو ماہ ستمبر میں 4 تاریخ کے آگے صبح 9 بجکر 36 منٹ 30 سیکنڈ سے لے کر دوپہر 12 بجکر ایک منٹ اور 11 سیکنڈ تک طالع وقت برج عقرب لکھا ہوا ہے پس ہمارے مطلوبہ وقت کا طالع عقرب ہے۔

مثال2:

15 فروری 2013ء شام 6 بجکر 30 منٹ پر وقتی طالع معلوم کرنے کے لئے جدول میں دیکھا تو 5 بجکر 34 منٹ اور 11 سیکنڈ سے لیکر 7 بجکر 8 منٹ اور 7 سیکنڈ تک طالع وقت برج دلو لکھا ہوا ہے۔ پس ہمارے مطلوبہ وقت ساڑھے چھے کا طالع وقت برج دلو ہے۔

مثال3:

2 ستمبر 2012ء بوقت صبح 3 بجکر 45 منٹ کا طالع وقت معلوم کرنے کے لئے جدول میں دیکھا تو معلوم ہوا کہ 2 نومبر 2012ء بوقت صبح 3 بجکر 21 منٹ اور 20 سیکنڈ سے لیکر 5 بجکر 43 منٹ اور 35 سیکنڈ تک طالع وقت میزان ہے۔ پس میزان کو طالع میں رکھ کر زائچہ مکمل کرلیں۔ آپ نے دیکھا بغیر کسی جمع تفریق کے کتنی آسانی کے ساتھ طالع وقت معلوم کیا جاسکتا ہے۔ اب جدول ملاحظہ کریں۔

مختلف شہروں کا طول بلد عرض بلد

نام شہر	طول بلد	عرض بلد	فرق
اسلام آباد	73 10	33 42	7 منٹ
ایبٹ آباد	73 15	34 9	7
اوکاڑہ	73 30	30 50	6
بنوں	70 36	33 0	17
بدین	68 54	24 39	24
بہاول پور	71 47	28 24	12
پشاور	71 34	34 1	13
پسرور	74 42	33 16	25
ٹیکسلا	72 50	33 4	8

نام شہر	طول بلد	عرض بلد	فرق
جیکب آباد	68 29	28 17	26
جہلم	73 47	32 45	4
جھنگ	72 32	31 26	10
چکوال	72 54	32 56	8
حیدرآباد	68 21	25 25	26
حسن ابدال	72 45	33 48	9
خانپور	70 40	28 30	17
خوشاب	72 24	32 18	10
ڈیرہ اسماعیل خان	70 56	31 51	16
ڈیرہ غازی خان	70 49	30 4	16
راولپنڈی	73 4	33 46	7
ساہیوال	72 22	31 58	10
سیالکوٹ	74 36	32 31	10
سرگودھا	72 40	32 2	9
سکھر	68 53	27 43	24
سوات	72 35	35 0	9
شیخوپورہ	74 0	31 30	4
کوئٹہ	67 2	30 12	31
کوہاٹ	71 20	33 36	14
کراچی	67 1	24 51	31
گوجرخان	73 20	33 16	6
گجرات	74 5	32 36	3
گوجرانوالہ	74 4	32 10	3

قصور	74	31	31	7	1
لاہور	74	18	31	35	2
فیصل آباد	73	5	31	44	7
میانوالی	71	32	32	35	4
ملتان	71	28	30	12	14
مانسہرہ	73	15	34	20	7
مردان	72	3	34	10	11
مری	72	3	33	55	6
نوشہرہ	72	2	24	0	11
نواب شاہ	68	28	26	8	26

طلوع وغروب کے اوقات

بارہ گھروں کی منسوبات

زائچہ کا پہلا گھر : بیت الطالع

زائچہ کے پہلے گھر کا تعلق صحت حالات، ذہن، جسم کی بناوٹ، ظاہری و باطنی حواس، حافظہ، خوشی غمی، نفع ونقصان، شہرت، عمر، ذات، سکھ، دکھ، حکیم، ڈاکٹر، روحانیت، محنت وکوشش، گھریلو آرام، اقبال، خواہشات، جذبات، نیک نامی، خوف خدا، رانج وراحت، بلندی و بزرگی، نیک و بد، شہرت، عمر، جسمانی وذہنی قوت۔

سیاسی منسوبات:

زائچہ کا پہلا گھر سیاسی طور پر عام ملکی حالات، وزیر داخلہ اور اس کے ماتحت محکمے لیڈر شپ، عوام کی صحت، قومی مہم، قومی خوشحالی، ترقی، پارلیمنٹ کے حالات اور داخلی امور وغیرہ دیکھے جاتے ہیں۔

زائچہ کا دوسرا گھر : بیت المال

زائچہ کے دوسرے گھر سے خرید وفروخت، مال ودولت، زیورات، نفع ونقصان، آمدنی، معشوق یا پارٹنر کی موت، مالی وسعت، مال جمع کرنا، اپنی ذات پر خرچ کرنا، خدا پرستی، دائیں آنکھ، جائیداد، دھات، جواہرات، خویش واقارب، عزیز، خاندان ورشتہ دار، تعلیم، علم، جائیداد، شاعری، طاقت، شجاعت، سخاوت، قانون چارہ گوئی، سونگھنے کی قوت، نقل وحرکت، غائب کی آمد، امیر غریبی، سخاوت، وصیت۔

سیاسی منسوبات:

زائچہ کا دوسرا گھر سیاسی طور پر سماج دشمن عناصر، وزیر مالیات، فوجی افسران تمام مالی امور کے محکمے ملک وقوم کی ترقی، ملکی نیک وبد حالات، ملکی حالات، خارجی تعلقات۔

زائچہ کا تیسرا گھر : بیت الاقرباء

تیسرے گھر سے نزدیکی رشتہ دار، نزدیکی سفر، تعلیم، دستاویزات، افواہیں، خط وکتابت، ٹیلی فون کال،

نقل و حرکت، جانشین، معمولی درجہ کے دوست، ہمت، جرات، محنت، غور و غوض، مادری زبان، عمر، تحریرات، قرضہ خبر، اخبار، بھائی، نوکر، ملاقات، مذہب، فتوحات، علم موسیقی، خرید و فروخت عیاشی، دلیری، ہر قسم کی تبدیلیاں، بھائی کی اولاد، سانس کی نالیاں، قاصد، فرقہ بندی، ہمسایہ کی ذہانت، سواری۔

سیاسی منسوبات:

ملکی ترقی، سرکاری اخبارات، بیانات، عالمی مسائل، ریلوے، سڑکیں، پوسٹ آفس، ریڈیو، ٹیلی ویژن، ٹرانپورٹ، ہمسایہ ممالک، سکول، کالج اور تعلیمی ادارے، پروپیگنڈہ، حکومت کے معاہدات، قومی پریس، جہاز رانی۔

زائچہ کا چوتھا گھر : بیت الارض

چوتھے گھر سے مکان، جائیداد، زمین، باغات، خرید و فروخت، وراثت، والدین کی موت، زمین میں دفن اشیاء، ادویات، قصبہ، شہر، کھانے پینے کی اشیاء، بڑھاپہ، پیدائش کا مقام، خزانہ، گھریلو حالات، ہر معاملے کا نتیجہ، حالت موت، تعلیم، جسمانی عارضہ قلب، پھیپھڑے، چوپائے، فتوحات، خیروشر، گاڑیاں، میدان، قبضہ۔

سیاسی حالات:

زراعت، حب الوطنی، نسلی امتیاز، وزیر بحالیات، سرمایہ کاری، ملکی پیداوار، حزب اختلاف، عام لوگ، ملکی سرحد، معدنی اشیاء، زمینداری، ملکی تعمیر، آباد کاری، جنگی ملکی معاملات و حالات، ملک و املاک کے حالات۔

زائچہ کا پانچ گھر : بیت الاولاد

زائچہ کے پانچویں گھر سے علم و ہنر، عقل، اولاد، عشق و محبت، لاٹری، پرائز بانڈ، برادران، ہمشیرگان، مستقبل کے حالات، راگ رنگ، جواء قمار بازی، ضد، تحائف، معمہ بازی، شرائط، چلہ کشی، جادو منتر، تعویزات، مصلحت، نیک و بد، تصنیف، شاعری، خوشی، عیش، علم، شاگرد، قوت تخلیق، کریکٹر،

تفریح، نشہ آور اشیاء، قسمت، ایمانداری، تفریحات، وصیت، شہوت پرستی، آگ کا خوف، عقل و فہم، اسپورٹ، موسیقی، قوت برداشت، اخراجات، منشائے حکام، ہر قسم کا لین دین۔

سیاسی حالات:

سفارت خانے، عالمی بازار حصص، افواہیں، شرح خواندگی، جرائم، نتیجہ امتحان، سفیر، سینما، تھیٹر، تفریحات، کھیل تماشے، معاشرتی معاملات، حکمرانوں کی ذہانت، سوسائٹی۔

زائچہ کا چھٹا گھر : بیت المرض

اس گھر سے مرضی، خوف و غم، آزاد جسم، تکلیف، پانی کا خوف، عملیات و سحر و جادو، کرایہ دار، نیکی برائی، سزا و قید، ملازمین، زہریلے جانور، چوری، حالتِ نزع، رخنہ اندازی، غم، نوکر، ماتحت، زخم، فساد برادری، رنج و غم، بیمار کی حالت، آگ سے خوف، خوراک، عادات، مالی معاملات، مقدمات، زوجہ کا حال، سزا، ظاہرانہ دشمن، خوف دشمن اسلحہ و دیگر ہتھیار، بیوی کے اخراجات، محنت مزدوری، پوشیدہ امراض، ملامت، تہمت، افعال نہی، ذمہ داریاں، امراض چشم کی تکلیف۔

سیاسی حالات:

ملکی قرضے، حکمران کی بیماری، افواج، کہسان، سول سروس، پولیس، فیکٹریاں، صحت عامہ، ملکی غذائی حالت، قبضہ دبائیں، دفاعی محکمے، جنگی قیدی۔

زائچہ کا ساتواں گھر : بیت الازواج

زائچہ کے ساتواں گھر سے شادی بیاہ، زوجہ، شریک کاروبار، شراکت بیوپار، سوداگری و تجارت، سراغ و دشمنان، حالات اولاد برادر، حالات چور، ٹھیکہ جات تبادلے، مارکیٹ کا اتار چڑھاؤ، جائیداد کا حصول، جرمانہ، مقابل دشمن، شکار، مقدمات کے سوال میں مدعا علیہ کی حالت، ترقی و تنزلی، مباشرت، مخالفین، تنازعات، نیکی و بدی، محنت و کوشش، شہرت، عزت، عنایات شاہی، سوچ و غور، بردباری، ادھیڑ عمری، منجم، انجام دعوٰی، ضاہری دشمن، عام خلقت، مریض کا حال، معاہدات، بحث و مباحثہ، میدان جدال و قتال، قمار بازی، سفر میانہ، قرض خواہ، چور کی شکل، ضمانت، غائب کے حالات

شکار۔

سیاسی حالات:

امور خارجہ، بین الاقوامی، معاہدات، مارکیٹ کا اتار چڑھاؤ، وزیر خارجہ اور اس کے محکمے، بیرونی ممالک کے ساتھ تعلقات، جنگ و جدل، شرح اموات، اخلاقی بے راہ روی، صحت نسواں، دشمن ممالک اور ان کے حالات مقابلہ دشمن اور اس کا انجام۔

زائچہ کا آٹھواں گھر : بیت الخوف

زائچہ کا آٹھواں گھر ترکہ، میراث، شریک کار یا شریک زندگی کے مال کے متعلق ھے، موت، بیماری، عمر، مقابلہ دشمن، فتح یابی، خواہشات، وصیت، قرض لینے والا، سمندری سفر، امراض، خزانہ، بیماری، جہیز نسوانی، رہائی محبوس، چوری، حلیہ چور، قتل، دشمنی، جھگڑے، فتنہ وفساد، لڑائی، زوجہ کا خانہ مال، خودکشی، روحانی قوت، شہرت جو مرنے کے بعد ملے، تبدیلیاں، خطرات، وضع حمل، قحط، لوٹ مار، پیشاب گاہ، وجہ موت، وصیت، سفر سے تکلیف، زہر، گداگری محتاجی، مالی خزانہ، دفینہ، دشمن کے گھریلو حالات۔

سیاسی حالات:

زلزلے، طوفان، آندھیاں، سیلاب، کسی بڑے لیڈر کی موت، درآمد و برآمد میں نقصانات، عوامی فرائض، موسیقی، آرٹ، لٹریچر، عوامی اخلاق، شرح اموات، قلعہ یا دریا عبور کرنا۔

زائچہ کا نواں گھر : بیت السفر

اس گھر سے علم، بیرونی ملک سفر، تعلیمی سفر، غیر ملکوں سے مفاہمہ حج و زیارت، طویل المدت سکیمیں، خیراتی کام، عمارت بنوانا، حوض، تالاب، ترقی، عمارت، انعام، خوش قسمتی، مذہب، غیب بینی، سخاوت، نیکی بدی، سخاوت، ریاضت، عبادت، پیشن گوئی، پیر استاد، عزت، شہرت، ہوا بازی، دوسری بیوی، عزت و ناموس، زکوۃ، صدقات، الہام، غیب بینی، تصانیف، اعلیٰ تعلیم، انشورنس، کرایہ دار، غیر ملکی اشاعت، تعبیر خواب، قانونی معاملات، عشق الٰہی، عبادت و ریاضت، خواب، مذہبی تعلیم،

فلسفہ، مقدس مقامات، غیر ملکی کھیل، غیر ملکی شہرت، سائنس، نکاح، عجائبات، خوش مزاجی، جائیداد، رفاہی کام، اثر ورسوخ، تعمیرات، مدرسہ، نکاح کا خطبہ، چلہ کشی، زکوۃ، روحانی ترقی، رُوحانیت، نشر و اشاعت، اعتقاد، کار ثواب، سچ یا جھوٹ۔

سیاسی حالات:

انشورنس، نشر و اشاعت، جماعت علماء، جائیداد، آثار قدیمہ، پاسپورٹ، ویزہ، کسٹم آفس، ملکی مذہبی امور، سائنس، ایجادیں، طیارہ سازی، غیر ملکی کرنسی، مذہبی کتب۔

زائچہ کا دسواں گھر : بیت العزت

دسویں گھر سے عزت، اعتماد شہرت وقار، جاہ منزلت، روزگار، ملازمت، والدین خصوصاً باپ، کیریئر، پیشہ، پیر استاد، صدر، جج، کاروبار، روزگار، نوکری، آرٹ، سائنس، خطابات، رشوت، انعامات، حکیم، ڈاکٹر، ملازمت، مقبولیت، مذہبی مقامات، غیر ملکی سفر سے نفع، مجسٹریٹ، افسران، باعزت افراد، لباس، ڈاکٹر و حکیم، عالم شباب، دوکان، اخلاق و رعب، سوسائٹی، حکام کی نظروں میں عزت، بزرگی، ترقی و تنزلی، بلندی مراتب، آسمانی زلزلہ، حالات بارش، آغاز مقدمہ، دلیری، تبدیلی مکان، مذہبی اعمال، زرعی اعمال، زرعی وغیر منقولہ مکانات، آندھی، حالات سماوی، بیماری زندگی و موت، چور کا مال لے جانا، نکتہ چینی، آسمانی حالات، مقدمہ، خاندانی پس منظر، احوال خاص و عام، ذرائع آمدن، رشوت، پیر استاد، اعلیٰ حکام، ہوس، اقتدار، سیاست۔

سیاسی حالات:

بادشاہ، صدر، برسر اقتدار پارٹی، وزیر اعظم، ملک وقوم کی عزت و وقار، صنعتیں، ڈگری، ملکی اثر ورسوخ، سیاسی بیداری، ضابطہ قانون، لاقانونیت، شاہانہ منصب، پارلیمنٹ، انقلابات، حکومت، احوال خاص و عال خلائق، سیاسی ہوس، مذہبی امور، مذہبی مقامات۔

زائچہ کا گیارھواں گھر : بیت الامید

زائچہ کے گیارھواں گھر سے عمرہ سعادت، نیک بختی، دولت، سواری، جائیداد، اعزاز شاہی، حرمت

حشمت، بدقسمتی، خوش قسمتی، زمین کی خرید وفروخت، راحت وآرام، بیوی کا قرض، گمشدہ چیز کا ملنا، راگ رنگ، موسیقی، حال نفع ونقصان، ذرائع آمدن، محبت، رشوت، مقدمات، خرچ، خواہشات، بیوی کی اولاد، والد کی جائیداد، تعلیم کا نتیجہ، غور وخوض، لباس، مذہبی رجحان، عقل وادراک، ہمسایہ، عملیات کا نتیجہ، ایڈیٹرز، سوسائٹی، افسروں کی دولت، مقدمات، عدالت، بادشاہت، سوشل تعلقات، دشمن قدیم، خرچ کرنا، وکالت، عشق ودوستی، قدیم دوست، زنا کاری، بیوی کا قرض، گمشدہ چیز کا ملنا، بایاں کان، امیدیں۔

سیاسی حالات:

قانون ساز اسمبلی، بین الاقوامی تعلقات، مرکزی وصوبائی اسمبلیاں، ہوائی جہاز، ادیب، شاعر، فنکار، موسیقار، علوم صحیفہ، جادو، نجوم، خانقاہیں، تہذیب وثقافت، اونچے افراد، الیکٹریکل اشیاء، صحافی، میگنٹ۔

زائچہ کا بارہواں گھر: بیت الخوف

اس گھر سے خفیہ دشمن، بیماری، قرض، محنت ومشقت، خرید وفروخت، غیرت، افلاس، سوشل امداد، جلاوطنی، خودکشی، جانوروں کی خرید وفروخت، شریک حیات کی بیماری، موت، غداری، نقل وحرکت، مذہبی رسومات، نقصانات، خوراک، عشق، سزائے سرکاری، قید وبند، خفیہ دشمن، قتل کرنا، بھاگنے والے بچے، باپ کے رشتہ دار، بدنامی، حسد، چور، ڈاکو، اخراجات، جذباتی معاملات، مجبوریاں، گناہ کی سزا، قربانی، دوسروں پر جان نثار کرنا، غم، نحوست سیارگان، تنہائی، حملہ کرنا، ہسپتال، قرض خواہ، خدمت، رکاوٹ، بدبختی، جلاوطنی، بدنامی، مالی نقصان، مزاحمت کرنا، غربت وافلاس، خلوت، رازداری، سوشل امداد، بچوں کی موت، غداری، نمک حرامی، شادی کی مسرتیں، بائیں آنکھ، غیر ممالک میں ملازمتیں، نقصانِ زر، خوراک، قرض دینے والا۔

سیاسی حالات:

قید خانے، بیماری، ہنگامے، قتل وغارت گری، جہازرانی، ماہی گیری، جنگ، نقصان،

سازشیں، مخفی جرائم، پلاٹ، ہسپتال، پراسرار اور مذہبی تحریکیں، تیل، ربڑ، آپریشن، غیر ملکی سازشیں، ملکی دشمن عناصر، حادثات۔

ستاروں کی خصوصیات

شمس:

صاحب اقتدار لوگ، قیمتی جواہرات، محبت، ذاتی کردار، عزت وقار، مردوں سے تعلقات، وفادار دوست، تھوک تجارت، موٹے کاروبار، سونا چاندی، ہر قسم کے امراء حکام، قدر شناسی، وفاداری، محبت، کامیابی، شدت پسندی، خودغرضی، لالچی، غیر میدار، بے چین، فراخ دلی، فیاض، عیاش خود پسند، بارعب، حکمرانی، گرم خشک، کاروباری لوگ، سیاست دان، تعلقات عامہ، قیمتی پتھر، صحت و تندرستی، شہرت۔

قمر:

چھوٹے چھوٹے سفر، پرچون تجارت، پبلسٹی، نقل وحرکت، چلنا پھرنا، نزدیکی سفر، گھریلو ملازم، عورتوں سے تعلقات، گھریلو زندگی، خواتین، جواہرات، نوکرانی، ایک جگہ قائم نہ رہنا، بلغمی مزاج، جلد تبدیل ہو جانا، مہمان نواز، صاف گوئی، پاکیزگی، شفقت، کم عقل، بدسلیقہ، غیر ذمہ دار تبدیلیاں، نشر و اشاعت، رومان، قول وعدہ، رئیس اور امراء سے تعلقات۔

عطارد:

تعلیم ہائی سکول، نشر واشاعت، خطوط، گفتگو، تحریر وتقریر، مقرر، ذہانت، علم وعقل، فہم وتدارک، روحانی ترقی، پریس، افواہیں، ذرائع آمد ورفت، ماہرین، دستاویزات، ٹیلیفون پر بات چیت، کتب خانہ، صنعت وحرفت، پیامبر، شراکت، کاروبار، تجارت، ترقی، حافظہ، خام خیال، دماغی مشکلات،

روحانیت،لیاقت،ذرائع،اخبارات،کالج،امتحانات،پاس فیل،آمدنی،عزیزواقارب۔

زہرہ:

تفریح کا سامان،خوشبویات،جانور،عمدہ لباس،عمدہ لذیذ کھانے،لطف قلب،سیروتفریح،سفر،دوستی، عورتوں سے تعلقات،عشق ومحبت،سینما،ناچ گانے،تقریبات،محفل،خوبصورتی،عورتوں سے متعلق تمام اشیاء،شہرت،دولت،دنیاوی آسائش،خوش بختی،گھریلو زندگی،ازدواجی زندگی،محبت،عیاشی، شہوت پرستی،فضول خرچی،جنسی امراض،شادی،منگنی،خوشیاں،سکون،اولاد،لاٹری۔

مریخ:

فوج،پولیس،قوت،شجاعت،بہادری،حوصلہ،فتح وشکست،کارخانے،فیکٹریاں،لوہا،فولاد،زراعت، اوزارگری،موذی جانور،ہلاکت،خون،قتل وغارت گری،پوشیدہ دشمن،جادووسحر،حادثات،غلط فہمی، لڑائی جھگڑے،پستی وبلندی،عہدے،ذاتی پوزیشن،مقابلے ہار جیت،خواہشات،جوش وخروش، ہمت وحوصلہ،قاتل،تشدد،ظالم بزدلی،شکی مزاج،گرم خون،مفادات،صحت،موت،عملیات،ہتھیار، حاکم وقت،زراعت،بھائی،خفیہ دشمن۔

مشتری:

مذہب،پاکیزگی،صفائی،صفائی قلب،مذہبی معاملات،غیر ملکی سفر،غیر ملکی کھیل،قانونی معاملات، بنک سرمایہ،عبادت گاہیں،کالج،یونیورسٹی،کپڑے،جج،وکیل،صنعت وحرفت،لاٹری،اضافی دولت،لمبی عمر،عزت ووقار،عمدہ صحت،خود بین،بلیک مارکیٹ،رشوت،سرمایہ کاری،بینک،بینک، لین دین،مال ودولت،شہرت،نوکر چاکر،متقی،پرہیزگار،روحانی علوم،شاعر،مصور،نیک خیالات،

فراخ دل،خوش قسمت۔

زحل:

زراعت،زمین وجائداد،پراپرٹی،عمارت،طویل المعیاد معاہدات،سیاست،رکاوٹیں،الجھنیں، التواء،تنہا پسندی،کمرشل ایریا،لکڑی،کیچڑ،اختیارات،منصب،شہرت یا بدنامی،صحت،بہتان، تکلیف،ضمانت،مکانات کی تعمیر،باغبانی طویل عمری،بخیل،خود پسند،بداخلاق،دھوکہ،کمینہ پن،بد نصیبی،محتاجی،گندی جگہ،کند ذہن،کم عقلی،روحانی تنزلی،کمزوری،بدصورتی،کمزور جسم،سیاہ رنگت، موٹاپا۔

یورانیس:

غیر متوقع تبدیلیاں،بجلی کا کام،ریڈیو،ٹیلی ویژن،روحانی امداد،غیر معمولی خواہشات،ایجادات و اختراع،اچھی صلاحیت کا ہونا،انوکھے تجربات،شہرت،کامیابی،مالی امور،قسمت،عقیدہ،اتفاقی واقعات،ضد،دریافت۔

نیپچون:

دھوکہ،دغا،سازش،ہڑتال،پروپیگنڈہ،اعتقادات،تیل وگیس،پٹرول،قید خانہ،احمق،آبدوز، سمندر،روحانی علوم،تجارت،فضول خرچی،شرابی،کمزور اخلاق،اعتقاد اوباش،معذور محتاج،رومان پسند،مذہبی خیالات،غیر ذمہ دار،غلط فیصلہ،بددیانت،چور،پریشانی،افراتفری،کمزور صحت،احمقانہ حرکات،قید وبند،سازشیں۔

پلوٹو:

ماہر سرغنہ، مخبر، انقلاب، قانون شکن، خفیہ محکمہ، کھوئی ہوئی چیز، جلد باز، کاہل، سست، تعمیری مدد، خرابی کے بعد بہتری، غیر قانونی رسم ورواج، خوشامد، غور وفکر، پرانا نظام، تبدیلیاں، جلد بازی، سوسائٹی، سراغ رساں، خراب حالات، خرابی صحت، گھبراہٹ۔

ستاروں کے سعد ونحس اثرات

شمس کے سعد ونحس اثرات

ہر قسم کے امراء وحکومتی افسران، سیاست دان، عزت ووقار تعلقات، دوست احباب، قیمتی پتھروں مثلاً سونے کے بیوپاری، صحت وتندرستی، صاحب اقتدار لوگ، کاروباری لوگ، زیورات، ذاتی کردار، خود مختاری، شان وشوکت، غرور، خود غرضی، عزت ووقار، عظمت۔

سعد حالت

شمس وقتی زائچہ میں سعد ہو یا پھر کسی سعد ستارے سے سعد نظر بنائے تو ایسا شخص با اختیار پوزیشن کا مالک ہوتا ہے۔ عزت ووقار میں اضافہ کرتا ہے۔ ترقی دیتا ہے مال ودولت میں اضافہ کرتا ہے، کاروباری ترقی، عقل، دانش میں اضافہ کرتا ہے۔ دنیاوی کاموں میں کامیابی دلاتا ہے۔ عزت و مرتبہ میں اضافہ اور شہرت دلاتا ہے۔ ہر کام میں فتح اور غلبہ ہوتا ہے۔ صحت وتندرستی عطا کرتا ہے۔

نحس حالت

اگر کسی کے وقتی زائچہ میں شمس نحس حالت میں ہو یا نحس کواکب سے نحس نظرات بناتا ہو تو صاحب زائچہ کو کمزور کرتا ہے۔ پریشانی، ظلم وتشدد، لڑائی جھگڑے، فساد کی طرف مائل کرتا ہے ہر کام میں رکاوٹ وناکامی دلاتا ہے صحت کے مسائل اور لاعلاج امراض پیدا کرتا ہے۔ جلاوطنی، ظاہری نمود ونمائش کی طرف مائل کرتا ہے۔ کاروباری نقصان، ملازمت میں تنزل، عزت ووقار میں کمی، مالی نقصان، بے مروت، بدصورت، حکام کی نظر میں حقیر بناتا ہے۔

قمر کے سعد ونحس اثرات

چھوٹے چھوٹے اندرونے ملک سفر، پرچون تجارت، پبلسٹی، نقل وحرکت، عورتوں سے تعلقات، گھریلو زندگی، تبدیلیاں، نشر واشاعت۔

سعد حالت

اگر قمر زائچہ میں سعد ہو تو پبلسٹی اور شہرت میں اضافہ کرتا ہے۔ تجارت اور سفر میں فائدہ دلاتا ہے۔ آبی سفر خصوصاً بہت کامیاب رہتے ہیں۔ مائع اشیاء کی تجارت سے بہت فائدہ دیتا ہے۔ کاموں میں فائدہ مند تبدیلیاں لاتا ہے۔ رومان ومحبت میں کامیابی ہوتی ہے۔ دوستوں سے میل جول پیدا کرتا ہے۔ قول ووعدہ پر ثابت قدم رکھتا ہے گھریلو زندگی میں سکون واطمینان پیدا کرتا ہے۔ رئیس اور امراء لوگوں سے تعلقات پیدا کر کے ان سے مالی فائدہ دلاتا ہے خوبصورتی میں اضافہ کرتا ہے۔

نحس حالت

اگر زائچہ میں قمر نحس حالت میں ہو تو خیالی پلاؤ پکانے والے، فضول خرچ، آرام طلب، معدہ کے امراض، سست رو، لالچی، حاسد، بدسلیقہ، بے وفا، فکر مند، غیر مطمعین بناتا ہے۔ مایوسی، ناامیدی اور ہر کام میں رکاوٹ، پریشانی دلاتا ہے۔ چور اور راہزن لوگوں سے تعلقات پیدا کرتا ہے اور ناجائز دولت دلاتا ہے۔

عطارد کے سعد ونحس اثرات

خط کتابت، گفتگو، علم وعقل، صنعت وحرفت، تجارت، فہم وفراست، روحانیت، لیاقت، ذرائع آمدورفت، اخبارات، نشر واشاعت، سکول وکالج کی تعلیم، امتحانات، دستاویزات۔

سعد حالت

زائچہ میں سعد ہونے پر تمام طرح کے ذہنی معاملات میں کامیابی دلاتا ہے اعلیٰ تعلیم، فہم و

فراست، علم ولیاقت میں کامیابی تجارت میں ترقی، شراکتی کاروبار میں ترقی، ذہنی قوت میں اضافہ، ہوشیاری، خوش خلقی، ہرفن مولا، تیز فہم ادراک، گفتگو کا ماہر، باتونی بناتا ہے۔ ہمیشہ پاک وصاف رکھے، عزت ومرتبہ میں اضافہ کرتا ہے، غیر ممالک کا سفر کراتا ہے۔

نحس حالت

نحس حالت میں عطارد ناشائستہ کام بہت کرواتا ہے۔ عیاش طبیعت نیک وبد کی تمیز نہ رہے۔ فقیر لوگوں سے محبت رکھے سکون ختم ہوجائے۔ چغل خور بناتا ہے۔ بھائیوں سے دشمنی رکھے اولاد کا سکھ نصیب نہ ہو علم وعقل میں کمی ہو امتحانات میں ناکامی ہو کاروباری سمجھ بوجھ ختم کر دیتا ہے، کند ذہن، نکما، فحش گو بناتا ہے، ذہنی پریشانی، مذہب سے دوری، دماغی مشکلات پیدا کرتا ہے۔

زہرہ کے سعد ونحس اثرات

خوبصورتی سے متعلق ہے، جلد شادی، اولاد، عورتوں کے متعلق، عشق ومحبت، تفریح کا سامان، گانے، سینما، خوشبو، خوشیاں، سکون، روپیہ پیسہ۔

سعد حالت

زائچہ میں سعد ہو تو جلد شادی کرواتا ہے۔ اچھی گھریلو زندگی آرٹسٹ، محبت میں کامیابی، ترقی، فنکار، خوبصورت بناتا ہے۔ خوش خلق، خوش سلیقہ، خوش مزاج، خوش قسمت بناتا ہے۔ دولت مند، حکام میں عزت ومرتبہ، شاعر، کھانے پینے کی چیزوں سے رغبت کو زیادہ کرتا ہے۔

نحس حالت

اگر زائچہ میں نحس ہو تو ایسے لوگ بہت جذباتی، سست، نمود ونمائش کرنے والے، شہوت پرست، فضول خرچ، مالی نقصان، بدنام، گندہ ذہن، شوخ، مسخرہ، فضول گفتگو کرنے والا، گھریلو ازدواجی سکھ سے محروم کرتا ہے۔ جو بھی کام کرے اس میں نقصان اٹھائے، عیاش طبیعت، شرابی اور کاہل الوجود بناتا ہے۔

مریخ کے سعد ونحس اثرات

فوج، ملازمت، حاکم، بہادری، شجاعت، قوت بازو، لوہے کا کاروبار، جھگڑے، فسادات، غلط فہمی، ہتھیار، زراعت، اوزار، دشمن، فسادات، صحت، موت، جادو، عملیات، فتنہ، غیب۔

سعد حالت

سعد حالت میں صاحب زائچہ کو بہادر، نڈر، بے باک، تندرست وطاقتور، رعب، عزت، دبدبہ، شجاعت، دلیر بناتا ہے۔ فوج میں افسر یا سردار بناتا ہے۔ علم میں مہارت دلاتا ہے۔ امراء سے دوستی پیدا کراتا ہے۔ جنگ وجدل میں نام پیدا ہو طویل عمری جواں مرد ہتھیاروں کا ماہر بناتا ہے۔ عزت ووقار میں اضافہ کرتا ہے۔ سچائی پسند، غصہ ور، جنگ جو بناتا ہے۔

نحس حالت

نحس حالت میں جھگڑالو، بدزبان، کند ذہن، جسمانی صحت کمزور، کمزور دل ودماغ، فسادی، بداخلاق اور خودغرض بناتا ہے، فضول خرچی کرواتا ہے۔ بے صبرا پن، جذباتی، ظالم، جابر بے رحم، کھوٹے اور غلط کام کرواتا ہے۔ چور، زانی، فریبی، ضدی اور حاسد بناتا ہے۔

مشتری کے سعد ونحس اثرات

تمام مذہبی معاملات، درس گاہیں، غیر ملکی سفر، کھیل، قانونی معاملات، سرمایہ کاری، بینک، لین دین، مال ودولت، پبلسٹی، شہرت، عزت، صنعت وحرفت، سکول وکالج، تجارت۔

سعد حالت

زائچہ میں سعد ہونے کی صورت میں صاحب زائچہ امیر کبیر، وزراء، رئیس، صاحب عزت، حکومتی عہدہ، پاک دامن، دین دار، مذہب کا پابند، عزت ووقار، نوکر چاکر بہت ہوں۔ رعب ودبدبے والا ہو، متقی، پرہیزگار، عقلمند، خوش شکل، خوش خلق، روحانی علوم کا ماہر، شاعر، مصور، عزت ومرتبہ والا ہو، نیک خیالات والا، فراخ دل، خوش قسمت ہوگا۔

نحس حالت

زائچہ میں نحس حالت میں ہوتو مالی بدقسمتی عزت کا زوال، مذہب سے دوری، فضول خرچ، عیاش، چور، بلیک مارکیٹ چلانے والا اور ناجائز ذرائع سے دولت اکٹھی کرنے والا ہوتا ہے، غیر ممالک میں زیادہ رہے، سخت مزاج، بیمار، دکھی، احسان فراموش اور کاروباری نقصان دلاتا ہے۔

زحل کے سعد ونحس اثرات

زراعت، جائیداد، پراپرٹی، سیاست، رکاوٹیں، التواء، تنہائی، کمرشل، گندی جگہ، گندہ ذہن، کم عقلی، روحانی تنزل، جسمانی کمزوری، بدصورتی۔

سعد حالت

اگر زائچہ میں سعد ہوتو آہستہ آہستہ ترقی کی طرف لے جاتا ہے، شہرت دلاتا ہے، دولت مند، صاحب اقبال، مشہور نیک نامی، عملیات کا ماہر، دوستوں سے ہنسی مذاق، خوش مزاج، باتونی، خوش خلق، عزت ومرتبہ وبلندی، دولت کا سکھ نصیب ہو، پاکیزہ خیالات، عزیزوں اور رشتہ داروں کی طرف سے آرام ملے کاروباری ترقی، جسمانی صحت اچھی اور سفر سے فائدہ دے۔

نحس حالت

نحس حالت میں قانونی معاملات میں پیچیدگی، دباؤ، تکلیف، بیماری، حادثہ، تنہائی پسند، کم گو، فضول خرچ، بے آرام، کاروباری نقصان، بے مقصد بھاگ دوڑ، کام ہونے کے بعد ختم ہوجانا، التواء، رکاوٹیں، ناامیدی، موٹاپا، دولت کا نقصان، کم عقلی، اپنی مرضی کے بغیر دوسرے کی مرضی پر عمل درآمد کرنا، دشمنوں کا خوف آنکھوں میں نقص پیدا ہونا، کمر کی تکلیف ہونا، بھائیوں اور عزیزوں سے ناراضگی پیدا کرتا ہے۔

یورانیس کے سعد ونحس اثرات

اچانک تبدیلیاں، غیر متوقع واقعات، غیر معمولی خواہشات، دریافت، ایجادات، صلاحیت، روحانیت، ضد، قسمت، عقیدہ، اتفاقی واقعات۔

سعد حالت

اگر سعد ہوتو خود پسند اور ضدی بناتا ہے، غیر متوقع خوش قسمتی کے واقعات دلاتا ہے، اتفاق ترقی اور اتفاقی آمدنی دلاتا ہے، غیر متوقع شہرت اور صلاحیت اور عزت ومرتبہ دلاتا ہے۔

نحس حالت

مالی امور میں نقصان اور پریشانی ہوتی ہے۔ دوستوں سے مخالفت پیدا کرتا ہے، مالی حالت اچانک خراب کردیتا ہے، اتفاقی طور پر عزت ختم کردیتا ہے، بے مہری، کشیدگی پیدا کرتا ہے، بے قاعدگی اور بے صبراپن پیدا کرتا ہے۔

نپچون کے سعد ونحس اثرات

دھوکہ، فریب، سازش، ہڑتال، قیدوبند، احمقانہ حرکتیں، روحانیت، فضول خرچی، کمزوری، صحت، پریشانی، افراتفری، غیر ذمہ دارانہ پن، کم عقلی۔

سعد حالت

سعد حالت میں ملازمت میں بہت ترقی دلاتا ہے۔ تجارت میں فائدہ ہوتا ہے۔ غلط ذرائع سے آمدن میں اضافہ کرتا ہے۔ دھوکہ دہی سے دولت دلاتا ہے، روحانی ترقی میں اضافہ کرتا ہے۔

نحس حالت

یہ نحس ہوتو غمگین، فضول خرچ، شرابی، کمزور، کم عقل، پریشان، پاگل پن، کاروباری نقصان اور بیماری پیدا کرتا ہے۔

پلوٹو کے سعد ونحس اثرات

صحت کے معاملات، قانونی معاملات، خفیہ معاملات اور گم ہو جانے والی اشیا تبدیلیاں، جلد بازی، سوسائٹی، سراغ رساں۔

سعد حالت

زائچہ میں سعد ہو تو، خراب حالت کو درست کرتا ہے کھوئی ہوئی چیزیں واپس دلاتا ہے خرابی کے بعد بہتری لاتا ہے۔ تعمیرات کراتا ہے۔ اچھی تبدیلیاں اور صحت کے خراب معاملات دوبارہ سے ٹھیک کرتا ہے۔

نحس حالت

سوسائٹی سے گھبرائے، کاہلی، ست الوجود، جلد بازی، گم چیزیں واپس نہ ملیں، صحت مز خراب سے خراب تر ہوتی جائے۔

ستاروں کے 12 گھروں میں اثرات

ہر زائچہ میں کواکب مختلف گھروں میں حرکت کرتے ہیں اوران کی اس حرکات کی وجہ سے مختلف حالات و واقعات ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ پچھلے باب میں تمام کواکب کی منسوبات اوران کے سعد ونحس اثرات بیان کیے تھے اب یہاں میں کواکب کے مختلف گھروں میں واقع ہونے سے جو حالات رونما ہوتے ہیں وہ پیش کرتا ہوں۔

12 گھروں میں شمس کے اثرات

پہلے گھر میں شمس ہوتو

پہلے گھر یعنی طالع کے اندر شمس بیٹھا ہوتو ایسا شخص بیدار بخت شاہ خرچ ہوتا ہے شمس کے پہلے گھر ہونے کی وجہ سے ایسے شخص کا جسم دبلا اور مزاج میں جلد بازی ہوتی ہے۔ چھوٹی عمر میں بیماری دیکھتا ہے قوت ہاضمہ بھی اچھی نہیں ہوتی اولاد کا سکھ کم دیکھے اکثر سر درد کا شکار رہے۔ سفر کا شوقین ہو۔ ایسے شخص کو اپنے رشتہ داروں اور اولاد کی طرف سے مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا، حاسد، بے احتیاط ہو۔ مگر اعلیٰ عزائم رکھے، ہر مشکل کا سامنا آسانی سے کرے، گھریلو معاملات میں خرابی کا شکار رہے مگر مولود بہادر، پہلوان، بے خوف، فوجی، ملازم، حکمران اور مالدار ہو، نیک سیرت اور حیا آلود دماغ ہو۔

دوسرے گھر میں شمس ہوتو

ایسا آدمی عقل سے کام لینے کی بجائے معاملات کا غلط تجزیہ کرے گا۔ ہر وقت دولت کی فکر میں رہے، فضول خرچ ہوگا، غربت و مفلسی کی زندگی بسر کرے گا، لیکن اگر دوسرے گھر میں سعد حالت میں بیٹھا ہوتو دولت مند آسودہ حالت میں رہے لیکن تکبر اور غرور بہت کرے، دشمن بہت پیدا کرے، امیر لوگوں اور امیر لوگوں کی صحبت میں زیادہ رہے، دائیں آنکھ میں نقص پیدا ہو جائے گا، اکثر مصائب کا شکار رہے، اپنے نقطہ نظر پر قائم رہے، جس کی وجہ سے اپنے بھی مخالف ہو جائیں، نیک کاموں میں خرچ کرے، عورت سے دکھ ملے، لالچی ہو، روپیہ کے معاملے میں دوسروں کو دھوکہ دے۔

تیسرے گھر میں شمس ہوتو

خیالات کی پروازی سفر میں کامیابی، دل و دماغ کو خوشی ملے، قوت بدن، تندرستی، کینہ ور ہو، اپنی محنت سے روپیہ پیدا کرے اور امیر کبیر بنے، بھائیوں کی طرف سے مدد اور حوصلہ افزائی ملے، نئے نئے منصوبوں پر عمل کرے، جسمانی ساخت بہت خوبصورت ہوگی، بڑا دولت مند صاحب اقبال اور نیک نام ہو اور روپیہ پیسہ بہت خرچ کرے، بیماری سے محفوظ رہے، علم و عقل والا ہو، سکھ و آرام پائے، بہن بھائیوں سے فائدہ اٹھائے، دشمنوں پر بھاری پڑے اگر شمس نحس ہوتو تمام برعکس حالات ہوں۔

چوتھے گھر میں شمس ہوتو

زائچہ کے چوتھے گھر میں شمس ہوتو ایسا مولود خاندانی افراد سے تکلیف پائے مگر عدالتی کاموں میں کامیابی ملے۔ والدین سے تکلیف اٹھائے، دوستوں سے جھگڑا کرتا ہے، غیر عورتوں سے تعلقات کی وجہ سے ازدواجی تعلقات خراب ہوں، بھائیوں کے بارے میں غلط فہمی پیدا ہو، اولاد سے محروم رہے، زمین و جائیداد کے جھگڑے ہوں، فضول مقاصد کے لیے بھاگ دوڑ کرے، اپنے خاندان کا مخالف ہو، حکام سے ناموافقت پیدا ہو، علم موسیقی میں شوق و رغبت بہت رکھے، لڑائی جھگڑے میں بہادر ہو خوش حال اور آسودہ ہو دشمن بہت ہوں۔

پانچویں گھر میں شمس ہوتو

ایسا شخص جوئے اور لاٹری میں دلچسپی لے اور اس میں کامیابی بھی ہو لیکن اولاد کی طرف سے فکر مند رہے، عقل مند اور ذہین ہو، اولاد کم ہو یا اولاد نافرمان ہو، سحر و جادو میں دلچسپی رکھے، فریب سے بھی دولت اکٹھی کرے، غیر عورت کی طرف رغبت رکھے، غصہ ور اور بد باطن ہو، عمر اوسط ہو، مگر اپنی عقل و خرد ہونے کے باوجود بے وقوفانہ حرکات کرے، بہت جلد دل برداشتہ ہو جائے، گھریلو معاملات میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔

چھٹے گھر میں شمس ہوتو

اکثر امراض میں مبتلا رہے دشمنوں کا خاتمہ کرے، اکثر خوشی ملے گی، عدالتی کاموں میں کامیابی ملے، دولت، صحت، دانش مند ہو، خوبصورت جسم، ماموں سے مالی تعاون ملے، سخت مزاج، ہو، روپیہ پیسہ کمانے کی صلاحیت موجود ہوتی ہے، دوستوں کا خاص خیال رکھے، جائیداد اور مال و دولت اچھی خاصی بنائے، نیک اور عزت و قدر و منزلت حاصل کرے، نیک نام ہو اگر زائچہ کے خانہ 6

میں نحس ہوتو برعکس حالات دیکھے۔

ساتویں گھر میں شمس ہوتو

شراکت سے نفع ملے بیوی سے رنج ملے دو شادیاں کرے، ہر وقت بے چین رہے، عورتوں کا دلدادہ ہو، کاروبار، سود مند ہو غیر عورتوں سے تعلقات کا شائق ہو، دشمن پر فتح پائے۔ جس کام کا بیڑا اٹھائے پھر ہر حال میں اسے پورا کرے لیکن عیاشی اور فضول خرچی کی طبیعت مائل رہے شادی دیر سے ہو یعنی آخری عمر میں ہو مگر دولت مند ہو عزت کی زندگی گزارے۔ خاندان کی عزت کا بڑا خیال رکھے بڑا عقلمند اور ذہین ہو، عزت و مرتبہ پائے۔ نحس ہوتو برعکس دیکھو۔

آٹھویں گھر میں شمس ہوتو

زائچہ کے آٹھویں گھر میں شمس ہوتو وراثت میں کافی مال ملنے کی امید ہوتی ہے۔ جسم کو کوئی بیماری یا تکلیف ملتی ہے نیز کم عمری کی بھی دلیل ہے۔ غیر اخلاقی اور غیر قانونی معاملات میں زیادہ دلچسپی ہو، خاندان میں غیر متوقع تبدیلیاں ظہور پذیر ہوتی ہیں۔ جوئے میں بھی دلچسپی ہوتی ہے۔ جسمانی حالت ایسی ہوتی ہے کہ جلد ہی بیماری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ایسا مولود احسان فراموش اور منحوس ہوتا ہے۔ جھگڑوں میں دلچسپی رکھے۔ تجارت میں فائدہ ہو، غیر عورت سے مال ملے، بھائیوں سے اختلاف رکھے۔

نویں گھر میں شمس ہوتو

سفر سے مالی مفاد ملے، خوش دل ہو، مالی حالت درمیانی ہو، بدصحبت سے روپیہ برباد کرے، عزت و شہرت ملے، خوشحالی، صدقہ، خیرات، قربانی زیادہ کرے، حج و عمرہ کی زیارت ہو، غیر ممالک کا سفر نصیب ہو، وسیع بصیرت ہو، کسی بھی بڑے ادارے کا سربراہ ہو، طبیعت نیکی کی طرف مائل رہے، علم و عقل اور شرم و حیا زیادہ ہو، جھوٹ کم بولے، بھائیوں سے فائدہ اٹھائے اگر شمس نویں گھر میں نحس حالت میں ہوتو حالات برعکس ہوں۔

دسویں گھر میں شمس ہوتو

شمس دسویں گھر میں ہوتو صاحب زائچہ حاکم وقت یا جدی پشتی رئیس ہو، حاکم سے فائدہ ہو مالی حالت اچھی ہو، با اثر افراد کی مدد سے مالی حالت اچھی ہو، اعلیٰ مقام و مرتبہ حاصل کرے، خوش

مزاج اور مقناطیسی شخصیت کا مالک ہو، جو مرضی کام کرے اس میں کامیابی ملے، وراثت میں دولت پائے، عقل مند، صاحب اقبال، عزت و مرتبہ پائے۔ مگر دوست کم ہوں غصہ ور، تیز مزاج ہو نیک کاموں میں روپیہ زیادہ خرچ کرے، اگر شمس نحس ہو تو برعکس حالات ہوں۔

گیارہویں گھر میں شمس ہو تو

امیدیں پوری ہوں، ہر طرح مالی فائدہ ہو، دشمنوں کو تابع کرے، مال کو جمع کرنے والا ہو، سود خور ہو، بینکر، جاذب نظر شخصیت کا مالک ہو، مختصر سفر سنجیدہ ✂ کا مالک ہو، جس کام میں ہاتھ ڈالے بے شمار مشکلات کے باوجود اس کو پورا کر کے چھوڑے اچھے ذہن کا مالک ہو، دولت مند، خوبصورت شکل وصورت کا مالک ہو، صاحب حکومت، عمر زیادہ ہو، اچھی غذا اور اچھے لباس کا شوقین ہو، عزت و مرتبہ پائے، شمس نحس ہو تو برعکس ہو۔

بارہویں گھر میں شمس ہو تو

ایسے شخص کی ترقی میں عموماً تاخیر ہی رہا کرتی ہے۔ امراض چشم، دولت کا نقصان اور فضول خرچ بناتا ہے۔ ترش رو، سخت مزاج، دائیں آنکھ میں نقص ہو، کار بد میں مصروف رہے۔ جھوٹ زیادہ بولے، دشمن پر غالب رہے روپیہ کا نقصان اٹھائے۔ جسم میں تکلیف ہو اور بیماری سے پریشان رہے، چور، ڈاکو سے پریشان رہے۔

12 گھروں میں قمر کے اثرات

زائچہ وقت سوال میں قمر مختلف گھروں میں جب حرکت کرتا ہوا گزرتا ہے تو اس کے مختلف اثرات مراتب ہوتے ہیں ذیل میں ان کی تفصیل درج ہیں

پہلے گھر میں قمر ہو تو

پہلے گھر میں قمر پڑا ہو تو اس کی تاثیر سے ایسا شخص خوش قسمت، غریب پرور، دلکش چہرہ ہو، علم دوست، حلال روزی کمانے والا، دولت مند ہوگا، سفید لباس، پہننا پسند کرے، امیر لوگوں سے دوستی و تعلق پیدا کرے گا، عورتوں سے زیادہ میل جول رکھے صاحب اقبال، عزت و مرتبہ کا مالک،

ہمیشہ آرام و سکون سے زندگی گزارے، اگر قمر طالع میں نحس حالت میں ہو تو حالات برعکس ہوں۔ مفلس غریب، تنگ زندگی گزارے، کم عقل، دکھی، امراض کا شکار رہے نیچ لوگوں سے محبت رکھے۔

دوسرے گھر میں قمر ہو تو

زائچہ کے دوسرے گھر میں قمر آ جائے تو صاحب زائچہ روزگار و تجارت بہترین ہو اور تجارت میں مالی فائدہ ہو، اچانک مال و دولت ملنے سے امیر کبیر ہو جائے گا۔ ایسے آدمی کے بھائی زیادہ ہوں، عموماً بہنیں نہیں ہوتی ہیں۔ خوش نصیب ہو، عزیز و اقارب سے محبت رکھے اور بزرگوں کی عزت رکھے، خوبصورت گفتگو کرنے والا خوبصورت شکل وصورت کا مالک ہوگا عزت و مرتبہ پائے، اگر قمر نحس ہو تو حالت برعکس دیکھنے میں آئیں۔ مالی نقصان، دولت کی کمی، عزت میں کمی، پریشان حال، تنگ نظر اور مریض، لالچی، کمزور ہو۔

تیسرے گھر میں قمر ہو تو

تیسرے گھر میں قمر ہو تو جسمانی آرام ملے۔ بھائیوں سے محبت رکھے اور خوش قسمت ہو نزدیکی سفر کثرت سے ہوں اور سفر میں فائدہ ہی ہو۔ اپنے وقت کا حاکم، صاحب حیثیت شخصیت ہو۔ مال و دولت بہت ہوگا، حلیم مزاج، خوش مزاج، نیک اور اچھے کاموں کی طرف رغبت رکھے۔ عورتوں سے میل جول بہت رکھے، اگر قمر نحس ہو تو مالی نقصان ہو، بھائیوں سے علیحدگی رہے، مریض ہو، سفر میں مالی نقصان ہو، روپیہ پیسہ کی تنگی رہے، بہنوں کی تعداد زیادہ ہو، گھریلو حالات خراب رہیں، جھوٹ کثرت سے بولے۔

چوتھے گھر میں قمر ہو تو

والدین کا تابعدار ہو خاص طور پر والدہ سے بہت محبت رکھے اور والدہ سے آرام ملے بڑا دولت مند ہو ایک سے زیادہ شادیاں کرے، عمدہ غذا اور عمدہ لباس کا شائق ہو، عالی شان مکان تعمیر کرے، جائیداد کی خرید و فروخت سے فائدہ اٹھائے۔ بھائی سے محبت رکھے، عزت و مرتبہ پائے، حاکم وقت سے فائدہ ملے گا اور اگر قمر نحس ہو تو بیمار اور دکھی رہے۔ بری عادات کا مالک ہو شراب وغیرہ سے رغبت رکھے، دولت واجبی سے ہو 26 سال کی عمر کے بعد پریشانی اور تکلیف زیادہ اٹھائے گا۔ رشتہ داروں

اور بھائیوں سے محبت کم رکھے۔ کم عقل ہو والدہ سے علیحدگی ہو جائیں

پانچویں گھر میں قمر ہو تو

عزت و مقام پائے، مال بکثرت ہو، لاٹری سے دولت ملے اضافی دولت اچانک ملے گی، اولاد سے سکھ ملے پہلی اولاد لڑکی ہو، اولاد میں لڑکیاں زیادہ ہوں، مختلف علوم کے جاننے والا ہو، عورت کا تابعدار ہو، عقلمند اور دانا ہو، روزگار سے فائدہ ملے گا، خوش مزاج، حلیم، خوش طبع اور خوش شکل ہو، اگر قمر نحس ہو تو بے روزگار کم عقل بیمار، اولاد کا دکھ، پریشانی، گھر میں مایوسی، دولت کا نقصان اٹھائے۔

چھٹے گھر میں قمر ہو تو

اگر قمر چھٹے گھر میں ہو تو دشمن کا خوف رہے، گردش میں مبتلا رہے اور لڑائی جھگڑے بکثرت ہوں، ورم اور سوجن سے تکلیف اٹھائے، کھانسی، دمہ اور دق کی تکلیف ہو، عدالتی کاموں میں گرفتار رہے، نیکی کے عوض بدی پائے، عمر تھوڑی پائے، مخالف بکثرت ہوں، حاکم وقت سے ناراضگی رہے، عزت کا خطرہ رہے، نظر میں بھی کچھ نقص پیدا ہو جائے، افعال بد میں طبعیت زیادہ مائل رہے، غذا بھی کم ہضم ہو، فربہ بدن امراض بلغمی کا شکار رہے۔

ساتویں گھر میں قمر ہو تو

بیوی نیک چلن، نیک، پرہیزگار خوبصورت ہو، اعلیٰ خاندان سے ہو بہتر روزگار ملے، خوشی ملے، عورت سے محبت رکھے، گھریلو خوشی ملے، تجارت اور شراکت میں نفع ملے، شریک کاروبار سے فائدہ ملے۔ عورتوں سے سکھ ملے، دولت کا آرام و سکھ ملے، حکام سے عزت و مرتبہ ملے، تیز فہم خوش شکل، فیاض ہو دشمنوں پر فتح پائے۔

آٹھویں گھر میں قمر ہو تو

ہر کام میں پریشانی، تکلیف، التواء، خوف اور نقصان اٹھائے، دائمی مریض ہو، عمر کم ہو، بخیل، بدزبان، زبان دراز، تلخ مزاج ہو، برے کاموں سے رغبت زیادہ رکھے، حریص، لالچی، زن مرید، کھانسی کا مریض، دو عورتیں ہوں، دشمنوں کا خوف رہے، بے مقصد سفر ہو، مالی نقصان اٹھائے، پانی سے خوف کھائے گا۔

نویں گھر میں قمر ہو تو

شہرت پائے، عزت و مرتبہ پائے، سفر بکثرت ہو، مالی فائدہ ہو، سفر میں دولت پائے، دلی مرادیں حاصل ہوں، مذہب کا پابند ہو، نیک، خوبصورت خیالات کا مالک ہو، لوگوں میں عزت پائے، فیاض، سخی ہو دوسروں کی مدد بہت کرے، بہت زیادہ دوست ہو، جسمانی صحت اچھی ہو اولاد کا سکھ ملے۔ دشمنوں پر غلبہ پائے، اگر قمر نحس ہو تو تمام حالات برعکس نمودار ہوں گے۔

دسویں گھر میں قمر ہو تو

امراء و وزراء میں شامل ہو حکمران سے فائدہ ہو، امیرانہ زندگی بسر کرے، رعب و دبدبہ کا مالک ہو، تجارت سے مالی فائدہ اٹھائے، خوبصورت، خوش شکل، عزت و مرتبہ کا مالک ہو، غیر عورتوں سے ملاپ زیادہ رکھے، عیش و عشرت کا خواہش مند ہو، اولاد سے فائدہ ملے، دنیاوی فائدہ اٹھائے، ہر آدمی عزت و تعریف کرے، عزیز و اقارب میں عزت پائے، نحس قمر سے حالات برعکس ہوں۔

گیارھویں گھر میں قمر ہو تو

کاروباری ترقی ملے، امیدوں میں کامیابی ملے، دوستوں سے فائدہ ملے، مختلف قسم کی جائیدادیں کے علاوہ زرعی زمین کا مالک بھی ہو، عزیز و اقارب میں عزت والا ہو، دنیاوی آرام ملے، بلند مرتبہ، نیک بخت، نیک سیرت ہو، دشمنوں پر غلبہ پائے، دولت بہت ہو۔

بارھویں گھر میں قمر ہو تو

شہوت پرست، عیاش، فضول خرچ، بائیں آنکھ میں نقص پیدا ہو جائے یا بصارت میں کمی واقع ہو جائے، مایوسی طاری رہے، مالی نقصان اٹھائے، سفر میں نقصان ہو، دائمی مریض ہو، بد اخلاق، بدزبان، بیمار ہو، عمر کم ہو، دشمنوں کا خوف رہے، فکرمند رہے، خاندان والوں سے تکلیف اٹھائے، کم عقل، کند ذہن ہو، جھوٹ بولے، حاسد ہو، غلط ذرائع سے دولت اکٹھی کرے۔

12 گھروں میں مریخ کے اثرات

پہلے گھر میں مریخ ہو تو

دردسر، آنکھوں میں تکلیف ودل رنج وغم میں مبتلا رہے، فسادی، لڑائی، جھگڑا کرنے والا ہو، نئے کاروبار یا کام شروع کرنے میں ہمیشہ ثابت قدم رہے، پرجوش وباہمت کام آگے بڑھانے والا ہو، جنس مخالف میں کشش زیادہ ہو دشمن مغلوب ہوں۔ منہ پر کوئی نہ کوئی زخم کا نشان لازمی ہوگا، تیز طبیعت، رعب والا ہو، بھائیوں کا آرام کم پائے، روپیہ پیسہ کو جان سے زیادہ عزیز رکھے۔ امراض صفراوی آشوب چشم اور یرقان کا خدشہ ہے حکومتی معاملات میں پھنسا رہے۔ امیدوں میں اکثر ناکامی اٹھائے، غیر عورت سے میل جول رکھے، دشمن زیادہ ہوں، عورت اور اولاد کا سکھ کم دیکھے، بہت جلد غصہ میں آجائے۔

دوسرے گھر میں مریخ ہو تو

حصول دولت کے لیے تگ ودو کرنے والا، نیا ولولہ وعزم لے کر مقابلہ کرنے والا، آمدن کم اور خرچ زیادہ کرے، جسم میں کوئی بیماری رہے، مالی پریشانی کا ہمیشہ سامنا رہے، ہمیشہ قرض دار رہے، تجارت کرنے کا شائق ہو، لوگوں سے روپیہ کے معاملے میں جھگڑے رکھے، خاندان کو بدنام کرنے والا ہو، تندمزاج اور کم عقل اور چھوٹا ہو اولاد کا سکھ کم ملے مقروض اور نادار رہے، کم علم اور کم عقل ہو، خراب کاموں میں روپیہ ضائع کرے۔

تیسرے گھر میں مریخ ہو تو

تیسرے گھر میں اگر مریخ ہو تو بلند حوصلہ، کسی کی مدد کا طلب گار نہ ہوئے، بھائیوں کا سکھ ملے، صاحب اقبال اور صاحب تدبیر ہو، نزدیکی سفر میں خطرہ ہو، بہت سی امیدیں پوری نہ ہوں، جھگڑا ہوسکتا ہے، عمر دراز ہو بڑا رعب ودبدبے والا ہو، دولت مند، مشہور، دشمنوں پر فتح پانے والا ہو، بھائیوں کا سکھ کم ملے، برے کاموں سے نفرت رکھے، اولاد کا سکھ ملے، علیحدگی اور تنہائی پسند ہو، برے کاموں پر طبیعت زیادہ مائل رہے، دولت واجبی سی ہوگی، والدہ سے علیحدگی اختیار کرے یا جھگڑا کرتا رہے، اپنے سے بعد میں پیدا ہونے والے بھائیوں کے لیے ناقص ہے۔

چوتھے گھر میں مریخ ہو تو

خاندانی لوگ ہم خیال نہ ہوں، والدہ سے تکلیف اٹھائے، دوستوں سے تنازعہ رہے، گھریلو پریشانی رہے، کم نصیب ہو، فضول خرچ ہو، دوسروں کی برائی اور چغلی کرنے والا ہوگا، ہمیشہ

دولت اکٹھی کرنے کے چکر میں رہے، اولاد کا سکھ کم ملے، دشمن بہت ہوں، غیر عورتوں سے تعلقات رکھے، سفر کرنے میں رغبت رکھے، دوسروں کی تابعداری میں وقت گزارے گا، لڑائی جھگڑوں میں وقت زیادہ گزارے، مریض رہیں

پانچویں گھر میں مریخ ہو تو

زائچہ پانچویں گھر میں مریخ ہو تو صاحب زائچہ کو مال ودولت کا نقصان ہو، کاروبار میں نقصان ہو اولاد سے رنج ملے، لاٹری، پرائز بانڈ، میں دولت بہت ضائع کرے، عشق میں ناکامی ہو، بے اولاد ہو اگر ہو بھی تو سکھ نہ ملے، یا پھر اولاد جلد فوت ہو جائے، فوجی ملازمت میں یا تعلیم میں کامیابی ملے، دوستوں کا ہم خیال نہ ہو، علم وعقل بھی کم ہو، بھائیوں سے محبت کم رکھے، جعلسازی میں ماہر ہو، عزیزوں کی طرف سے متفکر ہو خارش ودرد کی بیماری ہو، عشق میں ناکامی ہو۔

چھٹے گھر میں مریخ ہو تو

دشمنوں پر بھاری رہے، خوش رہے، ترقی روزگار بلند مرتبہ ہو، ہر کام میں کامیابی ہو ملازموں سے فائدہ ملے، دوستوں کی خاطر ہر مشکل کو برداشت کرے، بڑی جائیداد واملاک کا مالک ہو، عزت ومرتبہ پائے، صحت اچھی ہو، حاکم وقت سے فائدہ اٹھائے اگر مریخ خانہ 6 میں نحس حالت میں ہو تو پھر دشمنوں کا خوف رہے، مالی نقصان اٹھائے بیماری شدید ہو بے عزت و قانونی گرفت میں آئے، مالی تنگی و بے روزگاری کا شکار رہے۔ ملازم دھوکہ دیں، ہر کام میں رکاوٹ پیدا ہو۔

ساتویں گھر میں مریخ ہو تو

مریخ زائچہ کے ساتویں گھر میں ہو تو پھر عورت کا سکھ نہ ملے، شادی میں رکاوٹ ہو، نیچ قوم سے تعلقات رکھے، دشمن بہت ہوں، سفر زیادہ کرے، زندگی دوسروں کے رحم وکرم پر رہے، اسلحہ کا شوقین ہو، حرارت خون اور خرابی خون کا شکار رہے، پہلی عورت کا آرام نہ ملے، طلاق دینی پڑے یا پھر موت ہو جائے، رفیقہ حیات سے ہمیشہ ان بن رہے۔ جنگجو، گھریلو خوشی نہ ملے، تبادلہ مرضی کے بغیر ہو، شراکت میں نقصان اٹھائے، ٹھیکہ میں نقصان اٹھائے، جنس مخالف میں کشش زیادہ رکھے۔

آٹھویں گھر میں مریخ ہو تو

اس مولود کے حاسد، چغلخور بہت ہوں، جواب میں اسے بھی چغلخوری کرنا پڑے ترکہ، وراثت میں نقصان اٹھائے، مالی معاملات میں نقصان اٹھائے، جسم کو نقصان پہنچے، دردسر اور دل کو رنج

ملے، خطرہ اور حادثہ کا امکان ہے، عمر کم ہو کان کے امراض پیدا ہوں، برے لوگوں کی محبت میں رہے، بدچلن، فعل بد کرنے کا عادی ہو، جسم کے کسی حصہ پر زخم کا نشان ہو، دشمنوں سے فکر مند رہے، غصہ ور جھگڑالو ہو، کسی کا احسان یاد نہ رکھے۔

نویں گھر میں مریخ ہوتو

نویں گھر میں اگر مریخ ہوتو صاحب زائچہ کو بدصحبت، عیش وعشرت، شراب نوشی کی عادت ہو جائے، گندے ماحول میں پھنسا رہے، سفر میں مالی نقصان اٹھائے، دین پر پابندی نہ رہے، مذہب کی پروانہ کرے، لوگوں کی نظروں میں حقیر رہے، کسی سخت بیماری میں مبتلا ہو جائے، بھائیوں کا سکھ کم ملے، اگر زائچہ میں سعد ہوتو متکبر، تندمزاج، غصہ ور ہو، روپیہ پیسہ خوب پیدا کرے، بیرونی ملک سفر میں محنت سے کافی مال پیدا کرے گا، علوم میں رغبت رکھے، مذہبی سفر حج وزیارت کرے، حصول تعلیم کے لیے سفر کرے، وراثت وترکہ کافی ملے گا۔

دسویں گھر میں مریخ ہوتو

زائچہ کے دسویں گھر میں مریخ ہوتو حاکم وقت ہو، دشمنوں پر ہمیشہ فتح پائے، کاروباری ترقی ملے، غیر معمولی ذہانت ہو، محنت سے کام لے کر بنیادی مقاصد حاصل کرے، تعلیمی کامیابی حاصل کرے، ملازمت میں ترقی ملے، ملازمت کے لیے نئے نئے مواقع ملیں۔ کاروباری افراد سے منافع کمائیں گے، بینک بیلنس زیادہ ہو، قانونی مسائل آسانی سے حل ہو جائیں، عزت ووقار میں اضافہ ہو، حاکم وقت سے فائدہ ملے گا، نیک کاموں کی طرف توجہ رہے، اقبال مند صاحب عزت ومرتبہ ہو، ہر کام میں فتح ملے، رعب والا ہو، ہر کام میں بہادر ہو، اگر مریخ خانہ دس میں نحس ہوتو تمام معاملات برعکس ہوں۔

گیارہویں گھر میں مریخ ہوتو

زائچہ کے گیارہویں گھر کے اندر مریخ پڑا ہوتو پھر صاحب زائچہ امیر کبیر مثل نواب ہو ہر طرح کی ترقی مالی فائدہ اور دوستوں سے امیدیں پوری ہوں۔ غریبوں کا مددگار ہو۔ اولاد کی طرف سے کچھ فکر رہے، عمدہ غذا اور عمدہ لباس پہننے کا شائق ہو، دشمن پر تابع رہے، البتہ سر میں کچھ بیماری ہو، تجارت میں نفع اٹھائے اگر مریخ نحس حالت میں ہوتو مالی نقصان دوستوں سے نقصان، اٹھائے، امیدوں میں ناکامی ہو، دشمن بہت ہوں، عیار ومکار ہو، عزت وآبرو کی پروانہ کرے، دوست غداری

کریں۔

بارہویں گھر میں مریخ ہوتو

زائچہ میں مریخ بارہویں گھر میں ہوتو فضول خرچ ہو، دشمنوں کے دفاع پر خرچ کرنے والا ہو، بیوی سے تکلیف اٹھائے، دوسری شادی کرنے پر مجبور ہو جائے، نیز دشمنوں سے اسلحہ کا خوف رہے، عزت ووقار میں کمی ہو، سکینڈل منظر عام پر آئے، خفیہ دشمن سے نقصان اٹھائے، طبیعت بوجھل رہے، طبیعت غصہ ور ہو جھگڑالو ہو، آنکھوں کے امراض پیدا ہوں، ظالم، لالچی، حاسد ہو، جسم پر اسلحہ یا پھر کسی زخم کا نشان ہو، دولت کا نقصان ہو، امیدوں میں ناکامی اٹھائے، عورتوں کا آرام نہ ملے، سر درد، بخار کا شکار رہے۔

12 گھروں میں عطارد کے اثرات

پہلے گھر میں عطارد ہوتو

زائچہ کے پہلے گھر میں عطارد ہوتو چھوٹے چھوٹے سفروں میں مالی فائدہ ہوتا ہے۔ زندگی میں نئے نئے مواقع ملتے ہیں، نئی نئی دلچسپیاں جنم لیتی ہیں، صاحب طالع صاحب ثروت، اہل قلم دنیا سے مفاد پائے، دلیر ہو، خوش کلام، حاضر جواب، ذہین، صاحب علم وعقل، خوبصورت شکل وصورت والا، تجارت کی طرف رغبت رکھے، آنکھیں بڑی اور خوبصورت ہوں، اہل علم سے دوستی رکھے، دولت مند ہو، ہر فن مولا ہو، عورت سے محبت رکھے، مباحثہ اور مجلس کی محفلوں میں ہوشیار ہو، شاعر، ادیب، رائٹر، پڑھنے لکھنے والا ہو، اپنی عقلمندی سے بہت مال کمائے اگر عطارد نحس ہوتو حالات برعکس ہوں گے۔

دوسرے گھر میں عطارد ہوتو

حاکم وقت، عادل، منصف، ممبر، حلال روزی کمانے والا، زر و مال کی ترقی اور ہر طرح کا فائدہ ہو، ملازمت اور تجارت میں نفع اٹھائے، بڑا عقلمند، عاقل اور دانا ہو، لوگوں میں عزیز اور قدر دان

ہو، لوگوں میں مقبول اور عزیز ہو، دنیاوی آسائش و راحت میسر ہو، خوبصورت بدن ہو، کوئی بھی اس کا بدخواہ نہ ہو، اگر عطارد دوسرے خانہ میں کمزور ہو تو دولت کا خواہش مند اور روزگار کے چکر میں رہے، مال و دولت چوری بہت ہو، قرض دار رہے، مریض اور دکھی ہو، مفلس و نادار ہو، سعد حالت میں اپنی عقل و دانش سے مال اکٹھا کرے، مذہبی اور تعلیمی ادارے سے منسلک ہوگا۔

تیسرے گھر میں عطارد ہوتو

اگر تیسرے گھر میں عطارد ہوتو نزدیکی سفر میں کامیابی ملے اور علم میں ترقی ہو، بھائیوں سے اچھا رہے اور فائدہ ہو، دوسروں کا راز حاصل کرنے کی کوشش میں رہے، اپنی عقل سے دشمنوں پر غالب آئے، تجارت میں نفع عظیم اٹھائے، زر و مال بہت اکٹھا کرے، اپنی علم و عقل سے بہت فائدہ اٹھائے، دین پر ثابت قدم رہے، لوگوں میں عزیز اور قدر دان ہو، خوش خلق اور باتونی ہو، گفتگو کے فن کا ماہر ہو، نیک نام، خوبصورت ہو، اگر عطارد نحس حالت میں ہو تو پھر صاحب زائچہ کو مالی نقصان بھائیوں سے اختلاف کم عقل، دشمنوں کا خوف، فضول گفتگو کرنے والا، بے دین، سفر میں مالی نقصان اٹھائے گا۔

چوتھے گھر میں عطارد ہوتو

جس زائچہ کے چوتھے گھر میں عطارد آجائے تو اس کی تاثیر سے ایسا شخص والدین کا فرمانبردار خصوصاً والدہ سے بہت محبت رکھے گا۔ دوسروں کی مخالفت نہ کرے، مال و دولت کافی ہو، والدہ سے مالی فائدہ و سکھ ملے گا، بڑا فیاض، سخی، راست گو، خوش خلق اور خوش قسمت ہو، نیک نام ہو، زمین و جائیداد کا مالک ہو، زراعت سے فائدہ ملے گا، لمبی عمر کا مالک ہو، تیز طرار اور چالاک ہو، دشمنوں پر غالب رہے، خرید و فروخت میں فائدہ ہو، اگر عطارد نحس ہو تو حالات برعکس ہو، یعنی والدین سے رنج و تکلیف اٹھائے، دوستوں سے تنازعہ رہے، مالی نقصان، جائیداد کا نقصان، زراعت خراب ہو، چھوٹی عمر میں بیماری پیدا ہو، چور ڈاکوؤں کا خطرہ رہے، عزت کا نقصان ہو، بے انصافی کرے، جسم زخمی ہو۔

پانچویں گھر میں عطارد ہوتو

اولاد کی خوشی ملے، عزت میں ترقی ہو، اور اقبال مند عزت و مرتبہ پائے، بانڈ، لاٹری سے اضافی

دولت قسمت میں ہو، راہ چلتے کافی دولت ہاتھ لگے گی۔ شہرت میں اضافہ ہو، مختلف علوم کا ماہر ہو، اولاد کو خود کما کر دے، خوش خلق ہو، روپیہ نیک کاموں میں صرف کرے، عقلمند اور نیک تدبیروں والا ہو، مذہب سے لگاؤ رکھے، اعلیٰ نسل کے لوگوں سے تعلقات رکھے، عزیز و دستوں سے آرام پائے، عشق میں کامیابی ہو، مہمان نواز ہو، سوشل کاموں میں مصروف رہے، گھریلو تعلقات اچھے رہیں۔ فلم، تھیٹر، گانے بجانے میں دلچسپی رکھے۔

چھٹے گھر میں عطارد ہوتو

اگر چھٹے گھر میں عطارد ہوتو دائمی المریض ہو، دشمنوں پر غالب رہے، جھگڑالو و فسادی ہو، دشمن بہت ہوں، علم و عقل کم ہو، مالی معاملات میں ایمانداری سے کام لے، مالی حالت اوسط درجہ کی ہو، خدا پرست رحم دل ہو، نیک کاموں سے دلچسپی زیادہ ہو، بھائیوں کا آرام کم پائے، حلال مال کھانے والا ہو، پرہیزگار اور صاف گو ہو، جادو و سحر کا اکثر شکار رہے، ماموں اور خالو سے فائدہ ملے گا، عدالتی کاموں میں کامیابی ملے گی۔

ساتویں گھر میں عطارد ہوتو

عورت سے فائدہ ہو روزگار میں اضافہ ہو شریک کار سے تعلقات اچھے رہیں اور مالی فائدہ ہوگا۔ قومی خدمات انجام دے، سیاستدان ہو، دنیاوی آرام ملے، خوبصورت اور صاحب علم ہو، فرزند سے فائدہ ہوگا، نیک نام ہو، اگر عطارد نحس ہو تو عورتوں سے دکھ ملے، دنیاوی پریشانی اٹھائے، فرزند سے مخالفت رہے، شریک کار سے جھگڑا رہے، دشمن بہت ہوں، بدنام ہو جائے، تبادلہ ہوتا رہے، چوری کا خوف رہے، لڑائی جھگڑا سے پریشان رہے، مقدمات میں نقصان اٹھائے۔

آٹھویں گھر میں عطارد ہوتو

اگر عطارد زائچہ کے آٹھویں گھر میں پڑا ہو تو مولود پریشان حال ہو جسم میں نقص پیدا ہو جائے۔ بخار کی شکایت زیادہ ہو، حادثہ اور پریشانی رہے، وراثت میں نقصان اٹھائے تا کہ نہ ملے عمر کم ہوگی۔ غیر عورتوں سے تعلق پیدا کرے، روگی اور پریشان حال رہے، حاکم وقت سے اکثر تکلیف اٹھائے۔ دوستوں سے تکلیف اٹھائے، عورت کا مطیع ہو، حریص و لالچی ہو، احسان فراموش ہو، فعل بد کا عادی ہو، فقیر و محتاج رہے، دوسروں کا مال غصب کرے، دین کی پروانہ کرے۔

نویں گھر میں عطارد ہو تو

جدی پشتی امیر ہو یا کہیں سے اتفاقی دولت ملنے سے امیر کبیر ہو جائے، خوش قسمت ہو، اچھا روزگار ملے، مذہب کا پابند بیرونی ملک سفر کرنا پڑے اور مالی فائدہ اٹھائے، روحانی علوم میں ترقی ملے، زمین و جائیداد کافی بنائے گا، زیارت حج وعمرہ نصیب ہوگا، صدقہ خیرات، زکوٰۃ زیادہ دے، غریبوں کا ہمدرد ہو، اعلیٰ تعلیم حاصل کرے، مختلف علوم کا ماہر ہو، عقل مند اور راست گو ہو، عزت، شہرت پائے، جوشیلا ہو، حاکم کی نظر میں عزت و مرتبہ پائے، اگر عطارد نحس ہو تو حالات برعکس ہوں گے۔

دسویں گھر میں عطارد ہو تو

جس کے زائچہ میں عطارد دسویں گھر کے اندر ہو تو مولود مہمان نواز ہو، محفلوں میں حصہ لینے والا ہو، حاکم وقت ہو، عزت و مرتبہ کا مالک ہو، بلند اقبال ہو، شہرت حاصل کرے، خوبصورت اور لین دین کا ماہر ہو، ہر دل عزیز ہو، اپنے مقاصد میں کامیاب رہے، والدین سے مالی فائدہ ہو، خوش خلق، خوش اخلاق اور گفتگو کرنے کا ماہر ہو، استاد کا فرمانبردار ہو، اعلیٰ پوزیشن کا مالک ہو، ترقی و کامیابی قدم چومے، بہادر، حوصلہ مند، اعلیٰ ملازمت کا مالک ہو۔

گیارہویں گھر میں عطارد ہو تو

ترقی روزگار ملے، ہر طرح سے آرام و فائدہ ملے گا، دوستوں سے ہر طرح فائدہ ہو امیدوں میں ترقی ہو، عزت و شہرت میں اضافہ ہو، مشیر قانونی ہو، اعلیٰ ملازمت کے ذریعے روزی پیدا کرے، کفایت شعار بھی ہو، خوش نصیب اور خوش قسمت ہو، عقلمند، صاحب علم ہو، دنیاوی فکر و اندیشہ سے دور رہے، اچھی آرام و سکون سے زندگی بسر کرے، نیک نام اور فقیر دوست ہو، اگر عطارد الٹا ہو تو دوستوں سے اختلافات، بدقسمت، امیدوں میں ناکامی، کم عقل، فکرمند، بے عزت، بے سکونی، رنج و فکر، عزیزوں سے اختلاف رہیں۔

بارہویں گھر میں عطارد ہو تو

دولت کا نقصان ہو، فضول خرچ ہو، بیماری بیہودہ لاحق ہو، دوسروں کے بھروسہ پر زندگی بسر کرے، کاہل اور ست ہو، دشمنوں کا خوف رہے، آخری عمر میں تنگ حال ہو جائے، قید و بند کا خوف رہے،

مالی نقصان اٹھائے، بدمزاج، بدصورت، خراب دانت، کم عقل، ذہن میں نقص پیدا ہو، نظر میں کمزوری ہو۔

12 گھروں میں مشتری کے اثرات

زائچہ کے 12 گھروں میں مشتری کے کیا کیا اثرات ہوتے ہیں ذیل میں درج کرتا ہوں:

پہلے گھر میں مشتری ہو تو

زائچہ کے پہلے گھر میں اگر ستارہ مشتری پڑا ہو تو اس کی تاثیر سے صاحب زائچہ، علم کا شوقین، مذہبی آدمی ہوگا، مولود میں جرأت و ہمت بہت ہوگی، خوبصورت شکل وصورت کا پاکیزہ دل و دماغ کا مالک ہوگا، عالم فاضل صاحب علم، سوسائٹی کا رہبر و رہنما ہوگا۔ اگر سیاست میں دلچسپی لے تو بہت کامیاب ہوگا، خوش قسمت ہوگا، مختلف علوم کا ماہر ہوگا، مالی حالت بہت اچھی ہوگی، ذاتی کاروبار میں ترقی پائے، کاروباری ترقی حاصل ہو، صحت مند، صاحب اقبال، عزت و مرتبہ کا مالک ہو، بزرگوں کی عزت واحترام کرے، عالم فاضل ہو، مذہب کا پابند ہو، خوش غذا اور خوش لباس ہو، مخالفوں اور دشمنوں پر غالب رہے۔

دوسرے گھر میں مشتری ہو تو

دوسرے گھر میں مشتری ہو تو صاحب زائچہ خوش قسمت مالی حالت نہایت اچھی ہو، بیدار بخت ہو، سواری کا سکھ ملے، دولت قدم چومے، کاروبار وسیع ہو، بینک بیلنس بہت ہو، پرلطف زندگی ہو، حالات ہمیشہ سازگار رہیں، حکمران ہو، بزرگوں کا خدمتگار ہو، امیدوار) میں ہمیشہ کامیاب رہے، پرہیزگار اور نیک صورت اور نیک بخت ہو، احسان کو ہمیشہ یاد رکھے، دولت آسانی سے حاصل کرے، مخالفوں پر غالب رہے، کافی جائیداد بنائے، سخاوت میں مشہور ہو غریب پرور، غریبوں پر مال و دولت لٹائے اگر مشتری نحس ہو یا الٹا ہو تو تمام حالات برعکس ہوں۔

تیسرے گھر میں مشتری ہو تو

نزدیکی سفر بکثرت ہوں اور سفر میں مالی فائدہ بہت اٹھائے، بھائیوں سے خوب لگاؤ ہو اور فائدہ ملے، مال و دولت کافی ہو، حکام سے فائدہ اٹھائے، روحانیت کا شوقین ہو، مشہور و معروف ہو، امیدوں میں کامیابی ہو، احسان یاد رکھے، بااختیار شخصیت کا مالک ہو، اگر مشتری کمزور ہو تو سفر میں مالی نقصان ہو دولت کا ضیاع ہو، بخل و کنجوس ہو بھائیوں سے عداوت رکھے، پریشان حال ہو، احسان فراموش ہو، ظلم و جبر سے روپیہ پیدا کرے، امیدوں میں اکثر ناکامی رہے، تبدیلی حسب منشانہ ہو۔

چوتھے گھر میں مشتری ہو تو

مشتری زائچہ کے چوتھے گھر میں ہو تو صاحب زائچہ کو والدین کا آرام ملے خصوصاً والدہ کا پیار بہت ملے اور وراثت کافی ملے زمین جائیداد کا مالک ہو زراعت سے فائدہ کثیر ہو، جائیداد کافی بنائے، ہر کام میں فائدہ ہو عزیز و اقارب سے خوب بنا کے رکھے، اپنی کمائی کے علاوہ جدی ورثہ بھی کافی ملے سخاوت میں مشہور ہو، خوش لباس، خوش گفتار ہو، قانونی معاملات میں کامیابی ملے گی بامقصد اور کامیاب زندگی بسر کرے، اقبال مند، عزت و مرتبہ کا مالک ہو اعلیٰ پوزیشن کا مالک ہو، ہر شخص کا دوست و ہمدرد ہو، دشمن تابعدار رہیں، والدین اور پیر استاد کی خدمت کرے۔

پانچویں گھر میں مشتری ہو تو

اولاد کا سکھ ملے، پہلی اولاد مذکر ہو، بکثرت اولاد ہو، بڑا خاندان ہو، اضافی دولت یعنی پرائز بانڈ سے کافی دولت ملے، عشق میں کامیابی ہوگی، مختلف علوم کا جاننے والا ہو، حکام سے تعلق پید[illegible] کرے، انعامی سکیموں میں دلچسپی لے، خوش قسمت ہو، مقاصد میں کامیاب رہے،، بے حد خوش امید اور خوش طبع ہو، بہترین علوم فنون کھیل، تفریح کی دنیا میں نام پیدا کرے، باطنی علوم میں ترقی ہو، بھا[illegible] بھائیوں سے خطیر رقم ملے یا پھر اولاد سے دولت حاصل ہو، آزدواجی خوشی ملے، دنیا کا آرام و سکو[illegible] حاصل ہو، عیش و عشرت سے گزر اوقات ہو، عقلمند ہوشیار ہو، خوش اخلاق، خوش شکل ہو۔

چھٹے گھر میں مشتری ہو تو

حسن پرست ہو، راگ رنگ کا شوقین ہو، عیاشی میں مال و دولت صرف کرے، دشمن [illegible] خوف رہے، جسم کو تکلیف ہو، درد کمر کی شکایت رہے، عاقل و دانا ہو، مگر پریشان رہے، دشمن بہ[illegible] ہوں، حکمت عملی سے کام لے، خوش مزاج اور لاغر بدن ہو، ہر کام میں تردد بہت کرے، ماموں کا س[illegible] کم ملے، دشمنوں کے مقابلے میں اکثر کامیاب رہے، والدہ بیمار رہے، کام و ملازمت کے زائد ذرا[illegible]

پیدا ہوتے رہیں، ملازمین پر کنٹرول رہے، سیاستدان ہو، عوام میں مقبول ہو ترقی کرے، اضافہ آمدنی ہو، زائچہ میں مشتری الٹا ہو یا پھر نحس حالت میں ہو تو تمام حالات کو اس کے برعکس سمجھیں۔

ساتویں گھر میں مشتری ہو تو

زائچہ کے ساتویں گھر میں مشتری ہو تو صاحب زائچہ میں خود اعتمادی بہت ہو، نئے نئے کاروبار کرنے کے مواقع ملیں گے، آزدواجی سکون ملے گا، عورت کا آرام ملے، شریک حیات و شریک کار سے فائدہ ہو، ذاتی کاروبار کرے تو بہت ترقی ملے، عورتوں سے فائدہ ملے، جوش و خروش زیادہ ہو، تخلیقی صلاحیت زیادہ ہو، بیوی سے محبت کرے، مالی فائدہ بہت ہو، شراکت میں نفع ہو، ہر شخص سے موافقت رکھے، عقل مند ہو، زر و مال زیادہ ہو، غیر عورتوں کا بھی شوقین ہو، مگر غصہ بھی جلد آئے، خوبصورت ہو، خوش لباس اور خوش غذا کا شوقین ہو، ہمیشہ خوش حال رہے، شادی حسب منشا ہو، مقدمات میں کامیابی ہو، بیوی خوبصورت ہو،

آٹھویں گھر میں مشتری ہو تو

کم عمری کی علامت ہے، خاندانی وراثت سے محروم رہے، اپنی کمائی سے ذاتی مکان بنائے، مالی معاملات ہمیشہ توجہ کا مرکز رہیں، جس چیز میں دلچسپی ہو بہت کوشش کے بعد کچھ حصہ ملے، شریک حیات سے کچھ مالی فائدہ ہوگا، جسم کو تکلیف ہو، ہمیشہ فکر مند رہے، والدین کا سکھ کم پائے، دھوکہ دینے کا عادی ہو اگر مشتری بعد حالت میں ہو تو مالی فائدہ، طویل عمری، اچھی صحت، وراثت ملے، حلال کمائے، قوتِ بزو سے کمائے، والدین کا سکھ ملے، مشہور و نیک نام ہو، کافی جائیداد بنائے، غریبوں کی مدد کرنے والا ہوگا، شہرت ملے۔

نویں گھر میں مشتری ہو تو

زائچہ کے نویں گھر کے اندر مشتری ہونے سے صاحب زائچہ کو طویل غیر ملکی سفر درپیش آئیں زیادہ وقت باہر ملکوں میں گزارے، حج و عمرہ کی سعادت ملے، اعلیٰ تعلیم حاصل ہو، علم و عقل میں اضافہ ہو، روحانی علوم کا شوقین ہو اور اس میں بہت ترقی کرے، روحانی پیر استاد کا احترام کرے، مذہب کا پابند ہو، بہت جائیداد بنائے، زیارت مقدس نصیب ہو، اہل علم لوگوں سے دوستی رکھے، نیک کاموں میں خرچ زیادہ رکھے، بہت عروج و ترقی دیکھے، تخلیقی امور، تعلیمی معاملات، ذہنی صلاحیت زیادہ ہو، امتحان میں نمایاں کامیابی کیسے کرے، دوستوں سے فائدہ ہو، عزت و مرتبہ بہت پائے، عزیز

واقارب سے محبت رکھے، عزت ومنزلت بہت ہو۔

دسویں گھر میں مشتری ہوتو

زائچہ کے دسویں گھر میں مشتری ہوتو زائچہ کا مالک اعلیٰ صلاحیتوں کا مالک ہوتا ہے حکومتی عہدہ حاصل کرتا ہے۔نمایاں کاروباری ترقی ملتی ہے۔حکومتی مشیر، وزیر ہو حکومتی کاموں سے روپیہ حاصل کرے، عزت وشہرت ومرتبہ پائے گا، دشمنوں پر غالب آئے، وسیع کاروبار کرے، ہر قسم کی تکالیف سے آرام پائے، حاکم وقت سے فائدہ اٹھائے، خوش شکل اور خوش طبع ہو والد کا سکھ پائے مویشیوں سے رغبت رکھے، نیک کاموں میں دولت صرف کرے۔

گیارہویں گھر میں مشتری ہوتو

زندگی میں بہت مال و دولت اکٹھی کرے، دوستوں سے مالی فائدہ ہو امیدوں میں کامیابی حاصل ہو، اولاد کا سکھ حاصل ہو، جس کام میں ہاتھ ڈالے کامیاب ہوگا، کفایت شعاری۔ بہت مال بچائے گا، ترقی ومرتبہ پائے شہرت میں اضافہ ہو، وسیع کاروبار کرے، قسمت ساتھ بہت دے، خوش قسمت ہو، سوشل مصروفیات میں وقت گزارے، خوبصورت اور خوش گفتار ہو، عزیز اقارب کا مطیع ہو، لڑکے زیادہ ہوں گے، شوخ مزاج ہو، غریبوں کی مدد زیادہ کرے، عورت حسین ملے، عمر دراز ہو۔

بارہویں گھر میں مشتری ہوتو

ایسا مولود فضول خرچ، بے جا خرچ کرنے والا، حیلہ باز، مکروفریب سے کام لے کر روپیہ کمانے والا ہوتا ہے، دولت کا غم رہے، جسم کو تکلیف ہو، نیک و بد کی تمیز کم کرے، دولت برے اور ناجائز کاموں میں صرف کرے، بیماری سے تکلیف اٹھائے، مذہب سے دوری اختیار کرے، ہر وقت مال ودولت اکٹھی کرنے کی فکر میں رہے۔

12 گھروں میں زہرہ کے اثرات

پہلے گھر میں زہرہ ہوتو

صاحب زائچہ کو سوشل امور سے رغبت ہوگی، دوست احباب کا حلقہ وسیع ہوگا، طبیعت میں عیش پرستی ہوگی، عزت ووقار حاصل کرے گا، شادی بیاہ اور اسی قسم کی تمام تفریحات میں خصوصی طور

دلچسپی لے گا، راگ رنگ اور موسیقی کا شوقین ہوگا، دشمن پر غالب رہے گا۔ دولت مند ہوگا۔ جدی پشتی امیر کبیر ہوگا، حسن پرست ہو مگر اوائل عمر میں فضول خرچی بھی کرے گا، نیک سخن، خوش شکل خوش رو اور شیریں کلام ہوگا، بڑا شہوت پرست اور عاشق مزاج ہوگا، عزیزوں اور دوستوں سے آرام پائے گا، عورتوں میں ہر دلعزیز ہوگا، ہر فن مولا اور دنیاوی کاموں میں مستعد ہوگا۔

دوسرے گھر میں زہرہ ہوتو

زائچہ کے دوسرے گھر میں زہرہ ہونے کی وجہ سے صاحب زائچہ کو مالی معاملات میں بہت مدد ملے گی، ترقی ملازمت ہوگی، وسیع کاروبار تجارت کرے گا، عورتوں سے بہت مالی مدد ملے گی، کامیابی وفتح مندی قدم چومے گی، ہر طرح سے خوش حالی اور ترقی ملے گی، خاندان کے مٹے ہوئے نام کو دوبارہ زندہ کرنے والا ہوگا، زرعی زمین کا مالک ہو اپنی ذاتی کمائی سے امیر کبیر ہوگا، عیش و عشرت اور راگ رنگ پر زیادہ مال خرچ کرے، صاحب علم اور نیک نام ہوگا، جس خاندان میں شادی ہو وہاں سے مالی مدد بہت ملے گی، عزیزوں کا مددگار ہوگا، تجارت سے فائدہ ملے گا۔ خوبصورت اور عقلمند ہوگا، غیر عورتوں سے محبت رکھے گا، ایک سے زیادہ عورتوں سے شادی کرے گا عزت ومرتبہ کا مالک ہوگا۔

تیسرے گھر میں زہرہ ہوتو

زہرہ کے تیسرے گھر میں ہونے کی وجہ سے صاحب زائچہ کو بھائیوں کا سکھ وآرام ملے دشمنوں پر فتح ملے اور غالب رہے، فنکار اور علمی لیاقت زیادہ ہو، خاندانی لوگوں سے فائدہ ملتا رہے، دولت مند صاحب اقبال اور نیک نام ہو، روپیہ پیسہ بکثرت خرچ کرے، صحت مند ہو، بڑے بھائی سے خصوصاً بہت فائدہ ہوگا، عورت اور اولاد کا سکھ ملے گا، حکومتی آدمیوں سے فائدہ کثیر ہوگا، دوستوں سے بھی فائدہ ہوتا رہے، نیک ہمسایہ ملے، نزدیکی سفر میں فائدہ ہوگا۔

چوتھے گھر میں زہرہ ہوتو

غیر ملکی سفر میں کامیابی ہو اعلیٰ تعلیم یافتہ ہو، ننھیال یا خالہ وغیرہ کے خاندان سے ورثہ میں بہت ملے، زمین جائیداد کا مالک ہو، زراعت و زمین کے معاملات میں دلچسپی رکھے والدین سے فائدہ ہو خصوصاً والدہ سے بہت محبت رکھے۔ دشمن پر غالب رہے۔ عورتوں سے بہت محبت رکھے۔ دولت مند، علم دوست ہو، نوکروں سے فائدہ ہو بہن بھائیوں سے مالی فائدہ ہوگا۔ خوش شکل اور خوش

کلام ہوگا۔ رحم دل اور عزت و مرتبہ کا مالک ہوگا۔ غریبوں کی بہت مدد کرنے والا ہو صدقہ خیرات کرنے والا ہو، اگر زہرہ نحس یا الٹا ہو تو حالات برعکس نمودار ہوں گے۔

پانچویں گھر میں زہرہ ہو تو

اگر زہرہ زائچہ کے پانچویں گھر میں پڑا ہو تو ذی علم، علم و عقل والا ہو، دولت کثیر حاصل کرے اولاد سے خوشی حاصل ہو، پہلی اولاد لڑکی ہو، اولاد میں لڑکیاں زیادہ ہوں گی، کھانے پینے کا شوقین ہو، عورتوں سے مالی فائدہ بہت ملے گا، کشائش رزق والا ہو، حلال روزی کمانے والا ہو، محبت میں کامیابی ملے گی، مذہب کا پابند ہو، صاحب عزت و مرتبہ کا مالک ہو، دشمن پر غالب رہے، عورتیں زیادہ ہوں گی، نیک و بد کی تمیز خوب کرنے والا ہو، عیاش طبیعت کا مالک ہو، ہمیشہ خوشی سے زندگی بسر کرے، صحت مند ہو، ہرفن مولا ہوگا اچھی غذا اور لباس کا شوقین ہوگا نحس ہو تو حالات کو برعکس سمجھیں۔

چھٹے گھر میں زہرہ ہو تو

ملازمین سے فائدہ اٹھایا کرے، صحت اچھی رہے، بیماری کم ہوگی، دشمنوں پر غالب رہے، مگر محبت کے معاملات میں مخالفت زیادہ ہوا کرے گی، عورت سے محبت رکھے، بخیل و بدظن ہوگا، اگر زہرہ نحس حالت میں ہو تو اس کے دشمن بہت ہوں ہر وقت خوف زدہ رہے، اولاد کا سکھ کم ملے گا، حاکم سے خطرہ رہے، چوروں سے پریشان رہے، پوشیدہ امراض کا شکار ہوگا، ہمیشہ غم زدہ رہے، لڑائی جھگڑا اور بحث و تکرار میں پڑا رہے ناپاک رہے، مذہب سے دور رہے، کم عقل اور بخل ہوگا، عملیات اور جادو ٹونے سے پریشان رہے، گردش حالات کا شکار رہے، عورتوں پر مال بہت خرچ کرے، شریک کاروبار سے نقصان اٹھائے گا۔

ساتویں گھر میں زہرہ ہو تو

اگر زہرہ ساتویں گھر میں ہو تو صاحب زائچہ کو عورتوں کا سکھ ملے گا، ازدواجی خوشی حاصل ہوگی، شراکت اور تجارت میں مفاد ملے گا، میاں بیوی دونوں عیش پسند ہوں، راگ رنگ کا شوقین ہو، خوبصورت بیوی ہوگی اور اعلیٰ خاندان سے تعلق رکھنے والی ہو، بیوی سے بہت محبت رکھے گا، محبت اور رومان کرنے والا ہو، صاحب دولت اور خوش قسمت ہوگا، زوجہ کو اکثر کمر درد کی شکایت رہے گی، خواہش نفسانی کا خیال زیادہ رہے گا، زمین جائیداد کافی بنائے گا، سفر میں مالی فائدہ اٹھائے گا اولاد

میں لڑکیاں زیادہ ہوں گی۔

آٹھویں گھر میں زہرہ ہو تو

زہرہ کا آٹھویں گھر میں ہونے سے ہمیشہ فکر مند اور پریشان حال رہے، پیٹ میں اکثر تکلیف رہا کرے گی، طبیعت میں فکر، مایوسی، شامل رہے گی، صحبت بد کا شکار ہو، بدکاری میں صحت و روپیہ برباد کرے، سفر میں مالی نقصان اٹھائے گا، جنس مخالف سے تعلقات خراب رہیں گے، بیمار رہا کرے، لڑائی جھگڑے کی طرف طبیعت زیادہ مائل رہے، سخت محنت سے کچھ روپیہ اکٹھا کر سکے، چغل خور اور حاسد و لالچی ہوگا، جسم کمزور و لاغر ہوگا، قرض میں پھنسا رہے گا۔

نویں گھر میں زہرہ ہو تو

خلوت پسند، کم سخن، منصف مزاج، ذی علم، عقل مند ہوگا، عبادت گزار ہو، مال زیادہ اکٹھا کرے، مذہب کا پابند ہو، مذہبی سفر اور حج و زیارت بکثرت ہوں گے، روحانی علوم کا شوقین ہوگا، بھائیوں سے بنا کر رکھے اور فائدہ حاصل کرے گا، دوستوں سے محبت رکھے، جسمانی صحت اچھی ہوگی۔ نیک خیالات کا مالک ہوگا، اقبال مند، عزت و مرتبہ کا مالک ہوگا، صدقہ و خیرات زیادہ کرے، اگر زہرہ نحس ہو تو حالات برعکس ہوں گے۔

دسویں گھر میں زہرہ ہو تو

زہرہ کا دسویں گھر میں ہونے کی وجہ سے مالک جائیداد و املاک ہوگا، حاکم وقت سے تعلقات اچھے رکھے، امیدیں و خواہشات پوری ہوا کریں گی، علم حکمت میں دلچسپی رکھے گا، اچھا روزگار کرے، تجارت میں فائدہ ہوگا، صاحب علم و حکمت ہوگا، البتہ آنکھ میں کچھ نقص پیدا ہو سکتا ہے، والد سے تعلقات بہت اچھے ہوں گے، عزت و وقار کا مالک ہوگا، ترقی کرے، حوصلہ مند اور بہادر ہوگا، غیر ملکی سفر میں مالی فائدہ بکثرت ہوگا، اعلیٰ پوزیشن و مقام کا مالک ہوگا۔

گیارہویں گھر میں زہرہ ہو تو

دوستوں کا مددگار ہو اور دوستوں سے بہت مالی فائدہ اٹھائے گا۔ امیدوں میں اکثر کامیابی ہوگی۔ غریبوں کا مددگار ہو اپنی کمائی سے دوسروں کی مدد بہت کرے، عزت و مرتبہ حاصل کرے گا، وفادار دوست ملیں گے، سوشل کاموں میں دلچسپی رکھے گا، شراکتی امور میں فائدہ ہوگا، صاحب اقبال، دولت مند اور مشہور عام شخصیت ہوگا، ہمیشہ کاروبار کی فکر میں رہے گا، عیاش اور راگ

رنگ کا شوقین ہوگا۔تجارت وخرید وفروخت میں بکثرت فائدہ ہوگا۔

بارہویں گھر میں زہرہ ہوتو

بارہویں گھر میں زہرہ کے ہونے کی وجہ سے صاحب زائچہ فضول خرچ ہو عورتوں پر مال بہت خرچ کرے، راگ رنگ اور موسیقی کی محفلوں پر روپیہ خرچ کرے، دائمی المریض ہو، ہروقت دشمنوں کا خوف رہے، دولت کا نقصان کرنے والا ہو، دوستوں سے اکثر ناراض ہی رہا کرے، حاسد، چغل خور اور بے ایمان طبیعت کا مالک ہو،فضول وبے ہودہ عادات کا مالک ہو، بھایوں سے ناراضگی اور دشمنی پیدا کرے، آنکھوں کی تکلیف پائے گا، بغیر سوچ سمجھے گفتگو کرے، اپنے ہاتھوں سے بنے بنائے کاموں کو خراب کرے، تنہائی پسند ہو، قید و بند ہو، خفیہ دشمن بہت ہوں، محنت ومشقت سے مال کچھ بنائے گا، اولاد کا دکھ نصیب ہو، پہلی اولاد مرجائے یا اس سے بہت نقصان اٹھائے گا۔

12 گھروں میں زحل کے اثرات

زائچہ کے 12 گھروں میں کیا کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں زحل میں ملاحظہ کریں۔

پہلے گھر میں زحل ہوتو

پہلے گھر میں زحل ہونے کی وجہ سے صاحب زائچہ دائمی المریض ہوگا، تمام عمر صحت کے مسائل کا سامنا رہے گا، ذہنی پریشانی، بے سکونی، کند ذہنی، تند مزاجی، دل کو تکلیف، رنج وغم میں مبتلا رہے، سیاہی مائل رنگت کا مالک ہوگا، بدصورت اور غبی ہوگا، کمزور دانت اور کمزور ناخن ہوں گے دولت اکٹھی کرنے کی فکر میں رہے ہر کام میں رکاوٹ پریشانی اور التواء رہے، کام بن بن کر بگڑتے رہیں، اپنی نفسانی خواہشات کا غلام پسند ہو، ناپسندیدہ گفتگو کرنے والا، حریص لالچی اور کاہل الوجود ہوگا، نیچ لوگوں کی صحبت اختیار کرے، اپنے رشتہ داروں اور گھر کے افراد کا دشمن رہے گا۔

دوسرے گھر میں زحل ہوتو

اگر زحل دوسرے گھر میں آجائے تو فضول خرچ بہت ہو، مال اکٹھا نہ کرسکے، مالی پریشانی

کا شکار رہے، نفع کم اور نقصان زیادہ رہے، ناگہانی اخراجات ہوتے رہیں۔ دوسروں سے سخت لہجہ میں گفتگو کا عادی ہو، کاروباری امور میں مشکلات کا سامنا رہے، حادثات بکثرت ہوا کریں گے، پیدائش کے بہت جلد ہی کسی عزیز یا کسی رشتہ دار کی موت واقع ہوجائے بھائیوں کے حق میں اچھا نہ ہوگا، اگر زحل زائچہ میں سعد ہوتو اچھا ہے اور حالات برعکس نمودار ہوں گے۔

تیسرے گھر میں زحل ہوتو

نزدیکی سفر میں مشکلات رہے اور مالی نقصان کا اندیشہ ہو، اور سفر میں حادثات کا امکان رہتا ہے۔ ذہنی پریشانی کا شکار رہے امیدوں میں اکثر ناکامی رہے۔ بھائیوں سے اختلاف رکھے، صحت کے مسائل رہیں۔ مصیبت میں جلد گھبرا جانے والا ہو، کمزور جسم کا مالک ہو، بیمار اور دکھی رہے، دولت ومال کا نقصان اٹھاتا رہے، آمدن کم اور خرچ زیادہ ہو، اگر زحل سعد حالت میں ہوگا تو نزدیکی سفر میں بکثرت فائدہ ہو، مالی فائدہ ہو، ذہین عقلمند ہو، بھائیوں سے فائدہ ہو، طویل عمر ہو، اچھی صحت کا مالک ہو، مشکلات کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے والا ہو۔

چوتھے گھر میں زحل ہوتو

زحل چوتھے گھر میں ہوتو زمین وجائیداد کا مالک ہو، والدہ کی عمر طویل ہو، زراعت سے بہت فائدہ اٹھائے گا، بھائیوں سے مالی فائدہ ہوگا، گھریلو سکون ملے، البتہ رشتہ داروں سے رنج اٹھائے گا، اگر زحل نحس حالت میں ہوتو زراعت وجائیداد کا نقصان اٹھائے، گھریلو پریشانی کا سامنا رہے، بدمزاج کم فہم اور مفلس ہوگا، تنہائی پسند سب سے الگ تھلگ رہنا پسند کرے گا، ماں باپ کو تکلیف دین والا ہوگا، دشمن بہت ہوں گے، بھائیوں کا دشمن ہو، بھائیوں سے مالی نقصان اٹھائے گا، مستقل کسی ایک جگہ رہائش نہ رکھ سکے اپنی جائیداد اور مکان نا بنا سکے، ذہنی دباؤ کا شکار رہے، کاروباری دلچسپی کم ہونے کی وجہ سے نقصان بہت اٹھائے گا، نقل مکانی اور ہجرت میں رہا کرے گا، گھریلو جھگڑوں کے باعث پریشان رہا کرے گا، رشتہ داروں سے رنج اٹھائے گا، دشمن کا خوف رہے، والدین سے رنج وتکلیف اٹھائے۔

پانچویں گھر میں زحل ہوتو

محبت میں ناکامی ہو اول اولاد نہ ہو اگر ہوجائے تو اولاد کا سکھ نصیب نہ ہو، جوا ولاٹری کے ذریعے بہت مالی نقصان اٹھائے گا، ہروقت فکر مند وپریشان رہے گا، گھریلو فضا میں کشیدگی رہا

کرے، عزت ووقار میں کمی واقع ہوگی، متکبر مزاج، غصہ ور طبیعت اور بدمزاج ہو اور روگ یا بیماری لاحق رہے، علمی تحقیقات کا بہت شائق ہوگا، مذہب پر پابند نہ رہے، عزیزوں سے تعلقات خراب رکھے، مستقل ایک جگہ قیام نہ رکھ سکے، دل تنگ نظر ہو اور ہر وقت بے قرار اور بے سکون رہا کرے گا، ڈپریشن کا شکار رہے۔

چھٹے گھر میں زحل ہو تو

ملازمین سے ناخوشگوار حالات اور تلخ کلامی رہا کرے۔ طبیعت میں بے سکونی اور جھنجلاہٹ رہے، دشمن غالب رہیں گے، سسرال کے خاندان کی طرف سے مسائل کا سامنا رہا کرے گا، صحت کے مسائل کا سامنا رہے، امراض خبیثہ کا شکار ہو جائے گا، امیدوں میں ناکامی ہوا کرے گی، بڑی محنت کے بعد کچھ مال و دولت بنا سکے، جادو ٹونے کا شکار رہے، گردش ایام میں مبتلا رہے، خاندان والوں کو تکلیف پہنچانے والا ہو، مریض طبع اور دکھی رہے، خاندان کو بدنام کردے، مذہب سے بے زاری کرے، جس کام میں ہاتھ ڈالے ناکامی ہو، اگر زحل سعد حالت میں ہو تو کچھ حالات بہتر ہوں گے۔

ساتویں گھر میں زحل ہو تو

ساتویں گھر میں زحل ہو تو اس کی تاثیر سے صاحب زائچہ کی زندگی میں بیماری، پریشانی، غربت، التواء، علیحدگی، بندش، نقصانات زیادہ ہوں، شریک زندگی کسی خفیہ مرض کا شکار ہو، یا وہ خود اپنی برائیوں کی وجہ سے قابل قبول نہ ہو، شادی بہت دیر سے ہوگی، دونوں کی عمروں میں نمایاں فرق ہوگا، اپنے آدمی کے ساتھ لمبی مدت تک کوئی نہیں رہ سکتا، کم عقل یا چھوٹے خاندان کی عورت سے شادی کرے گا، گھریلو پریشانی اور ازدواجی تعلقات میں کشیدگی کا شکار رہے، شادی میں رکاوٹ رہے، عورت سے رنج تکلیف اٹھائے، دشمن کا خوف رہے شریک کاروبار سے نقصان اٹھائے گا، ذہنی پریشانی کا شکار رہے، طبیعت غصہ ور ضدی پن، کینہ اور حاسد ہو، اگر زندگی میں کچھ کرے گا تو وہ دوسروں کی مہربانی سے کر سکے گا، تنہائی پسند، بدمزاج اور تلخ گفتگو کرنے والا ہوگا، عورت خوبصورت نہ ملے گی، چھوٹی عمر میں تکلیف اٹھائے، سفر میں فائدہ نہ ہوگا

آٹھویں گھر میں زحل ہو تو

زحل آٹھویں گھر میں ہو تو اس کی وجہ سے بہن بھائیوں سے وراثت کے معاملے میں

اختلاف رائے پیدا ہو جائے گی۔ البتہ مشترکہ مفاد کے لیے کئے گئے کاموں میں کچھ مفاد ملے گا۔ خرابی صحت طبیعت سردمہری، تلخ کلامی اور پارٹیز سے جھگڑا رہا کرے گا، پیٹ میں تکلیف پیدا ہو جائے کم عمر ہوگا، برے لوگوں کی محبت زیادہ اختیار کرے گا، مفلس ونادار ہو، اپنے عزیز واقارب سے علیحدگی اختیار کرے گا، چوروں سے خطرہ رہے، سفر بہت کرے اور نقصان اٹھائے گا، بھائیوں سے اختلاف رہے، وراثت نہ ملے۔

نویں گھر میں زحل ہو تو

شکی، وہمی مزاج ہو کسی پر بھروسہ نہ کرے، مذہب پر توجہ کم دے، فضول خرچ ہو، سفر میں پریشانی اور رکاوٹ کا شکار رہے، پریشان کن حالات کا شکار رہے، کاروباری نقصانات زیادہ اٹھائے گا، سفر میں مالی نقصان اور چوری کا امکان رہے یا چیزوں کے گم ہو جایا کریں گی، بے جا فکر مند اور بے سکون و پریشانی کا شکار رہے، روحانی معاملات میں ترقی نہ کر سکے، مذہب سے دوری اختیار کرے، بھائیوں سے محبت کم رکھے، غیر عورت سے محبت کم رکھے، اپنے قوت بازو سے کچھ مال و دولت اکٹھی کر سکے گا، سعد ہو تو حالات برعکس ہوں گے۔

دسویں گھر میں زحل ہو تو

دسویں گھر میں زحل ہونے کی وجہ سے عزت وترقی حاصل کرے گا، حج وعمرہ کی سعادت حاصل کرے گا، دولت کافی اکٹھی کرے، کیریئر میں بہتری ہوگی، سوشل لائف اختیار کرے، دوستوں سے امیدیں پوری ہوں گی، ملازمین سے مدد ملے گی، حاکم کی نظر میں مقام حاصل کرے، بھاری ذمہ داریاں پوری کریں، دلی مرادیں پوری ہوں گی، منصف مزاج، حاکم وقت اور آسانی سے دولت جمع کر سکے گا، اگر نحس حالت میں ہو تو والدہ پیدائش کے وقت فوت ہو جائے گی یا بہت جلد بچپن میں فوت ہو جائے گی، والدہ سے ناراضگی رکھے، حاکم سے مخالفت کرے، نچ قوم سے تعلق پیدا کرے، دشمنوں کا خوف رہے، تجارت میں نقصان اٹھائے۔

گیارہویں گھر میں زحل ہو تو

زحل گیارہویں گھر میں ہو تو مولود کو امیدوں میں ناکامی رہے، ہمیشہ مالی نقصان کا شکار رہے، دوستوں سے تعلقات خراب رکھے اور نقصان اٹھائے، روزگار کی پریشانی رہے، عزت و مرتبہ کا خطرہ رہے گا، تجارت میں نقصان اٹھائے گا، اگر زحل سعد ہو کر گیارہویں گھر میں پڑا ہو تو عزت و

مرتبہ پائے، عمر دراز ہو دوستوں سے مالی فائدہ اٹھائے، حلقہ احباب بہت بڑا ہو، حاکم وقت ہو، غیر عورت سے محبت رکھے، دشمن مغلوب ہوں، عیاش طبیعت ہو، اقبال مند اور دولت مند ہو، بامقصد زندگی بسر کرے، سنجیدہ و بردبار طبیعت ہوگی، اپنی ذاتی دلچسپی میں مگن رہے اور کسی کی پروا نہ کرے، کفایت شعار ہو ادھیڑ عمر میں بہت دولت جمع کرے اور تجارت میں نفع کثیر اٹھائے گا۔

بارہویں گھر میں زحل ہو تو

تنہائی پسند، کم گو، کند ذہن، بے وقوف، متفکر، بے سکون طبیعت کا مالک ہو، بہت زیادہ فضول خرچ ہو، برے کاموں کی طرف رغبت زیادہ رکھے، نشہ آور چیزوں کا استعمال رکھے گا، دشمن کا خوف رکھے گا، قید تنہائی کی سزا ہو، سست الوجود ہوگا، وعدہ کا پابند نہ ہو، ہر کام ادھورا چھوڑ دے گا، ہر کام میں رکاوٹ اور پریشانی کا شکار رہے گا، بھائیوں سے اختلاف رکھے، قانونی گرفت میں آئے گا، کسی کا احسان یا نیکی یاد نہ رکھے، نقل و حرکت بہت کرے گا، دولت کا آرام کم نصیب ہوگا، بخیل اور بدباطن اور حاسد ہوگا، اکثر بیمار رہے، اولاد سے تکلیف اٹھائے، غیر عورتوں سے تعلقات رکھے گا۔

12 گھروں میں راس اور ذنب کے اثرات

زائچہ میں راہو (راس) اور کیتو (ذنب) کے اثرات قریب قریب ایک جیسے ہی ہوتے ہیں۔ اس لیے ان دونوں کے اثرات اکٹھے ہی لکھ رہا ہوں آپ ملاحظہ فرمائیں۔

پہلے گھر میں راس ہو تو

آپ کو معلوم ہے کہ راس اور ذنب ہمیشہ ایک دوسرے کے مخالف ہی رہتے ہیں۔ یعنی اگر راس پہلے گھر میں ہوگا تو ذنب ساتویں گھر میں اسی درجہ و دقیقہ میں ہوگا کہ جس میں راس موجود ہے۔ اگر کسی کے پہلے گھر میں راس ہوگا تو اس کی تاثیر سے جسم کو تکلیف پہنچے گی، فضول خرچ ہوگا، دل پریشان رہے، عزت و وقار پر الزامات لگتے رہا کریں، مزاج میں مایوسی و خوف کا عنصر قائم رہے، ہمیشہ دکھی رہے، عزیزوں سے اسے امداد یا مدد نہ ملے، دین و مذہب کے خلاف عمل کرے، اولاد کی پریشانی اٹھائے، سفر کا شوقین ہو، بازو یا شانوں میں تکلیف پیدا ہو جائے گی، بھائیوں کا آرام نہ ملے

گا، بے رحم، کنجوس، مغرور اور تکبر کرنے والا مفلس و قلاش آدمی ہوگا، اگر راس طالع میں سعد اور اچھی حالت میں ہوگا تو حالات برعکس ہوں یعنی حلقہ احباب بہت وسیع ہو، معاشرے میں عزت و مقام حاصل ہو، طبیعت درویشی کی طرف مائل ہو، روپیہ پیسہ کی فکر نہ ہو، سنجیدہ مزاج ہو، خاموش طبیعت، زمین و جائیداد سے فائدہ اٹھائے گا۔

دوسرے گھر میں راس ہو تو

دولت کا نقصان خود ہی کرتا رہے، آمدن کم اور خرچ زیادہ رہے، دشمن بہت ہوں، عزیز و اقارب کم ہوں، مقدمات و جھگڑوں میں پھنسا رہے، مریض ہو، خاندان کو نقصان پہنچانے والا ہو، جھوٹ بولنے والا ہو، اگر سعد حالت میں ہو تو مالی معاملات میں آسانیاں رہیں، غیر متوقع طور پر مالی فوائد حاصل ہوں، آمدن کافی ہو، شراکتی کاموں میں اتار چڑھاؤ رہے، عزیز و اقارب سے کچھ نہ کچھ فائدہ ہو، حکام سے عزت و مرتبہ حاصل ہو، سنجیدہ مزاج کا مالک ہو۔

تیسرے گھر میں راس ہو تو

تندرستی حاصل ہو، بھائیوں سے سکھ ملے، نزدیکی سفر میں کامیابی ہو، خوش خلق اور اچھی طبیعت کا مالک ہوگا، رشتہ داروں سے مدد ملے گی، تحریر و تقریر کی صلاحیتیں ہوں، البتہ عدالتی کاموں میں نقصان کا اندیشہ رہے، رشتہ داروں سے محتاط رہیں، نحس ہو تو مفلس وفادار ہو، مقروض رہے، عزت پر حرف آئے، سفر میں نقصان ہو، بھائیوں سے اختلاف رکھے، بڑوں کی عزت نہ کرے، مریض اور دکھی رہے، رشتہ داروں سے اختلاف رائے رکھے۔

چوتھے گھر میں راس ہو تو

بے حد مصروفیت رہے، زمین و جائیداد کے کاموں میں اور زراعت میں فائدہ کثیر ہوگا، نئی سواریاں خریدے گا، والدین کا سکھ ملے گا، اگر نحس ہو تو والدہ بیمار رہے، باپ کا آرام کم ملے، خود بھی بیمار اور تکلیف میں رہے، دوستوں اور رشتہ داروں کا سکھ کم ملے، لڑائی جھگڑے کے لیے ہر وقت تیار رہے، لاغر بدن اور بیمار جسم کا مالک ہو، دشمن کا خوف رہے، بھائیوں سے مالی نقصان اٹھائے اولاد کا سکھ نہ ملے۔

پانچویں گھر میں راس ہو تو

طبیعت سیر و سیاحت کی طرف مائل رہے۔ انعامی سکیموں میں مالی فائدہ ہو، اچانک مالی حالت بہتر ہو راہ چلتے دولت کافی ملے گی، نئے نئے افراد سے دوستی پیدا کرنے کا شوق ہو، عشق میں کامیابی ہوگی، نحس ہونے سے حریص، لالچی، حاسد، کنجوس ہو، اولاد کا سکھ نہ ملے، جوا کی عادت ہو اور بے شمار دولت ضائع کرے، متکبر، غرور ہو، امیدوں میں ناکامی، عشق میں ناکامی، گھریلو زندگی بہتر رہے گی۔

چھٹے گھر میں راس ہوتو

اگر سعد ہو تو امراض سے حفاظت رہے۔ دشمن کچھ نہ بگاڑ سکیں۔ جادو ٹونے کا اثر نہ ہو ملازم اطاعت کریں۔ بڑا طاقتور اور تندرست جسم کا مالک ہوگا۔ دشمنوں پر غالب رہے۔ پیٹ کے امراض کا شکار رہے۔ دوستوں کا آرام کم پائیں فضول خرچ ہو اولاد کہنا نہ مانے۔

ساتویں گھر میں راس ہوتو

عورت سے تکلیف اٹھائے، شریک کار سے نقصان ہو، خود اعتمادی کی کمی ہو، جلد باز ہو، دوسروں کے مشورے پر عمل کرے، ہمیشہ سفر کی طرف طبیعت مائل رہے، عورت کی وجہ سے بے چین رہے گھریلو پریشانی کا شکار رہے، بدنام ہو جائے۔

آٹھویں گھر میں راس ہوتو

وراثت اور ترکہ کے مسائل سے دوچار رہے، وراثت کے معاملے میں بھائیوں سے جھگڑا پیدا ہوگا، صحت کچھ بہتر رہے گی، شراکتی کاموں میں فائدہ ملے گا، فضول خرچ ہوگا، لین دین میں نقصان ہوگا۔

نویں گھر میں راس ہوتو۔

کھوٹے کام کرنے والا گندھے خیالات والا، بے مقصد گفتگو کرنے والا، بے دین، سفر میں نقصان، قانونی مشکلات کا شکار رہے، عزیز و اقارب سے اختلافات رہیں، مذہب کے خلاف عمل کر کے، اولاد سے علیحدگی اختیار کرے، لالچی اور تلخ کلام ہوگا، ہمیشہ فکر مند اور پریشان رہے۔

دسویں گھر میں راس ہوتو

ملازمت میں ترقی کرے، والدین کا سکھ نہ ملے، صحت کچھ اچھی رہے، خانگی معاملات ناخوشگوار ہوں، ڈرائیونگ میں حادثہ کا شکار ہو، حاکم وقت سے اختلاف رائے رکھے۔

گیارھویں گھر میں راس ہوتو

زائچہ کے گیارھویں گھر میں راس ہو تو اس کی تاثیر سے صاحب زائچہ سماجی کاموں میں مصروف رہے گا، نئے نئے لوگوں سے تعلقات پیدا کرنے کا شوقین ہوگا، سیر و تفریح کا شائق ہوگا، حلقہ احباب کافی وسیع ہوگا، امیدیں اکثر پوری ہوں گی، مالی حالت بہتر رہے گی، نحس حالت میں ہو تو مذکورہ بالا تمام باتیں الٹ سمجھیں گے۔

بارھویں گھر میں راس ہوتو

علوم مخفی کی طرف زیادہ رجحان رہے گا، عدالتی کاموں میں کامیابی ملے گی، البتہ صحت کے مسائل کا شکار رہیں، خفیہ دشمنی بہت ہو، جادو ٹونے کی وجہ سے بہت پریشانی اٹھانی پڑے گی، فضول خرچی بہت کرے گا، ذاتی طور پر ذہنی پریشانی، بے سکونی پریشانی مال کی شکایت رہے گی، دشمن کا خوف رہے، روزگار کے مسائل پیدا ہوتے رہیں، لالچی، کنجوس، بدکار اور بدزبان ہوگا، بہت جلد غصہ میں آنے والا ہوگا۔

صرف سالانہ زائچہ اور اس کے ادوار معلوم کرنا+34 قسم کے مختلف سہم معلوم کرنا	500روپے
صرف سالانہ زائچہ اور اس کے ادوار معلوم کرنا+34 قسم کے مختلف سہم (پانچ سالہ)	2000روپے
بچوں کا نام تاریخ پیدائش کے حساب سے معلوم کرنا	200روپے
لکی نمبرز ہر سال ہر ماہ اور ہر دن کے معلوم کرنا (3 ماہ کیلئے)	300روپے
لکی نمبرز ہر سال ہر ماہ اور ہر دن کے معلوم کرنا (1 سال کیلئے)	800روپے
لکی نمبرز ہر سال ہر ماہ اور ہر دن کے معلوم کرنا (5 سال کیلئے)	3000روپے
پیدائشی زائچہ کے کواکب اور موجودہ ماہ وسال کے کواکب کا آپس میں نظرات اور ان نظرات کی تاریخ اور وقت معلوم کرنا (ایک سالہ)	700روپے
پیدائشی زائچہ کے کواکب اور موجودہ ماہ وسال کے کواکب کا آپس میں نظرات اور ان نظرات کی تاریخ اور وقت معلوم کرنا (5 سالہ پورٹ)	3000روپے
تقویم سیارگان (ہندی یا یونانی آپ کے مطلوبہ وقت کیمطابق) (20 سالہ)	1000روپے
تقویم سیارگان (ہندی یا یونانی آپ کے مطلوبہ وقت کیمطابق) (50 سالہ)	1600روپے
تقویم سیارگان (ہندی یا یونانی) (100 سالہ)	2700روپے
شادی کیلئے مرد و عورت کے زائچوں کا موازانہ کرنا۔	700روپے

زائچہ سے حالات زندگی معلوم کرنا

زائچہ مکمل ہونے کے بعد سب سے پہلے یہ دیکھا جاتا ہے کہ کون سا کوکب کس برج میں پڑھا ہے وہ وہاں سعد ہے یا نحس دوست کے گھر میں ہے یا دشمن کے گھر میں طاقتور ہے یا کمزور کوکب کا مزاج کیا ہے اور وہ کس مزاج کے گھر میں آیا ہے۔ یہ سب باتیں میں آگے چل کر آپ کو بتاؤں گا۔ ابھی میں وہ جدول پیش کرتا ہوں کہ جس کے ذریعے معلوم ہوگا کہ کوئی کوکب کس برج میں سعد ہوتا ہے اور کس برج میں نحس ہوتا ہے اور اس کے کون سے کوکب دوست ہیں اور کون سے دشمن ہیں۔ اس کی تمام تفصیل حاضر خدمت ہے۔

جدول دوستی ودشمنی سیارگان

	دوست کوکب	مساوی کوکب	دشمن کوکب
قمر	شمس، عطارد	مریخ، مشتری، زحل، زہرہ	ذنب
مریخ	شمس، قمر، مشتری	زہرہ، زحل، ذنب	عطارد
عطارد	شمس، زہرہ	مریخ، مشتری، زحل، ذنب	قمر
مشتری	شمس، قمر، مریخ	زحل، ذنب	عطارد، زہرہ
شمس	قمر، مریخ، مشتری	عطارد	زحل، زہرہ، ذنب
زہرہ	عطارد، زحل، ذنب	مریخ، مشتری	شمس، قمر
زحل	عطارد، زہرہ، ذنب	مشتری	شمس، قمر، مریخ

عنصری تقسیم

آتشی	خاکی	بادی	آبی
حمل	ثور	جوزا	سرطان

اسد	سنبلہ	میزان	عقرب
قوس	جدی	دلو	حوت
روحانی بروج	عملی بروج	ذہنی بروج	جذباتی بروج
مشرق	جنوب	مغرب	شمال

ماہیتی تقسیم

منقلب بروج	ثابت بروج	ذوجدین بروج
حمل	ثور	جوزا
سرطان	اسد	سنبلہ
میزان	عقرب	قوس
جدی	دلو	حوت

ستاروں کی منسوبات

نام کوکب	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
برج متعلقہ	اسد	سرطان	حمل،عقرب	جوزا،اسد	قوس حوت	ثور،میزان	جدی دلو
متعلقہ دن	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
برج شرف	حمل19	ثور3	جدی28	سنبلہ15	سرطان15	حوت27	میزان21
برج ہبوط	میزان19	عقرب3	سرطان28	حوت15	جدی15	سنبلہ27	حمل21
برج وبال	دلو	جدی	میزان،ثور	قوس،حوت	جوزا،اسد	حمل عقرب	سرطان،ا
برج اوج	سرطان20	سنبلہ	اسد19	عقرب5	میزان2	جوزا22	قوس13
برج حضیض	جدی20	حوت	دلو19	ثور5	حمل2	قوس22	جوزا13
برج فرح	قوس	جوزا	سنبلہ	حمل	دلو	اسد	حوت

برج طرح	جوزا	قوس	حوت	میزان	اسد	دلو	سنبلہ
عنصر	آتشی	آبی	آتشی	بادی	بادی	بادی	خاکی
مزاج	گرم خشک	سرد تر	گرم خشک	گرم خشک	گرم تر	سرد تر	سرد خشک
حد اتصال	17درجہ	12درجہ	8درجہ	7درجہ	9درجہ	7درجہ	9درجہ
اثر	سعد اکبر	سعد اکبر	نحس اصغر	درمیانہ	سعد اکبر	سعد اصغر	نحس اکبر
بخور متعلقہ	لوبان	کافور	لونگ مرچ	لوبان	زعفران	عود،لوبان	کالی مرچ
قیام برج	30دن	2½دن	1½ماہ	22دن	13ماہ	28دن	2½سال
سمت	مشرق	مغرب	جنوب مشرق	شمال	شمال	مغرب اور جنوب مشرق	جنوب
اعضاء جسم	دل	پھیپھڑا	پتہ	دماغ	جگر	معدہ	تلی
مطلوبہ عدد	1-4	2-7	9	5	3	6	8
جنس	مذکر	مونث	مذکر	مخنث	مذکر	مونث	مذکر
مطلوبہ پتھر	سرخ عقیق	موتی سفید عقیق	مرجان زبرجد	زمرد، فیروزہ	پکھراج زبرجد	الماس ہیرا	نیلم، یاقوت
حروف ابجد	ن ا م س ع	ذ ض ر غ ظ	ی ک ل ط	ت ث خ ش	و ز ح ہ	ر ق ف ص	ا ب ج د
رنگ	سرخ	سفید	سرخ	سبز	زردی مائل سفید	گندمی	سیاہ
تعلق	باپ	ماں	بھائی	ہمسایہ	بچہ	خاوند،بیوی	بزرگ افراد
رتبہ	بادشاہ،صدر	وزراء	سپہ سالار	سیکرٹری	سفیر	خدمتگار	خدمتگار
حالت	منقلب	ثابت	ذوجدین	ثابت	ثابت	ثابت	منقلب
رفتار	ہمیشہ سیدھی	ہمیشہ سیدھی	الٹی سیدھی	الٹی سیدھی	الٹی سیدھی	الٹی سیدھی	الٹی سیدھی
ذائقہ	تلخ	کھارا	کڑوا	چرپرا	شیریں	ترش	کسیلا

دورہ اکبر	6سال	10سال	7سال	17سال	16سال	20سال	19سال
مالک فلک	چوتھا آسمان	پہلا	پانچواں	دوسرا	چھٹا	تیسرا	ساتواں

بروج کے نظریات

طالع	تسدیس	تثلیث	تربیع	مقابلہ
حمل	جوزا۔دلو	اسد۔قوس	سرطان۔جدی	میزان
ثور	سرطان۔حوت	سنبلہ۔جدی	اسد۔دلو	عقرب
جوزا	اسد۔حمل	میزان۔دلو	سنبلہ۔حوت	قوس
سرطان	سنبلہ۔ثور	عقرب۔حوت	میزان۔حمل	جدی
اسد	میزان۔جوزا	قوس۔حمل	عقرب۔ثور	دلو
سنبلہ	عقرب۔سرطان	جدی۔ثور	قوس۔جوزا	حوت
میزان	قوس۔اسد	دلو۔جوزا	جدی۔سرطان	حمل
عقرب	جدی۔سنبلہ	حوت۔سرطان	دلو۔اسد	ثور
قوس	دلو۔میزان	حمل۔اسد	حوت۔سنبلہ	جوزا
جدی	حوت۔عقرب	ثور۔سنبلہ	حمل۔میزان	سرطان
دلو	حمل۔قوس	جوزا۔میزان	ثور۔عقرب	اسد
حوت	ثور۔جدی	سرطان۔عقرب	جوزا۔قوس	سنبلہ

ساعات کا نقشہ

دن کی ساعتیں

نمبر شمار	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ

طلوع	1	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
	2	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری
تا	3	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ
	4	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس
غروب	5	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ
	6	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد
کی	7	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر
	8	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
ساعات	9	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری
	10	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ
	11	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس
	12	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ

رات کی ساعتیں

	نمبر شمار	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
غروب	1	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد
	2	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر
تا	3	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
	4	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری
طلوع	5	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ
	6	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس
کی	7	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ

	8	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد
ساعات	9	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر
	10	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
	11	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری
	12	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ

تعلقات طالع

کسی بھی طرح کے زائچہ میں سب سے اہم مقام طالع ہوتا ہے ہر طالع ستارے کے ساتھ مخالف تعلق رکھتا ہے ان تعلقات کو جاننا زائچہ کے پڑھنے میں بہت مدد دیتا ہے اور بہت سے احکام آسانی سے مرتب کیے جاسکتے ہیں اس امر کیلئے ایک نقشہ دیا جاتا ہے جس سے باسانی یہ معلوم ہوگا کہ ہر طالع کو کونسے ستارے نحس یا ناموافق ہوتے ہیں اور کونسے موافق یا سعد ہیں کونسے کامیابی لاتے ہیں اور کونسے اسباب موت کا باعث بنتے ہیں۔

طالع	نحس ستارے	سعد ستارے	کامیابی کے ستارے	سیارگان اموات
حمل	عطارد، زہرہ، زحل	شمس، مریخ، مشتری		، عطارد، زحل
ثور	قمر، مشتری، زہرہ	مریخ، عطارد، زحل، شمس	زحل	زہرہ، مشتری
جوزا	شمس، مریخ، مشتری	زہرہ، زحل	زہرہ، زحل	مریخ، مشتری
سرطان	عطارد، زہرہ، زحل	مریخ، مشتری	مریخ	عطارد، زہرہ
اسد	عطارد، زحل، زہرہ	شمس، مریخ	مریخ	عطارد، زہرہ
سنبلہ	مریخ، قمر، مشتری۔	زہرہ	عطارد، زہرہ	مریخ، مشتری
میزان	شمس، مریخ، مشتری	عطارد، زحل، زہرہ	قمر، عطارد، زحل	مشتری
عقرب	عطارد، زحل، مریخ	قمر، شمس، مشتری	شمس، قمر	عطارد، زہرہ
قوس	زہرہ، زحل، عطارد	شمس، مریخ	قمر، شمس	زہرہ
جدی	قمر، مریخ، مشتری	، عطارد، زحل، زہرہ	عطارد، زہرہ	مریخ، مشتری

دلو	قمر، مشتری	زہرہ، مریخ، شمس، زحل	مریخ، زہرہ	مشتری
حوت	شمس، زہرہ، زحل، عطارد	قمر، مریخ	مریخ، مشتری، قمر	زعطارد، زحل، زہرہ

قمری برج اور منزل معلوم کرنا

جس تاریخ کو معلوم کرنا ہو کہ اس وقت ستارہ قمر کس برج میں اور کس منزل میں ہے تو پہلے تاریخ قمری مطلوبہ کو 13 درجہ اور 20 دقیقہ سے ضرب دے کر 26 درجہ قانون کے ان میں جمع کر کے حاصل جمع کو 30 پر تقسیم کریں جو حاصل تقسیم ہو اس کو جس برج میں آفتاب طلوع کرے اس سے لے کر آئندہ برجوں پر تقسیم کر دیں جس میں ختم ہو وہ قمری برج اور منزل ہوگی۔

مثال: یکم ستمبر 2008 کو قمری تاریخ 29 شعبان تھی اب 13X29 درجہ=377 درجہ اور 20 دقیقہ حاصل ہوئے قانون کے 26 جمع کر کے 30 پر تقسیم کیا تو باقی 13 بچے شمس اس وقت برج سنبلہ میں تھا سنبلہ سے تیرھواں برج سنبلہ ہی آتا ہے پس ستارہ قمر برج سنبلہ میں منزل سماک کے 13 درجے پر تھا۔

حمل			ثور			جوزا		
1	2	3	3	4	5	5	6	7
ا	ب	ج	ج	د	ہ	ہ	د	ز
شرطین	بطین	ثریا	ثریا	دبران	ہقعہ	ہقعہ	ہنعہ	ذراعہ
13 درجہ	13 درجہ	10 درجہ	13 درجہ	13 درجہ	10 درجہ	10 درجہ	13 درجہ	13 درجہ
20 دقیقہ	20 دقیقہ	20 درجہ	20 دقیقہ	20 دقیقہ	20 دقیقہ	20 دقیقہ	20 دقیقہ	20 دقیقہ
سرطان			اسد			سنبلہ		
8	9	10	10	11	12	12	13	14

ح	ط	ی	ی	ک	ل	ل	م	ن
نثرہ	طرفہ	جبھہ	جبھہ	زبرہ	صرفہ	صرفہ	عوا	سماک
13درجہ	13درجہ	13درجہ	10درجہ	13درجہ	13درجہ	10درجہ	13درجہ	13درجہ
20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ
میزان			عقرب			قوس		
15	16	17	17	18	19	19	20	21
س	ع	ف	ف	ص	ق	ق	ر	ش
عفرہ	زبانہ	اکلیل	اکلیل	قلب	شولہ	شولہ	نعائم	بلدہ
13درجہ	13درجہ	13درجہ	10درجہ	13درجہ	10درجہ	10درجہ	13درجہ	13درجہ
20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ
جدی			دلو			حوت		
21	22	23	23	24	25	25	26	27
ث	ث	خ	خ	ذ	ض	ض	ظ	غ
ذابح	بلغ	سعود	سعود	اخبیہ	مقدم	مقدم	مؤخر	رشا
13درجہ	13درجہ	13درجہ	10درجہ	13درجہ	13درجہ	10درجہ	13درجہ	13درجہ
20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ	20دقیقہ

اب دوم

12 گھروں کے سوالات

انہ اول:

خانہ اول نفس صحت وتندرستی، نحوست، طالع، کہنا سننا ہر امر کا، تدبیر وعقل، حرکت سکون، ارادہ، مرض اعضاء، شروع وختم ہر کام کا، شرم وعقل، عمر وشادی، ترقی وتنزلی، رام ومشقت، خیر وشر، ملاقات دوستان، حال عمر، حال عمر گذشتہ، کیفیت زندگی، سرتا لردن تک منسلک ہے۔

انہ دوم:

مالی حالت، خزانہ، دولت، تجارت، خرید وفروخت، لین دین، فقیری امیری، سافت کا آنا، دوستوں کا سفر، بچوں کو دودھ دینا، زراعت کرنا، جنگ وصلح کرنا، سخاوت، قرض دینا اور لینا، امانت رکھنا، خط روانہ کرنا، عیش وعشرت، نفع ونقصان، مہمان کی آمد، غنا وفقر، غذا کھانا یا نہ کھانا، ماموں اور خالہ، گردن اور حلق سے تعلق رکھتے ہیں۔

خانہ سوم:

سفر نزدیکی، اقربا، بھائی بہن، تبادلہ، مرض، تعبیر خواب، علم شریعت، دعا کرنا، عمل پڑھنا، دایہ کو رکھنا، مسجد بنوانا، تبادلہ کا حال دیکھنا، کیفیت ابتدائے سفر، ہمسایہ، بازار جانا، صحرا جانا، حصول علم، کیفیت زراعت، مواصلات، خبریں، کزن، گاڑیاں اور سڑکیں، اعضاء میں کندھے اور ہاتھ شامل ہیں۔

خانہ چہارم:

والد، والدہ، مکان، زمین جائیداد، دکان داری، فائدہ یا نقصان دیکھنا، بچوں کو مکتب میں بٹھانا، کتاب دینا، درخت لگانا، زمین سے دفینہ معلوم کرنا، پانی دینا، بیج دینا، عاقبت کار، امن وخوف، فروختگی مال، بھائیوں سے مالی فائدہ دیکھنا، عمر سائل کی کیفیت،

کیفیت عمارت واملاک، کیفیت دوستی ودشمنی اولاد، اعضاء میں معدہ بغل اور سینہ وغیرہ شامل ہیں۔

خانہ پنجم:

اولاد، عمل، شاگرد، تعویزات، معشوق کا حال، قاصد کو بھیجنا، خط روانہ کرنا، شطرنج کھیلنا، شراب پینا، نئے کپڑے پہننا، حمل معلوم کرنا، شادی فرزند، حالات معشوق، صحت معشوق دیکھنا، تحفہ ہدیہ، آمد ڈاک، غم ورنج یا خوشی معلوم کرنا، فتوحات میں کامیابی ناکامی دیکھنا، حالات بیماری، محبت، رومانوی معاملات، بچوں کے معاملے، قیاس آرائی، حصص اور اسٹاک، انتخابات، تفریح، سرمایہ کاری، جوالاٹری، وصیت، کلب، ریس، قمار بازی، نتیجہ، امتحان، عیش وعشرت، شاعری، عدل وانصاف، علم وعقل استاد، پہلو اور شرمگاہ سے متعلق ہے۔

خانہ ششم:

غلام، کنیز، بیماری، کاروبار، دکان، جھوٹ معلوم کرنا، پرندے اُڑانا، حمل کے حالات معلوم کرنا، بیماری کب تک رہے گی، نحوست وبرکت، اولاد کے مالی حالات، آمد زلزلہ، حالات خرید وفروخت، سفر اولاد، حالات پھوپھی وہمسایہ، حالات مقام برادر حقیقی، امراض، دشمن، شریک کارکنان ماتحت، ملازمین، کرایہ دار، قرض، چور، بیمار کی حالت، جھگڑا، فساد برادری، زخم، قید، زہریلے جانور، آگ کا خوف، ہر قسم کے پھوڑے پھنسی، روزمرہ کے کام کاج، خوراک، عادات، چچا، ماضی، نزدیکی رشتہ دار، پہلی بیوی کے حالات، کسب وکام، پیٹ اور پیٹھ کے حالات۔

خانہ ہفتم:

نکاح، مدعا علیہ، دکاندار، زن منکوحہ، چوری، مال غائب، غلہ کا نرخ، شراکت کرنا، سیر کرنا، دعویٰ کرنا، عورت کی حیا دیکھنا، حالات وحلیہ چور، حالات آمد مفرور وگریختہ، حالات زندگی غائب کے دیکھنا، ارادہ دشمن دیکھنا، عورت کا حسب ونسب، شادی، قرض خواہ، مریض کا مرض ن، قانونی معاملات، اعضاء میں زہرناف وسیرین شامل

ہیں۔

خانہ ہشتم:

چوری کا مال کشتی کا ڈوبنا، مال زوجہ، قرض لینا، بیماری، مقدمہ، موت لڑائی جھگڑا، بیمار کی زندگی موت دیکھنا، میراث، چوری شدہ مال، دفینہ، مقام معشوق، عافیت فرزند، حالات معشوقہ، اولاد، سفر غلام یا نوکر کے حالات بھائی کی بیماری کب تک رہے گی۔ دوسروں کا مال، ٹیکس، انشورنس، قانونی چارہ جوئی، خفیہ معاملات، لمبی عمر، ترکہ، وضع حمل، قحط سالی، لوٹ مالی، تبدیلیاں، جہیز، جنسی خواہشات، روحانی قوت، دنیاوی شہرت، بلندی سے گرنا، سفر سے تکلیف، اعضاء میں جنسی اعضاء شامل ہیں۔

خانہ نہم:

بیرونی ملک سفر، قسمت، علم دین، کتاب خریدنا، طلسم بنانا، تعبیر خواب، عبادات، حج وعمرہ، نجوم سیکھنا، نکاح، بھید کھلنے میں نفع ونقصان دیکھنا، قانون وعدالت، فلسفہ، مذہب، سائنس، اچھی قسمت، چلہ وعملیات، الہام، غیب بینی، پیشن گوئی، خوش قسمتی، تصانیف، انشورنس، صدقہ خیرات، مذہبی جنون، اعضاء جسم میں ران شامل ہیں۔

خانہ دہم:

حالات حکام، دولت کو ثبات ہے یا نہ، حالات روزی وشغل وعمل، پیشہ سائل، تجارت کروں یا نہ، کونسا پیشہ مفید ہے۔ حالات سوتیلی والدہ، شریک ومخالفین اولاد، حالات موت بھائی، حالات املاک زوجہ، حالات عافیت عورت، حالات غلام، بارش، ترقی، طبیب سے علاج، کیمیا بنانا، ملازمت کی بحالی، سماجی حیثیت، شہرت، غیر ملکی سفر میں مالی کامیابی دیکھنا، خطابات، انعامات، رشوت، حکیم وڈاکٹر، جج، اعتماد، جاہ ومنزلت اعضاء میں زانو شامل ہیں۔

خانہ یازدہم:

امید میں ناکامی کامیابی دیکھنا، دوستوں کا حال، فرزند، غائب کا حال معلوم کرنا، رشوت لینا دینا، عورت سے محبت کرنا، حالات ملاقات دوستاں، فرزند کی زندگی وموت،

نکاح، حالات معشوق عورت و معشوق شریک، حالات سفر برادر، معشوق کا نکاح دیکھنا، پرانے دوست، بڑا بھائی، دستاویزات، توقعات، احوال ہمسایہ، کامیابی، بزرگان، عمارت نو، تعویزات و عملیات، بہن بھائیوں کی آمد، خرید و فروخت، علم، عنایت شاہی، غم سے نجات، افسران کی دولت، مقدمات عدالت کا حال، عملیات کا نتیجہ، زکات نقوش، اعضاء میں ٹخنے شامل ہیں۔

خانہ دوازدہم:

فضول خرچی، دشمن، قیدی، تہمت، بیماری کہنہ، نوکری جائے گی یا نہ، سفر کروں یا نہ، سعادت و نحوست خرید چوپایہ، وجوہات دشمنی، دشمنوں کی عافیت، رہائی یا سزا، گرفتار شدہ کے حالات، حاسدوں کے حالات، صلح و اتفاق، دشمنیاں، حالات بیماری زوجہ، حالات شغل و عمل، برادر، حالات خوف معشوق حالات سفر اولاد، ہسپتال، جیل، خفیہ معاملات، منشیات، شراب نوشی، دکھ درد، موت، نقصانات، غیر ملکی سفر، مجبوریاں، پابندیاں، خودکشی، والد کے رشتہ دار، بدنامی، سرکاری سزا، چور ڈاکو حملہ، بڑے جانور اعضاء میں پاؤں شامل ہیں۔

وقتی زائچہ میں ستاروں کے مختصر اثرات ۔

وقتی زائچہ میں ستارہ شمس کے 12 گھروں میں اثرات

1- قسمت چمکے، وقار و عزت میں اضافہ ہو، مگر خرچ بھی زیادہ ہو۔
2- فیاضی کی طرف طبیعت مائل ہو دولت کی فکر لاحق ہو۔ روپیہ پیسہ ضائع ہونے کا خطرہ ہے۔
3- طبیعت سفر کی طرف مائل ہو مگر شمس آبی برج میں ہو تو سفر میں فائدہ ہوتا ہے۔

4- تکالیت دور ہوں والد سے مفاد ملے، رہائش میں خوشی و مسرت ملے۔
5- جوا و لاٹری میں کامیابی کا امکان ہے لیکن اولاد کی طرف سے فکر و اندیشہ میں اضافہ ہو۔
6- طویل امراض میں مبتلا ہو ملازمین سے خیر خواہی حاصل ہو۔
7- بیوی سے رنج و غم اٹھائے، شراکت میں نفع حاصل ہو۔
8- وراثت کے ملنے کی خوشی ہو، البتہ میاں بیوی کے تعلقات خراب ہوں۔
9- بیرونی ممالک کا سفر درپیش ہو، ذہنی سکون و خوشی حاصل ہو، حج و عمر نصیب ہو۔
10- کاروباری معاملات میں ترقی کا امکان ہے عمدہ روزگار حاصل ہو۔
11- امیدوں میں کامیابی ہو دوستی سے مفاد حاصل ہو۔
12- ترقی میں تاخیر کا امکان ہے۔ آزادی و خودمختاری کو چیلنج درپیش ہو۔

وقتی زائچہ میں ستارہ قمر کے 12 گھروں میں اثرات

1- طبیعت سفر کی طرف مائل ہو، روپیہ آتا رہے۔ غیر یقینی حالات کا رونما ہونا۔
2- بہت موافق ہوتا ہے انفرادی کامیابی ملے البتہ روپیہ کے معاملات میں احتیاط لازم ہے
3- سفر کے لئے موافق ہے نزدیکی رشتہ داروں سے مدد ملے سفر کا مسلسل ہونا۔
4- جائیداد میں حصہ ملے والدہ سے نفع ہو زراعت و زمین کے ذریعہ ترقی لاتا ہے
5- عزت و مقام و مرتبہ میں اضافہ ہو فوری نفع والی سکیموں میں نقصان ہوتا ہے۔
6- صحت میں معمولی خرابی ہو۔ ورم اور سوجن کی تکلیف ہو۔

7- گھریلو خوشی تجارت اور شراکت میں نفع ہو شریک زندگی سے خوشی ملے۔

8- عدم استقلال مالی فائدہ محبوب یا شریک زندگی سے ہو البتہ مرض میں طوالت۔

9- بیرونی سفر میں کامیابی، حج و عمرہ کا سوال ہو تو یہ سعادت نصیب ہوتی ہے۔

10- مال و دولت میں اضافہ ہو کامیابیاں ترقیاں، مال و دولت میں اضافہ۔

11- قمر طاقتور ہو تو امیدوں میں کامیابی دوستوں سے نفع ہو قمر کمزور ہو تو حالات بر عکس ہوں۔

12- عورتوں کے معاملات میں محتاط رہیں ورنہ پریشانی و مایوسی حاصل ہوگی۔

وقتی زائچہ میں ستارہ مریخ کے 12 گھروں میں اثرات

1- طبیعت میں جرات و دلیری پیدا ہو البتہ لڑائی جھگڑے سے پرہیز لازمی ہے۔

2- مالی پریشانی میں مبتلا ہو اعلیٰ خیالی کی قوتیں پیدا ہوں۔

3- نزدیکی سفر سے پرہیز ضروری ہے ورنہ حادثہ ہو سکتا ہے۔

4- گھریلو و خانگی معاملات میں پریشانیاں اٹھانی پڑھیں۔

5- عشق و محبت میں ناکامی ہو بچوں کی صحت متاثر ہو سکتی ہے حادثہ ہو سکتا ہے۔

6- ہر کام میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑھے ملازم یا کولیگ کو حادثہ پیش آئے۔

7- شریک زندگی یا شریک کاروبار سے معاملات خراب ہوں اعتماد کا فقدان ہو۔

8- کوئی بڑا حادثہ یا خطرہ در پیش ہو سکتا ہے نکتہ چینی سے پرہیز کریں۔

9- موافق نہیں ہوتا حصول مطلب کے لئے سخت جدو جہد کرنا پڑتی ہے۔

10- ضد کو چھوڑ دیں محتاط رہیں۔ حکام وقت سے پریشانی اٹھانی پڑے۔

11- پرانے دوست احباب دغا دیں ان پر اعتماد کرنا فضول ہے۔

12- صدمات، تشدد، زبردستی کے وقوع کا اندیشہ ہے دشمنوں سے نقصان اٹھائے۔

وقتی زائچہ میں ستارہ عطارد کے 12 گھروں میں اثرات

1- دماغی قوتیں پیدا ہوں عطارد نحس ہو تو جھگڑا فساد اور تکرار پیدا کرتا ہے۔

2- ملازمت و تجارت سے نفع ملے زندگی بہتر گزرے گی۔

3- نزدیکی سفر برائے علم ہو خط و کتابت زیادہ کریں طباعت و نشر و اشاعت۔

4- خط و کتابت، تحریرات، سفر تجارت، نفع بذریعہ علم حاصل ہو۔

5- عزت و شہرت و نیک نامی حاصل ہو فوری نفع والے کام اختیار نہ کریں۔

6- امراض میں مبتلا ہونے کا امکان ہے ماتحت کے ساتھ رویہ اچھا رکھیں۔

7- عورتوں کے ذریعے نفع کثیر حاصل ہو البتہ غلط فہمیوں سے بچیں۔

8- حادثہ و پریشانی کا وقت ہے محتاط رہیں گھریلو معاملات میں مصروف رہیں۔

9- غیر ممالک کے سفر میں نفع ہو اعلیٰ تعلیمی سفر در پیش آئے۔ اچھا وقت ہے۔

10- خرید و فروخت میں کامیابی لائے۔ عزت و شہرت حاصل ہو۔

11- اہل علم حضرات سے دوستی و نفع حاصل ہو۔

12- بیماری، حادثہ، خفیہ دشمنوں کی سازشوں کا سامنا ہے۔

وقتی زائچہ میں ستارہ مشتری کے 12 گھروں میں اثرات

1- جرأت وہمت میں اضافہ ہو عزت خوشی حاصل ہو۔ پوزیشن میں اہمیت لاتا ہے

2- مال ودولت میں اضافہ ہو آمدن میں ترقی ہو۔

3- خوشگوار سفر ہو بھائیوں سے نفع ہو۔ مقبولیت، مطالعہ اور امتحان میں کامیابی ملے

4- جائیداد کا حصول ممکن ہو والدین سے خوشی ملے کاروباری حالت اچھی ہو۔

5- اضافہ دولت ملے اولاد کا سکھ حاصل ہو سوشل حلقہ میں مقبولیت ہو۔

6- بیماری سے شفاء ملے ملازمین سے فائدہ ہو صحت بہتر ہو۔

7- شراکت میں نفع ہو علم وعقل میں اضافہ ہو دوستوں سے نفع ملے۔

8- جائیداد وراثت کا حصول ممکن ہو فالتو آمدن ملے۔

9- عقل ومرتبہ میں اضافہ ہو بیرونی ملک سفر برائے حج وعمرہ ہو روحانی ترقی۔

10- عزت شہرت وکاروبار وملازمت میں ترقی ہو لوگوں کی امداد حاصل ہو۔

11- دوستوں سے مفاد حاصل ہو خواہشات پوری ہوں سوشل مقبولیت۔

12- ذاتی کاموں میں کامیابی ہو مالی اور دوسری امداد کا ملنا۔

وقتی زائچہ میں ستارہ زہرہ کے 12 گھروں میں اثرات

1- خوش قسمتی، خوبصورتی اور دولت لاتا ہے۔ سوشل حلقہ میں کامیابیاں لائے۔

2- ہر کام میں کامیابی، فتح آمدن، خوشخبری لائے البتہ فضول خرچی بھی پیدا ہو۔

3- فنکارانہ اور علمی لیاقت زیادہ ہو عزیز واقارب سے تعلقات اچھے ہوں۔

4- والدین کے ذریعہ فائدہ ہو گھریلو تعلقات بہتر ہوں نیا ساز وسامان میسر آئے

5- انعام ولاٹری کے ذریعے دولت میسر آئے۔ محبت میں کامیابی ملے۔ مقبولیت حاصل ہو۔

6- بیماری سے شفاء ملے صحت بہتر ہو نفع نقصان برابر رہے۔

7- شریک زندگی اور شریک کاروبار سے مفاد ملے ازدواجی زندگی بہتر ہو۔

8- شادی کے ذریعے حصول مال ہو اگر زہرہ نحس ہو تو پیٹ کی تکلیف پیدا ہو۔

9- مال ودولت میں اضافہ ہو، ترقی، سوشل امور میں عزت ومرتبہ حاصل ہو۔

10- خواہشات کی تکمیل، خصوصاً عورتوں سے متعلق، مالی نفع، ترقی اور بہتری۔

11- وفادار اور پرخلوص دوست ملیں امیدوں میں کامیابی ہو۔

12- دشمنوں کا خوف غالب رہے۔ امیدوں میں ناکامی راز افشاں ہوں۔

وقتی زائچہ میں ستارہ زحل کے 12 گھروں میں اثرات

1- سخت امتحانی وقت ہے مخالفتوں کا مقابلہ کریں۔ رنج وغم ومصیبت میں اضافہ ہو۔

2- آمدن کم خرچ زیادہ ہو، محنت، مشقت، کفایت شعاری فراست۔ سے مدد لیں۔

3- امیدوں میں مایوسی ہو غلط فہمیاں پیدا ہوں نقصان بذریعہ سفر ہو۔

4- رشتہ داروں کے ذریعے رنج وغم پہنچے، گھریلو زندگی میں محتاط رہیں۔

5- محبت میں ناکامی، اولاد کا غم ملے، مالی نقصانات التواء رکاوٹ۔

6۔ محبت میں خرابی پیدا ہو ملازمت میں مشکلات پیدا ہوں۔
7۔ شادی میں رکاوٹ ہو تر کہ جائیداد کے امور میں جھگڑا لاتا ہے۔
8۔ بیوی کے مال میں التواء سخت محنت کے کاموں میں فائدہ ہو۔
9۔ سفر میں پریشانی و رکاوٹ پیدا ہو مذہبی اور فلاسفی امور میں مدد ملے۔
10۔ بھاری ذمہ داریاں پیدا ہوں۔ خود اعتمادی میں کمی واقع ہو۔
11۔ دوستوں سے رنج ملے محبت میں بدنامی لاتا ہے۔
12۔ قید تنہائی، ہسپتال میں داخلہ، صحت کی خرابی، مقدمات، عزت نفس۔

وقتی زائچہ میں ستارہ راس وذنب کے 12 گھروں میں اثرات

1۔ خود مختارانہ ذہنیت، کنٹرول سے باہر ہونا، فریب دھوکہ، نقصانات۔
2۔ ذہنی پریشانی مالی نقصانات، سفر زیادہ درپیش ہوں مزاج تلخ ہو۔
3۔ سفر سے نقصان، بدن میں کوئی بیماری پیدا ہو آگ و بجلی سے دور رہیں۔
4۔ دشمنوں کا خوف والدین سے رنج و غم اٹھانا پڑے والدین کی صحت خراب ہو۔
5۔ صاحب اولاد ہو مگر اولاد سے سکھ نہ ملے تفکرات کا شکار رہے لالچ پیدا ہو۔
6۔ عزت میں اضافہ ہو دشمنوں پر فتح ملے صحت بہتر ہو، جادو کا اثر ختم ہو۔
7۔ عورت سے تکلیف اٹھائے، دلی اطمینان نصیب نہ ہو بدنام ہو۔
8۔ بادی امراض لاحق ہوں، صحت کچھ خراب رہے۔
9۔ گندے خیالات بہت آئیں، برے کاموں کی رغبت پیدا ہو۔
10۔ رشتہ داروں سے تکلیف پہنچے گاڑی کا حادثہ پیش آسکتا ہے۔

11۔ مالی حالت بہتر ہو اولاد میں لڑکیاں زیادہ پیدا ہوں۔
12۔ فضول خرچی پر کنٹرول رکھیں ورنہ غربت و مفلسی آسکتی ہے۔

بارہ برجوں سے متعلقہ امراض

برج حمل: برج حمل سے منسوبہ امراض میں دردسر، جلنا تیز بخار، مرگی، ملیریا، زیادہ امراض میں سر اور دماغ میں مبتلا رہتا ہے۔ بے ہوشی، چیچک، مہاسے، پھنسیاں، زیادہ خون بہہ جانا، پھٹ جانا (کھال وغیرہ کا) نزلہ، زکام، سوزاک، طاعون، دانت درد۔

برج ثور: برج ثور کے منسوبہ امراض میں گردن اور گلے کے امراض، جگر، تلی، گردہ، بدہضمی اور پتھری کے امراض، پیٹ درد، آنکھوں کی تکلیف، امراض الصبیان، بلغم وسودا، بیہوشی، امراض شکم، کم سننا، زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض حرارت جگر۔

برج جوزا: برج جوزا کے امراض میں نزلہ و زکام، ریشہ بازوؤں اور کندھے کی تکالیف، دمہ، تپ دق، نمونیہ، انفلوئنزا، ایکسیڈنٹ، زخم، ہاتھوں کا مفلوج ہو جانا، ذہنی امراض، لرزہ، دل کے امراض، وہم، نرخرے کی نالیوں کا ورم وغیرہ شامل ہیں۔

برج سرطان: برج جوزا کے امراض میں معدے کے امراض، گیس، نظام ہضم کی خرابی، گردوں کی بیماری، سانس کی بیماری، گھٹنوں کی بیماری اور جلد امراض، بدہضمی، سرطان، تپ دق، امراض بلغمی، مرگی، عرق النساء۔

برج اسد: برج اسد کے امراض میں امراضِ قلب، ریڑھ کی ہڈی کے امراض، غلبہ صفراء امراض جگر، مرگی، درد مثانہ، حلق کی بیماریاں، درد کمر، ٹخنوں کے امراض، گھٹیا کا مرض۔

برج سنبلہ: برج سنبلہ کے متعلقہ امراض میں دردسر، پھیپھڑوں کی بیماریاں، نظام ہضم ا[illegible] معدے کے امراض، ہیضہ یا بدہضمی، آنتوں کے عارضے اورالسر، گھٹیا کا مرض، جوڑوں کا درد، شانوں کا درد، بڑی آنت کا بڑھ جانا، اعصابی کمزوری، پیٹ درد، قبض، گیس وغیرہ

برج میزان: عام طور پر ریڑھ کی ہڈی کی تکلیف، جوڑوں کا درد، نزلہ، زکام، دردسر، گردے کی تکلیف، چیچک، آنکھ کی بیماری، معدے کے امراض، گھٹنے میں جوڑ کے درد، کمر درد۔

برج عقرب: سردرد، ناک کے امراض، جوڑوں کا درد، پیچش، سوزش، معدہ، ہاضمے کی بیماریاں، مثانے کے امراض، حلق کی شکایت، نزلہ زکام فلو، پتھری واعضائے رئیسہ۔

برج قوس: جوڑوں کا درد، امراض خونی، حلق کی بیماریاں، نزلہ زکام، گردن اکڑ جانا، بخار، لنگڑاپن، گھٹیا، کولھوں کا زخم، عرق النساء، ہاضمے کی خرابی، دماغی امراض۔

برج جدی: گھٹنوں میں درد، ہڈیاں وجوڑوں کی تکلیف، نظام ہضم میں خرابی، جلدی امراض، دانتوں کی تکلیف، گردے کی پتھری، بہراپن، بواسیر، امراض دماغ، درد شکم، مالیخولیا، م[illegible] ہسٹریا،

برج دلو: معدے کے امراض، ہاتھ پاؤں کا سرد ہونے کی شکایات، دوران خون کی خرابی، گھٹنوں کا درد، ریڑھ کی ہڈی کی تکلیف، پنڈلیوں کی موچ، آنکھوں کی کمزوری۔

برج حوت: بے خوابی، خون کی خرابی، خون کی کمی، آنتوں کی بیماریاں، پیراورسر کا درد، جوڑوں کا درد، یرقان، پاؤں کے امراض، چوٹ، انتڑیوں کی خرابی، گردوں، مثانہ اور جگر کی سوزش، پھیپھڑوں کی تکلیف، سوجن اور گھٹیا، کمزور نظر، کولہے کی ہڈی میں خرابی وغیرہ۔

ستاروں کے منسوبہ امراض

شمس

غلبہ صفراء، امراض جگر، دل، دماغ، تپ گرم، سرسام، بے ہوشی، یرقان، دردگلو، درد چشم، درد زانو، دردسر، اختلاج، قلب، پریشی دماغ، تپ صفراوی، کمی بال، زکام۔

قمر

امراضِ بلغمی، مرگی، عرق النساء، خرابی خون، تپ بلغمی، فالج، لقوہ، کھانسی، امراض باد، زنانہ امراض، کھانسی، معدہ کی تکلیف، پھیپھڑوں کے امراض۔

مریخ

فسادِ خون، اسہال، تپ، صفراویہ، بواسیر خونی، ذیابیطس، پھوڑا پھنسی، عرق النساء، درد دانت، دردسر، زکام، نزلہ، جل جانا، جلن، سوزاک، طاعون، زخم۔

عطارد

امراض خاص سرودماغ، بلغم، خرابی معدہ، ہیضہ، قولنج، امراض بوجہ سردی، شکم، دمہ، درد ناف، درد کمر، قبض، خرابی معدہ، امراض سینہ، درد پشت، سرطان، امراض حافظہ، پاگل پن، دماغی

فتور۔

زہرہ

حرارت جگر، خفقان، مالیخولیا، دردسر، امراض جو غلبہ تپ دموی، امراض الصبیان، بلغم وسودا، بیہوشی، امراض شکم، امراض گردہ، کم سننا، جنسی امراض اور زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض۔

مشتری

دردسر، یرقان، درد کان، درد دانت، زکام، چکر آنا، تپ صفراوی، بواسیر، اسہال، سوزش، اعصاب، تپ، قے، امراض بلغم، درد کمر، درد ناف، درد جگر و گردہ، لقوہ، تشنج، خرابی جگر۔

زحل

مالیخولیا، جنون، مرگی، درد زانو، تپ سوداوی، درد بدن، درد شکم، امراض معدہ، ہسٹریا، جذام، کوڑھ، جنون، امراض دماغ، لقوہ، خارش، گردے کی پتھری، بہرا پن، بواسیر۔

بروج سے متعلقہ روزگار اور کام

برج حمل

سپاہی، فوجی ملازمت، آئرن، اسٹیل کا کاروبار، مشینری، انجینئر، معدنیات کا کام کرنے والے، آگ کا کاروبار، قصاب، سیلز مین، پروفیشنل اسپورٹ، پہلوان، زراعت، حکمت، ڈاکٹر، ڈینٹل سرجن، رپورٹر۔

برج ثور

ایجنٹ، آرائش وزیبائش کی خرید وفروخت، مرچنٹ، زیورات، عورتوں کے سامان کی خرید

وفروخت، تھیٹر، سینما، میڈیسن، پراپرٹی ڈیلر، اداکاری، سیلز مین، موسیقی، زراعت کا کام، خزانچی، بنک افسر۔

برج جوزا

پروفیسر، قانونی معاملات، تعلیم، نشرواشاعت، رپورٹر، لیکچرار، تدریسی معاملات، شاعر، رپورٹر، سیلز مین، حساب کتاب اور ذہنی کام، ٹرانسپورٹ، ایڈیٹر، انجینئرنگ، فوٹوگرافر، سٹیشنری کا کاروبار، ہوٹل، ریسٹورنٹ کا کاروبار، کریانہ کی دوکان۔

برج سرطان

مائع اشیاء بیچنے والے، تجارت، کلرک، کھانے پینے کی اشیاء، اسٹیٹ ایجنسی، زراعت، میڈیسن، تجارت، موسیقی، شاعری، گھریلو اشیاء مثلاً فرنیچر کا کاروبار، زمینوں کی خرید وفروخت، ریسٹورنٹ، ہسپتال کا کام۔

برج اسد

گورنمنٹ کے کام، لیڈر، تجارت، صدر، وزراء، سیاست، حکومتی عہدہ، سیاحت، ڈاکٹر، شکار، گورنمنٹ ملازمت، میڈیسن، جیولرز، جواہر کا کاروبار، ایکٹر، تصنیف وتالیف۔

برج سنبلہ

کھانے پینے کی تجارت، ہوٹل، کپڑے کی تجارت، خزانچی، ٹیکنیشن، اسٹیٹ ایجنسی، پروفیسر، رپورٹر، دواسازی، کمپیوٹر سے متعلقہ تمام کام، پینٹنگ، کمرشل آرٹ، سیلز مین، ٹرانسپورٹر۔

برج میزان

فوٹوگرافر، جج، قانون دان، وکیل، آرٹسٹ، پینٹرز، جیولرز، زیبائش کی اشیاء، شادی دفتر، درس وتدریس، خوشبو کا کاروبار، موسیقی، مصوری، کمرشل آرٹ، سیلز مین، اسٹیٹ ایجنسی، کیمسٹ، شاعری۔

برج عقرب

ڈاکٹر، فلاسفر، جج، فزیشن، فوجی، پولیس کی ملازمت، لوہے کا کاروبار، زراعت، حکمت، ڈینٹل سرجن، انجینئر، دواسازی، مکینک، سرجن۔

برج قوس

مذہبی عالم، قانون دان، نیوز رپورٹر، سفری کام کرنے والے، نشرواشاعت، ٹرانسپورٹ، سیاحت، چمڑے کا کاروبار، فرنیچر کا کاروبار، مذہبی ادارے، قانونی معاملات، وکیل، جج۔

برج جدی

بلڈنگ کنٹریکٹر، مرچنٹ، وکالت، صدارت، ایجنٹ، زراعت، زمین سے متعلقہ کاروبار، کان کنی، کوئلہ کا کاروبار، ٹھیکیداری، مزدوری، مجسمہ سازی، انجینئرنگ، فرنیچر کا کام، مرچنٹ، مٹی کا تیل۔

برج دلو

الیکٹریشن، جرنلسٹ، لائبریری، انجینئرنگ، فوٹو گرافر، روحانی علوم، سول سروس، پبلشنگ، کمپیوٹر کا تمام متعلقہ کام، آرٹسٹ، بلڈنگ کنٹریکٹر، مرچنٹ، زراعت، زمین سے متعلقہ کام۔

برج حوت

فلم انڈسٹری کا کوئی بھی کام، ٹیلی ویژن، ایکٹر، کلرک، سرکس، ریڈیو، ڈاکٹر، سرجن، گھریلو اشیاء کی تجارت، مچھلی کا کاروبار، اسٹاک ایکسچینج، انشورنس کمپنی، ہوٹل، ریسٹورنٹ، درزی۔

ستاروں سے متعلقہ روزگار اور کام

شمس

سرکاری دفاتر کے متعلقہ کام، حاکم، منیجر، زیورات کا کاروبار، بینک کاری، صدارت، وکیل، قانون دان، لکڑی کا کاروبار، سنار، تجارت، لیڈر شپ وغیرہ۔

قمر

گھریلو اشیاء کی خرید و فروخت، فرنیچر کا کاروبار، مائع اشیاء بیچنے والے، ہوٹل ریسٹورنٹ، پرچون، تجارت، درزی، کلرک، مالی، دودھ کا کاروبار، نرسنگ، زراعت، سیلز مین، کھانے پینے کی

اشیاء کی خرید و فروخت، معالج وغیرہ۔

مریخ

لوہے کا کاروبار، ٹرانسپورٹ، مشینری کی مرمت، فوجی ملازمت، پولیس، ڈاکٹر، حکیم، قصائی، جج، فلاسفر، فزیشن، مکینک، آگ سے متعلقہ کاروبار، اسلحہ کا کام، شکار، مہم جوئی۔

عطارد

پروفیسر، قانون دانی، تعلیم و تربیت، سکول و کالج، رپورٹر، لیکچرار، طب کا شعبہ، مصنف، خرید و فروخت، انشورنس، خط و کتابت، پرنٹنگ، سیلز مین، ادیب، رائٹر، کپڑے کی خرید و فروخت، شاعر، ہوٹل، دوکان اور ہر وہ ایسا کام جس میں دماغ کا استعمال ہوتا ہو۔

زہرہ

عورتوں کے زیورات کی خرید و فروخت، عورتوں کی آرائش و زیبائش کا سامان، فروٹ مرچنٹ، زیورات، فلم، تھیٹر، معمہ بازی، تفریحات راگ رنگ، اداکاری، خوشبویات کا کاروبار، آرٹسٹ، شادی دفتر، مٹھائی کی دوکان، فوٹوگرافی، موسیقی، ہوٹل، کھانے پینے کی اشیاء کا کاروبار، سونے چاندی کی خرید و فروخت، درزی۔

مشتری

روپیہ پیسہ کالین دین، بڑے بڑے کاروبار، کپڑے کا کام، سٹاک و شیئرز، وکیل، استاد، پروفیسر، فلم انڈسٹری، ریڈیو، ٹیلی ویژن، سرکس، کلرکی، درزی، مچھلی کا ڈیلر، عملیات والے لوگ، روحانیت۔

زحل

الیکٹریشن، کوئلہ کا کاروبار، مکینیکل انجینئر، جرنلسٹ، لائبریری کے سیکرٹری، جائیداد، زراعت، زمین سے متعلقہ کام، معمار، نقشہ نویس۔

یورانیس

معاہدات، ریسرچ سنٹر، الیکٹرک کا کام، روحانیت سے متعلق کاروبار، نئے نئے منصوبے، حکومتی ملازم، سفر سے متعلقہ کام، سائنسدان، ہوائی جہاز کا عملہ، نایاب اشیاء کا کاروبار،

ریڈیو، کیمرہ مین۔

نپ چون

مجمع لگانے والے، ڈاکٹر، میڈیسن، جاسوس، ہڑتالیں کرنے والے، میوزک، فوٹو گرافر، ریکارڈر، آرٹسٹ

پلوٹو

انشورنس کمپنی کی ملازمت، ادویات کا کام، لیبارٹری کے اوزار کی خرید وفروخت، اسلحہ کی خرید وفروخت، انجینئر، سائنس دان وغیرہ۔

بروج سے متعلقہ حلیہ

برج حمل

برج حمل والے شخص کے ہاتھ دبلے پتلے ہوتے ہیں۔ لیکن کافی بڑے ہوتے ہیں قد ان کا کافی لمبا ہوتا ہے۔ سرخ رنگ اور منہ پر کوئی نہ کوئی نشان یا داغ ضرور ہوتا ہے۔ گرفت ان کی مضبوط ہوتی ہے ہاتھوں کی کھال کھردری اور سخت ہوتی ہے۔ لمبی گردن مربع چہرہ، گول آنکھیں چہرے کی ہڈیاں اونچی، سامنے والے دانت لمبے ہوتے ہیں۔ مضبوط جسم، سرخی مائل رنگت، موٹے ابرو، بھوری آنکھیں۔

برج ثور

بڑا چہرہ، بھاری گردن، موٹے ہونٹ، موٹی ناک، بھاری آواز، ہاتھ اور پاؤں قدرے چھوٹے مگر نرم وگداز ہوتے ہیں۔ مضبوط کندھے آنکھیں قدرے باہر کو نکلی ہوئی، گھنگھریالے بال ہوتے ہیں، چوڑی پیشانی، قدرے سفید رنگت، ملے ہوئے آبرو، پتلی کمر اور چھوٹا قد ہو۔

برج جوزا

زردی مائل یا سرخی مائل سفید رنگت ہو، معتدل قد وقامت والا عمدہ آبرو ایک پاؤں پر زخم کا نشان ہو۔ خوبصورت نقش ونگار، لمبے بازو دو ٹانگیں اونچی ناک، سیدھے نرم وملائم بال، تیز نظر، زردی مائل آنکھیں۔

برج سرطان

اس برج کے مالک کا قد درمیانہ، موٹی گردن، فربہ جسم، تمام اعضاء موٹے، سفید رنگت، گول چہرہ، فراخ سینہ، چھوٹے بازو، گہری آنکھیں، بلغمی وبادی، بھاری قدم سے چلے۔

برج اسد

لمبا قد، کشادہ سر گول، گھنگھریالے بال، حسن پرست، بھاری آواز، سرخی مائل آنکھیں، فراخ سینہ، گہری آنکھیں، چھوڑا جسم، چہرے پر واضح تل یا مو کے کا نشان، دونوں آنکھوں میں کوئی عیب یا کمزور نظر، سر درد رہے۔

برج سنبلہ

ہوشیار، تیز طراز، کھلی پیشانی، کالے بال، سیاہ یا نیلی آنکھیں، کشادہ کندھے لیکن جھکے ہوئے، پھرتیلا، لمبا قد، سفید رنگ، پاؤں پر زخم یا کوئی نشان یا کوئی عیب ہو۔ چھاتی پر گھرے بال۔

برج میزان

خوبصورت وکمزور جسم، ہاتھ پاؤں خوبصورت، دلکش چہرہ، ناک سیدھی، نیلی گہری یا بھوری آنکھیں، ہلکے سیاہ بال، لمبا قد، نازک جسم، پتلے اور لمبے ہاتھ، لمبے بازو، سرخی مائل سفید رنگت، گھنگھریالے بال۔

برج عقرب

سرخ رنگ، بھوری تیز آنکھیں، طویل قد، مضبوط جسم، لمبی اور مضبوط ہڈیاں، بھاری جسم، گہری چھاتی، کشادہ چال، گھٹنے موٹے، اوائل عمر میں بیماری سے تکلیف اٹھائے۔ جھگڑالو، جلد غصہ آئے، سرخ ہونٹ۔

برج قوس

سفید رنگت، باریک ناک، خوبصورت آنکھیں، پیٹھ یا پاؤں پر تل کا نشان ہو، لمبا قد، لمبا چہرہ وگردن، بھورے یا سرخی مائل بال، لمبا ناک، موٹا بھاری جسم، پرہیز گار ومتقی ہو۔

برج جدی

سیاہ رنگت، زردی مائل، درمیانہ قد، کھلے کندھے، چھوٹے بازو اور ٹانگیں، چھوٹی سیاہ آنکھیں، لمبی ناک، بداخلاق، بخیل، بدصورت۔

برج دلو

خوبصورت نقش ونگار، لمباقد، چمکیلی آنکھیں، سنہرے بھورے بال، صاف پیشانی، لمبی ناک، سنہری رنگت، نہ بلند نہ موٹا جسم، گول چہرہ، نمکین وکھٹی چیزوں کا شوقین، بڑے بڑے کان۔

برج حوت

چھوٹا قد، چھوٹے اعضاء جسمانی، چمکیلی صاف رنگت، نیلی سیاہ بھوری آنکھیں، چھوٹی ناک، چھوٹے چھوٹے ہاتھ پاؤں، گول مٹول چہرہ، بہت سنگدل، بھرا جسم، چوڑا سینہ، بلغمی عنصر والا۔

ستاروں سے متعلقہ حلیہ

شمس

لمباقد، کشادہ کندھے، گول سر، چوڑا منہ، خوبصورت بال، بزرگ سر، سیاہ داڑھی، دراز گردن، سفید دانت، گندمی رنگ، منہ پر تل یا موکے کا نشان، سیاہ چشم، پیوستہ ابرو، کشادہ پیشانی گھنگرالے بال، جواں عمر، خوبصورت، بھاری آواز۔

قمر

پاکیزہ بدن، خوش اخلاق، سفید رنگت، دراز قد، لمبی ناک، پاؤں چھوٹے، لاغر اندام سینہ پر نشان، بال گھنے ہوں، بے عیب چہرہ، کشادہ پیشانی، فربہ اندام، گول چہرہ۔

مریخ

گندمی رنگت، کمزور بینائی، مضبوط جسم، چوڑی ہڈیاں، باریک پنڈلی، چہرے پر زخم نشان، چھوٹا سر، پیوستہ ابرو، پیوستہ دانت، لمباقد، چوڑے بازو، تندمزاج، جھگڑالو، چوڑا سینہ، جنگجو

عطارد

لمباقد، ہوشیار، ذہین، لمبے بازو اور ٹانگیں، اونچی ناک، دبلا پتا جسم، تیز نظر، گندمی رنگت، بڑا سر، کھلی ہوئی چشم، منہ پر دائیں طرف داغ یا تل یا پھر سینہ یا بغل پر تل، پنڈلی کشادہ، فراخ پیشانی، کشادہ دندان، دبلی پتلی ناک۔

زہرہ

خوبصورت آنکھیں، سیاہ بال، راگ رنگ کا شوقین، دراز قد، چھوٹا سر، کشادہ پیشانی، بیمار جسم، گول چہرہ، پیوستہ ابرو، تنگ منہ، کان بڑے، ناک پر نشان، بڑی ٹھوڑی۔

مشتری

فراخ چشم، اونچی ناک، باریک لب، گول چہرہ، فربہ جسم، سیاہ چشم، فراخ پیشانی، بڑا سر، کشادہ ابرو، بلند قد، بڑے دانت، سر پر زخم یا پھر جلنے کا نشان، لمبے بال، بھاری جسم، خوش آواز، سرخ بال۔

زحل

سیاہ رنگت، بدشکل، دراز قد، سوکھا بدن، لاغر جسم، چھوٹی آنکھیں، آنکھوں پر بال زیادہ، دانت ٹیڑھے یا ٹوٹے ہوئے، انگلیوں میں عیب، بدن پر داغ، بال کم، موٹے لب، تلخ زبان۔

وقتی زائچہ کے ذریعے سوالوں کا جواب

جب کوئی سائل کسی امر کے لئے معلوم کرنا چاہے تو پہلے وقتی زائچہ بنائے پھر ان دلائل پر غور کریں۔ زائچہ میں صاحب طالع اور صاحب مالک مقصد (یعنی جس گھر سے متعلق سوال ہو اس گھر کا مالک ستارہ) اور ستارہ قمران تینوں پر نظر رکھنا ضروری ہے۔

1۔ مالک طالع، طالع کو دیکھے اور مالک خانہ مقصد اپنے گھر کو دیکھے تو مطلوبہ منسوبات میں کامیابی ملتی ہے دلی مراد پوری ہو۔

2۔ مالک خانہ مقصد طالع کو دیکھے اور مالک طالع خانہ مقصد کو دیکھے نیز قمر بھی سعد نظر رکھتا ہو تو مقصد میں کامیابی ملتی ہے۔

3۔ مالک طالع، طالع کو دیکھے اور کوئی سعد کوکب اس کو نہ دیکھتا ہو تو آدھا کام پورا ہوتا ہے۔

4۔ طالع اور قمر کو نحس کواکب نظر رکھتے ہوں اور کوئی سعد کواکب نہ دیکھتے ہوں تو آدھا کام پورا ہوتا ہے۔

5۔ مالک طالع اور مالک خانہ مقصد ایک دوسرے کو دیکھتے ہوں تو مقصد پورا ہوتا ہے۔

6۔ مالک خانہ طالع اور مالک خانہ مقصد دونوں اگر طالع میں ہوں تو مقصد پورا ہوتا ہے۔

7۔ مالک خانہ طالع اور مالک خانہ مقصد دونوں اگر خانہ مقصد میں تو کام پورا ہونے کی دلیل ہوتی ہے۔

وقتی زائچہ کے ذریعہ سوالوں کا جواب معلوم کرنے کا ایک آسان طریقہ بذریعہ سہم جواب معلوم کرنا ہے۔ میں نے حصہ اول و دوم میں سہم معلوم کرنے کے کئی طریقے دیئے ہیں۔ مگر یہاں موضوع کے اعتبار سے دوبارہ بتاتا ہوں۔

ادارہ ہذا سے پیدائشی زائچہ، سالانہ زائچہ، وقتی زائچہ اور شمسی زائچہ سے سہم معلوم کرنے کے لئے رابطہ کریں۔ ادارہ ہذا: 0345-5210338

سہم معلوم کرنا

اگر وقتی زائچہ میں سہم معلوم کرلیا جائے تو ہر قسم کے سوالات کا جواب دینا نہایت آسان ہوجاتا ہے اور سہم کے ذریعہ نکلا ہوا جواب تقریباً 99٪ ٹھیک ہوتا ہے میں خود بھی یہی طریقہ استعمال کرتا ہوں۔ سہم کئی طرح کے ہوتے ہیں۔ جن میں خاص طور پر سہم الحاجت، سہم المال، سہم انعام، سہم السعادت، سہم الموت وغیرہ وغیرہ۔

تقریباً زندگی کے ہر شعبہ اور ہر طرح کے سوالات کے لئے ہزار سے زائد قسم کے سہم نکالے جاسکتے ہیں۔ وقتی زائچہ میں جس برج میں سہم واقع ہوگا جب اس برج کے مالک طالع یا طالع سے اتصال کرئے گا اور ان دونوں میں کوئی کمزوری و نحوست نہ ہوگی تو مطلوبہ کام ہونے کا وقت وہی ہوگا۔ اگر اتصال نظری ہو اور کچھ درجوں کا فاصلہ ہو تو پھر درجوں سے وقت کا تعین، منقلب ثابت، ذوجسدین بروج اور اوتاد، مائل اوتاد اور زائل اوتاد سے کرنا چاہئے کیونکہ منقلب اور اوتاد دنوں اور گھنٹوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ ذوجسدین اور مائل اوتاد مہینوں کو جبکہ ثابت اور زائل اوتاد سالوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ جب یہ اپنے مقام سے ہٹتے ہیں تو سال، مہینوں میں، مہینے دنوں میں اور دن گھنٹوں میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ اس طرح آپ وقتی زائچہ میں کسی بھی واقعہ کے ظہور کا وقت سہم اور حاکم سہم یا پھر طالع و مالک طالع کے اتصال وغیرہ سے تعین کرسکتے ہیں۔

مثال 1 سہم الحاجت:

مالک ساعت سے لیکر مالک طالع تک بروج درجہ و دقیقہ مکمل شمار کریں اس میں طالع کے مکمل درجات جمع کریں پھر طالع سے 30+30 درجات دیتے جائیں جہاں شمار ختم ہو وہی سہم الحاجت ہے۔ جس وقت کوئی سعد ستارہ سہم سے قران تسدیس یا تثلیث یا مقابلہ کرئے گا اس وقت مطلوبہ کام ہوجائے گا۔

مثال 2 سہم الانعام:

لاٹری و پرائز بانڈ کا انعام حاصل ہونے کے لئے سہم الانعام معلوم کیا جاتا ہے۔ اس کے لئے طالع کے مکمل درجات میں حاکم خانہ پانچ کے درجات جمع کرلیں ان حاصلہ درجات میں سے پانچویں گھر کے درجات کو نفی کریں باقی حاصل درجات کو طالع سے 30+30 دیتے ہوئے شمار کرتے جائیں جہاں ختم ہوگا وہی سہم الانعام ہوگا۔

مثال 3 سہم المال:

زائچہ کے خانہ دوم کے مکمل درجات کو جمع کرکے حاکم خانہ دوم میں سے نفی کریں حاصل نفی میں طالع کے مکمل درجات کو جمع کرکے طالع سے 30+30 دیتے ہوئے شمار

کرتے جائیں جہاں ختم ہوگا وہی سہم المال ہے۔

طریقہ استعمال:

وقتی زائچہ میں جس قسم کا سوال ہو اس کے متعلقہ سہم نکالیں پھر دیکھیں جس برج میں سہم ہے اس برج کے مالک، مالک طالع اور قمر کے آپس میں سعد ونحس نظرات اور ان کواکب کی قوت ونحوست کے مطابق سوال کا جواب نکالیں اگر یہ تینوں کواکب سعد ہوں تو مطلوبہ کام ہونے کی دلیل ہے جتنی ان کی قوت کم ہوتی جائے گی کامیابی اتنی مشکوک ہوتی جائے گی۔اب یہ دیکھنا کے کواکب کب طاقتور اور کب کمزور ہوتے ہیں ان کو معلوم کرنے کے لئے تھوڑی تفصیل دیتا ہوں ملاحظہ کریں۔

کواکب کب طاقتور ہوتے ہیں

1۔ کواکب حالت شرف میں ہوں۔

2۔ حالت ترفع میں ہوں

3۔ کواکب مالک خانہ پانچ ودہم ہو یا مالک نہم ودہم ہو۔

4۔ اپنے گھر میں قابض ہو۔

5۔ اپنے دوست کے گھر میں ہو۔

6۔ قابض خانہ اول، چہارم، پنجم، نہم، دہم یا گیارہ ہو۔

7۔ ترکون کے مالک سے اتحاد رکھتا ہو۔

8۔ ترکون یعنی خانہ 5،9 کا مالک ہو۔

9۔ آٹھویں گھر کا مالک ہو تو صاحب طالع بھی ہو یا شمس وقمر ہو۔

10۔ جس گھر میں ہو اس گھر کا مالک اچھی حالت میں ہو۔

11۔ قمر زائد النور ہو۔

12۔ اچھے گھر سے پانچویں ،نویں یا دونوں کا مالک ہو۔

13۔ حالت فرح میں ہو۔

14۔ حالت اوج میں ہو۔

15۔ کوکب سعد ہو مگر کیندر کا مالک نہ ہو۔

کواکب کب کمزور ہوتے ہیں

1۔ ستارہ ہبوط میں ہو۔

2۔ احتراق میں ہو۔

3۔ قابض خانہ 6-8-12 ہو۔

4۔ ستارہ سعد ہو کر اوتاد کا مالک ہو۔

5۔ مالک خانہ 3-6-8-11 کا ہو یا 2-7 کا ہو۔

6۔ نحس اکبر ستارہ کے ساتھ تعلق رکھتا ہو۔

7۔ نحس ہو کر قابض خانہ 2 یا 7 ہو۔

8۔ جس گھر میں ہو اس گھر کا مالک بدحال ہو۔

9۔ قمر ہو تو ناقص النور ہو۔

10۔ خراب گھروں سے 5-9 یا دونوں کا مالک ہو۔

11۔ حالت طرح میں ہو۔

12۔ حالت حضیض میں ہو۔

13۔ کوکب نحس ہو مگر کیندر یا ترکون کا مالک نہ ہو۔

سہم سے حالات زندگی معلوم کرنا

نمبر شمار	نام سہم	عمل	نمبر شمار	نام سہم	عمل
1	شہرت	طالع+زہرہ-پلوٹو	2	امید، خواہشات	طالع+مریخ-زحل
3	قابلیت	حاکم طالع+طالع-مریخ	4	عزت	شمس+قمر-مشتری
5	اعلیٰ تعلیم	طالع+خانہ نہم-عطارد	6	والدین	طالع+زحل-شمس
7	شادی (رات)	طالع+خانہ ہفتم-زہرہ	8	شادی (دن)	طالع+زحل-زہرہ
9	پیار کی شادی	طالع+مشتری-زہرہ	10	صدمہ، خطرہ	طالع+عطارد-زحل
11	زندگی کا خاتمہ	طالع+شمس-مشتری	12	ترقی	طالع+شمس-زحل
13	قتل	طالع+خانہ12-نیچون	14	بہن بھائی	طالع+مشتری-زحل
15	ناگہانی حادثہ	طالع+یورانیس-زحل	16	تجارت	طالع+مریخ-شمس
17	آپریشن	طالع+زحل-عطارد	18	نقصانات	طالع+نیچون-عطارد
19	درد، جلنا، تکلیف	طالع+مریخ-زحل	20	جھوٹا پیار	طالع+نیچون-زہرہ
21	پیار	طالع+زہرہ-شمس	22	عدالتی کاروائی	طالع+مشتری-شمس

نمبر شمار	نام سہم	عمل	نمبر شمار	نام سہم	عمل
23	تعریف	طالع+مشتری-شمس	24	گمشدہ جانور	طالع+مریخ-شمس
25	گرفتاری	طالع+خانہ سوم-عطارد	26	پراسرار چیزیں	طالع+نیچون-یورانیس
27	مقدمہ خارج کرنا	زحل+مشتری-شمس	28	سزا دینا	طالع+شمس-مریخ
29	بیماری	طالع+زحل-نیچون	30	لاٹری، جواء	طالع+خانہ پنجم-مشتری
31	لاٹری، جواء	طالع+مشتری-نیچون	32	جدائی علیحدگی	طالع+زحل-ہورانیس
33	اچانک ترقی	طالع+مشتری-یورانیس	34	آپریشن	طالع+زحل-مریخ
35	ہوائی سفر	طالع+خانہ نہم-یورانیس	36	زمینی سفر	طالع+خانہ نہم-حاکم نہم
37	بحری سفر	طالع+105-زحل	38	خزانہ	طالع+زہرہ-عطارد
39	اباواجداد	طالع+مریخ-زحل	40	موت	خانہ ہشتم+زحل-قمر
41	خوش قسمتی	طالع+قمر-شمس	42	علاج شروع کرنا	طالع+مشتری-شمس
43	جوتش، نجوم	طالع+عطارد-یورانیس	44	مرد کی حالت	طالع+مشتری-مریخ
45	عورت کی حالت	طالع+زہرہ-قمر	46	والدین کی موت	طالع+مشتری-زحل

47	موت کی جگہ	مریخ+زحل۔وتد السماء	48	طلاق	طالع+زہرہ۔خانہ ہفتم
49	قانونی معاملات	خانہ سوم+خانہ نہم۔زہرہ	50	عاشق محبوب	مریخ+زہرہ۔خانہ پنجم
51	شادی کی تقریب	خانہ نہم+خانہ سوم۔زہرہ	52	وراثت	طالع+قمر۔زحل
53	والدہ	طالع+قمر۔زہرہ	54	تعریف	زہرہ+مریخ۔نیچون
55	تکمیل	طالع+زہرہ۔مریخ	56	عصمت دری	مریخ+پلوٹو۔زہرہ
57	سیکس	طالع+پلوٹو۔زہرہ	58	جان،روح	خانہ چہارم+قمر۔شمس
59	سائنس،وہم	طالع+شمس۔قمر	60	دھوکہ،فریب	طالع+نیچون۔عطارد
61	کفایت شعاری	طالع+زحل۔زہرہ	62	خودکشی	طالع+خانہ ہشتم۔نیچون
63	خودکشی	طالع+نیچون۔خانہ ہشتم	64	تبدیل کرنا	طالع+پلوٹو۔یورانیس
65	بےوفائی	طالع+نیچون۔یورانیس	66	صدمہ	مریخ+یورانیس۔زحل
67	رنڈوا	طالع+189:48۔نیچون	68	انتقام لینا	طالع+شمس۔مریخ
69	گرفتاری،نظر بندی	طالع+شمس۔نیچون	70	ملازم،نوکر	طالع+قمر۔عطارد

71	قسمت	طالع+قمر۔مشتری	72	قرض،ادھار	طالع+عطارد۔زحل
73	دماغ،ادراک	طالع+زہرہ۔شمس	74	وفاداری	طالع+زہرہ۔زحل
75	عیاری،مکاری	طالع+زہرہ۔نیچون	76	جنگ شروع کرنا	طالع+مریخ۔قمر
77	ہنرمندی	طالع+مریخ۔قمر	78	ظاہری ٹپ ٹاپ	طالع+شمس۔مشتری
79	زراعت	طالع+زحل۔زہرہ	80	پولیس،آرمی	طالع+زحل۔مریخ
81	آرٹ	طالع+عطارد۔زہرہ	82	خفیہ قتل	طالع+خانہ12۔نیچون
83	بھروسہ کرنا	طالع+مشتری۔عطارد	84	خوبصورتی	طالع+زہرہ۔شمس
85	زندہ بہن بھائیوں کی تعداد	طالع+زحل۔عطارد	86	مردہ بہن بھائیوں کی تعداد	طالع+70۔شمس
87	بہن بھائی	طالع+مشتری۔زحل	88	گرفتاری کا خطرہ	طالع+خانہ سوم۔عطارد
89	وطن سے دوری	طالع+یورانیس۔زحل	90	تبدیلیاں	طالع+یورانیس۔زحل
91	اولاد	طالع+زحل۔مشتری	92	اولاد کی تعداد	طالع+مشتری۔مریخ
93	لڑکے	طالع+مشتری۔قمر	94	لڑکے	طالع+قمر۔مشتری
95	لڑکیاں	طالع+زہرہ۔قمر	96	رشوت	طالع+نیچون۔زہرہ
97	بدنصیبی،آفت،موت	طالع+خانہ ہشتم۔قمر	98	مایوسی	طالع+مریخ۔نیچون

99	بحث، مناظرہ	طالع+عطارد-مریخ	100	علم غیب، پیشگوئی	طالع+نیچون-عطارد
101	حادثاتی موت	طالع+مریخ-خانہ ہشتم	102	قبضہ	طالع+قمر-زحل
103	طبعی موت	طالع+قمر-خانہ ہشتم	104	امراض خبیثہ	طالع+زحل-مریخ
105	بہت خراب سال	طالع+خانہ ہشتم-زحل	106	استاد (دن)	شمس+قمر-مشتری
107	استاد (رات)	طالع+شمس-قمر	108	قرار حمل (دن)	طالع+عطارد-مشتری
109	قرار حمل (رات)	طالع+مشتری-عطارد	110	قرار حمل (رات)	طالع+مشتری-عطارد
111	مشہور شخصیت سے ملاقات (دن)	طالع+شمس-سہم السعادت	112	مشہور شخصیت سے ملاقات رات	طالع+سہم السعادت-شمس
113	سہم السعادت	طالع+قمر-زحل	114	مخالفین	طالع+مریخ-زحل
115	دعوت، ضیافت	طالع+یورانیس-مشتری	116	مذہب، ایمان	طالع+عطارد-قمر
117	کوئی چیز کھو دینا	قمر+خانہ چہارم-طالع	118	محافظ، ہمزاد	طالع+شمس-نیچون
119	تحریری سوال جواب	طالع+مشتری-مریخ	120	تعاون کرنا	خانہ ہفتم+قمر-شمس

121	ترقی دینا	طالع+مشتری-شمس	122	آغاز کرنا	طالع+شمس-مریخ
123	روحانی ترقی	طالع+نیچون-یورانیس	124	حکمران	طالع+قمر-مریخ
125	علم، دانش، تجربہ	طالع+قمر-عطارد	126	مزدور	طالع+زحل-زہرہ
127	ریس میں جیتنے کی قابلیت	طالع+قمر-پلوٹو	128	قانونی جواز	خانہ نہم+خانہ سوم-زہرہ
129	نااتفاقی	طالع+مشتری-مریخ	130	دوسرا جنم	طالع+زحل-مشتری
131	اچھی قسمت	طالع+قمر-مشتری	132	مرد کی شادی	طالع+زہرہ-زحل
133	مرد کی شادی	طالع+زہرہ-شمس	134	عورت کی شادی	طالع+زحل-زہرہ
135	عورت کی شادی	طالع+مریخ-قمر	136	شادی کا وقت	طالع+قمر-شمس
137	شادی کیسی رہے گی	طالع+زہرہ-زحل	138	یاداشت، حافظہ	طالع+مریخ-قمر
139	کاروباری حالت	طالع+زہرہ-عطارد	140	قابلیت، شعور	طالع+مریخ-عطارد
141	معجزہ، کرامت	طالع+پلوٹو-شمس	142	غلط فہمی	طالع+مریخ-قمر
143	شرم، حیا، حجاب	طالع+عطارد-قمر	144	قتل کی جگہ	طالع+مریخ-زحل

145	تبادلہ خیال	طالع+مریخ۔مشتری	146	مزاحمت ،رکاوٹ	طالع+نیچون۔زحل
147	پراسرار چیزیں	طالع+نیچون۔یورانیس	148	میڈیکل ٹریٹمنٹ	طالع+مشتری۔شمس
149	جلاوطنی	طالع+یورانیس۔شمس	150	امن،سکون	طالع+زہرہ۔شمس
151	حصول جائیداد کاوقت	طالع+مشتری۔شمس	152	قسمت ساتھ چھوڑ دے	طالع+عطارد۔مریخ
153	معاوضہ	طالع+شمس۔مریخ	154	فضول خرچی	طالع+یورانیس۔زہرہ
155	عورت کی پاکدامنی	طالع+مریخ۔قمر	156	بے عصمت عورت	طالع+مریخ۔قمر
157	تصدیق کرنا	طالع+مشتری۔شمس	158	استعفیٰ دینا	زحل+مشتری۔شمس
159	مادیت،دنیا طلبی	طالع+زہرہ۔سہم السعادت	160	انکشاف ،وحی،الہام	طالع+قمر۔نیچون
161	رسومات	خانہ نہم+خانہ سوم۔زہرہ	162	حفاظت	طالع+زہرہ۔عطارد
163	ذاتی نقصان	طالع+نیچون۔شمس	164	شہوت، سیکس	طالع+پلوٹو۔زہرہ
165	جنسی کشش	طالع+خانہ پنجم۔حاکم پنجم	166	کسی چیز کو تبدیل کرنا	طالع+پلوٹو۔یورانیس

167	بزدلی	طالع+زحل۔نیچون	168	سفر کیسا رہے گا	طالع+عطارد۔قمر
169	دھوکہ دینا (مرد)	طالع+زہرہ۔شمس	170	دھوکہ دینا (عورت)	طالع+مریخ۔قمر
171	غیر معمولی واقعہ	طالع+یورانیس۔قمر	172	قسمت آزمائی	طالع+عطارد۔زہرہ
173	بدلہ لینا	طالع+زحل۔پلوٹو	174	سرپرائز	طالع+مریخ۔یورانیس
175	کام کاوقت	طالع+مشتری۔زحل	176	اچھائی	طالع+مریخ۔زحل
177	بری عادت	طالع+نیچون۔پلوٹو	178	ہم پیشہ،ہم ذات	طالع+زحل۔مشتری
179	حسد	طالع+نیچون۔مشتری	180	حادثہ	طالع+زحل۔مریخ
181	تنظیم	طالع+پلوٹو۔مریخ	182	ظلم کرنا	طالع+یورانیس۔زحل
183	رسوائی،ذلت	طالع+شمس۔نیچون	184	دوسروں پر انحصار	طالع+نیچون۔قمر
185	دباؤڈالنا	طالع+نیچون۔مریخ	186	قدرتی آفت	طالع+پلوٹو۔مریخ
187	طاقت	مریخ+پلوٹو۔یورانیس	188	حق ملکیت	طالع+قمر۔مریخ
189	اظہارخیال	طالع+عطارد۔پلوٹو	190	بے وفائی	طالع+نیچون۔شمس
191	صاحب بصیرت	طالع+مریخ۔عطارد	192	زندگی (دن)	طالع+مشتری۔زحل

193	زندگی (رات)	طالع + قمر ـ قمر	194	بے تعلقی تنہائی	طالع + عطارد ـ زحل
195	شکل وصورت	طالع + قمر ـ عطارد	196	قوت حیوانی	طالع + عطارد ـ شمس
197	معاشرتی مقام	وتد السماء + قمر ـ شمس	198	عظیم تباہی	طالع + یورانیس ـ شمس
199	کھیل ،اسپورٹ	طالع + زہرہ ـ مریخ	200	عزیز و اقارب	طالع + قمر ـ عطارد
201	ناموافقت	طالع + مشتری ـ مریخ	202	امراض (دن)	طالع ـ قمر + حاکم طالع
203	امراض (رات)	طالع ـ قمر + حاکم ششم	204	بیماری و کمزوری	طالع + مریخ ـ زحل
205	مہلک حادثات (رات)	طالع + زحل ـ مشتری	206	مہلک حادثات (دن)	طالع + مشتری ـ زحل
207	پرچون تجارت	طالع + عطارد ـ شمس	208	علاج شروع کرنا	طالع + مشتری ـ شمس
209	دوست	طالع + قمر ـ یورانیس	210	رسم ورواج	طالع + مشتری ـ شمس
211	ڈرامہ تیار کرنا	طالع + قمر ـ یورانیس	212	بوڑھے والدین	طالع + زحل ـ خانہ دوم
213	آغاز کرنا ،ابتدائی کاروائی	طالع + شمس ـ مریخ	214	زراعت میں قسمت	طالع + زحل ـ زہرہ
215	امید	طالع + عطارد ـ مشتری	216	والد	طالع + شمس ـ زحل

217	والدہ	طالع + زہرہ ـ قمر	218	دشمن	طالع + زحل ـ مریخ
219	خفیہ دشمن	طالع ـ خانہ 12 ـ حاکم 12	220	بحث، دلیل	طالع + مریخ ـ عطارد

ایک وقت میں مختلف سائلوں کے جواب دینا

اکثر اوقات ایک وقت میں اکھٹے کئی سائل آجاتے ہیں اور ان کے سوالات الگ الگ ہوتے ہیں تو ان کے جوابات دینے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے سائل کو وقتی زائچہ کے خانہ اول یعنی طالع کے مطابق جواب دیں۔ دوسرے کو جس برج میں ستارہ قمر ہو اس کو طالع مان کر زائچہ بنا کر جواب دیں۔ تیسرے کو جس برج میں ستارہ شمس ہو اس کو طالع وقت مان کر جواب دیں۔ چوتھے کو جس برج میں ستارہ مشتری ہو اس کو طالع مان کر زائچہ بنا کر جواب دیں۔ پانچویں سائل کو جس برج میں ستارہ عطارد، مریخ یا زہرہ ان تینوں میں سے جو سب سے زیادہ طاقتور ہو اس کو طالع میں رکھ کر زائچہ بنا کر جواب دیں۔ چھٹے سائل کو جواب دینے کے لئے دیکھیں کہ زائچہ میں سب سے طاقتور ستارہ کون سا ہے جو ہو اس کو طالع میں رکھ کر زائچہ بنا کر جواب دیں۔

ساتویں سائل کو جواب دینے کے لئے زائچہ کے دوسرے گھر کو طالع مان کر زائچہ بنا کر جواب دیں۔ آٹھویں سائل کے لئے زائچہ میں جس گھر میں ستارہ قمر موجود ہو اس سے اگلے گھر کو طالع مان کر زائچہ بنا کر جواب دیں۔ نویں سائل کے لئے جس گھر میں ستارہ شمس ہو اس سے دوسرے گھر میں جو برج ہو اس کو طالع مان کر زائچہ بنا کر سائل کے سوالات کا جواب دیں۔ دسویں سائل کے لئے جس برج میں مشتری ہو اس سے دوسرے گھر میں جو برج ہو اس کو طالع وقت مان کر سائل کے سوال کا جواب دیں۔ گیار ھویں سائل کے لئے زائچہ میں ستارہ عطارد، مریخ یا زہرہ میں سے جو سب سے زیادہ طا

قتور ہو اس سے دوسرے گھر میں جو برج ہو اس کو طالع مان کر زائچہ بنا کر جواب دیں۔
رھویں سائل کے سوال کے جواب کے لئے تمام ستاروں میں سے جو سب سے زیادہ ط
قتور ہو اس سے اگلے گھر میں جو برج ہو اس کو طالع وقت مان کر زائچہ بنا کر سائل کے
سوال کا جواب دیں۔ واللہ اعلم

وقتی زائچہ سے سائل کے مکمل حالات بیان کرنا

اگر کوئی سائل آ کر کہتا ہے کہ میرے مکمل حالات زندگی بیان کریں تو اس صورت میں وقتی زائچہ بنائیں اور زائچہ کے 12 گھروں سے مکمل حالات زندگی بیان کرنے کے لئے آپ کو زائچہ کے بارہ گھروں کی منسوبات یاد ہونی چاہئیں کہ کون سا سوال کس گھر سے منسوب ہے میں مختصراً دوبارہ بتا دیتا ہوں۔

1۔ سائل کی ذہنی و جسمانی حالت اس کی سوچ حالات و واقعات یاد وہ کیا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے یہ دیکھنے کے لئے خانہ اول یعنی طالع کو دیکھا جاتا ہے طبیب ذات، دکھ سکھ زمانہ حال۔

2۔ سائل کے مالی معاملات روپیہ پیسہ لین دین جائیداد وغیرہ خانہ دوم سے دیکھیں۔

3۔ خانہ سوم سے بہن بھائی، ہمسایہ، نزدیکی سفر وغیرہ۔

4۔ مکان شہر، جائیداد گھریلو زندگی، دفینہ والدین، زہر، جادو، آگ، اولاد، اضافی دولت،

5۔ پرائز بانڈ، عشق محبت، علم و عقل، شاگرد چلہ کشی۔

6۔ بیماری، ملازمین، دشمن، خوراک، سحر و جادو، زہر آگ کے امراض۔

7۔ شریک زندگی و شریک کاروبار، مخالف، تجارتی لین دین معشوق۔

8۔ زندگی موت، جہیز، جنسی خواہش قرضہ، حادثات، اسلحہ، وراثت۔

9۔ طویل سفر، حج و عمرہ، مذہبی امور، عبادات، عزت و شہرت، خیرات۔

10۔ والد، استاد پیر و مرشد، کاروبار، روزگار، ترقی، بیمار کی زندگی۔

11۔ پرانے دوست احباب، امیدیں، خواہشات۔

12۔ خفیہ دشمن، قید خانے، جانور، خرید و فروخت، فضول خرچی، اخراجات۔

یہ تو تھے سائل کی ذاتی زندگی کے بارے میں معلوم کرنا اب اگر کوئی سائل آ کر کہتا ہے کہ مجھے میرے بیٹے کے بارے میں مکمل حالات معلوم کرنے ہیں تو اس کے دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ زائچہ کا پانچواں گھر کیونکہ اولاد سے متعلق ہے اس لئے پانچویں خانہ سائل کے بیٹے کا طالع قرار دے کر اس کی کیفیت اور حالت کا اندازہ کیا جائے گا۔ سائل کے بیٹے کی تعلیم کے لئے زائچہ کا ساتواں گھر دیکھیں گے کیونکہ زائچہ کے پانچویں گھر یعنی بیٹے کے طالع سے تیسرا گھر جو تعلیم کے متعلق ہے وہ ساتواں گھر بنتا ہے۔ میں زیادہ آسانی کے لئے زائچہ بنا کر بتاتا ہوں۔

سائل کے بیٹے کے مکمل حالات

اس زائچہ سے آپ کو تمام تفصیل سمجھ آگئی ہوگی کہ ساتواں گھر بیٹے کی تعلیم کا ہے۔ آٹھواں گھر بیٹے کی رہائش کا ہے۔ نواں گھر بیٹے کے عشق و محبت والا دو اضافہ دولت متعلق ہے۔ دسواں گھر بیٹے کی ملازمت سے متعلق ہے گیارھواں گھر بیٹے کی بیوی سے متعلق ہے۔ پہلا گھر جو سائل کا طالع ہے وہ اس کے بیٹے کے بیرونی ملک سفر حج وعمرہ زیارات وعبادات سے متعلق ہے دوسرا گھر بیٹے کے روزگار کے متعلق ہے۔ تیسرا گھر بیٹے کی خواہشات امیدوں سے متعلق ہے۔ چوتھا گھر بیٹے کے خفیہ دشمن قید و بند فضول خرچ سے آگاہ کرتا ہے۔

اب سائل کے بھائیوں کے متعلق مکمل حالات جاننے کے لئے میں زائچہ بنا کر آپ کو سمجھتا ہوں تا کہ آپ اس پر مکمل عبور حاصل کر سکے۔ اگر کوئی بات سمجھ نہ آئے آپ بذریعہ خط و کتابت یا فون پر پوچھ سکتے ہیں۔

سائل کے بھائی کے مکمل حالات

سائل کے دوست کے مکمل حالات

سائل کے مکمل حالات زندگی معلوم کرنا

	Mo	Ra	
			Sa Me
			Su
	Ke	Ju	Ma As Ve

منگلیک افراد

زائچہ ولادت کے خانہ اول، چہارم، ہفتم، ہشتم اور دوازدہم میں زحل آئے تو لڑکا نگلیک ہوتا ہے اور لڑکی کے زائچہ کے انہیں گھروں میں مریخ آئے تو لڑکی منگلیک کہلا ے گی۔ ان دونوں کی شادی اپنی عمر کے 19، 22، 25، 42 سالوں میں ہرگز نہ کروائیں

یہ نحس ہوتے ہیں۔

زائچہ مرد کا ہے یا عورت کا

اگر آپ کے پاس کوئی ایسا زائچہ آجائے کہ جس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ یہ زائچہ مرد کا ہے یا عورت کا تو اس کے معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ طالع وقت کے برج کے اعداد نوٹ کر لیں۔ اس کے بعد جن جن گھروں میں سیارگان موجود ہوں ان کے اعداد بھی نوٹ کریں بعد ان تمام اعداد کو جمع کر کے تین پر تقسیم کریں اگر باقی ایک یا صفر بچے تو زائچہ ولادت مرد کا ہے اگر باقی دو بچے تو زائچہ کسی عورت کا ہے۔ یاد رہے کہ اگر ایک گھر میں دو یا تین یا زیادہ ستارے موجود ہوں تو اس برج کے اعداد ایک بار ہی لئے جائیں گے مثلاً

Ra
Mo
Sa Me
Su
Ma
As Ve
Ju
Ke

مندرجہ بالا زائچہ طالع میں برج میزان ہے اس لئے اس کے 7 عدد نوٹ کئے باقی زہرہ برج جدی کے 10 عدد۔ عطارد برج دلو کے 11 عدد، قمر، زنب، زحل برج حمل کا ایک عدد، مریخ مشتری برج سرطان کا 4 عدد شمس برج جوزا 3 عدد کل جمع 36 ہوا تقسیم 3 باقی صفر مطلب یہ کسی مرد کا زائچہ ہے۔

زندہ یا مردہ آدمی کے زائچہ کی پہچان

اگر کسی کا پیدائشی زائچہ، موجود ہو اور یہ نہ پتہ ہو کہ مطلوبہ شخص زندہ ہے یا مردہ تو اس کی پہچان کا طریقہ یہ ہے کہ جس وقت کوئی یہ سوال کرے تو اس وقت کا وقتی زائچہ بنائیں۔ وقتی زائچہ کے طالع یعنی خانہ اول کے اعداد نوٹ کر لیں پھر پیدائشی زائچہ کے خانہ آٹھ کا مالک ستارہ جس برج میں ہو اس کے اعداد بھی نوٹ کر لیں اس کے بعد پیدائشی زائچہ کا طالع کے جو اعداد ہوں ان تینوں کو آپس میں جمع کر لیں۔ کل مجموعہ کو پیدائشی زائچہ کے آٹھوں گھر کا مالک جس طرح برج میں ہو اس برج کے اعداد سے ضرب دیں حاصل ضرب کو پیدائشی زائچہ کے طالع کے اعداد سے تقسیم کریں۔

پس اگر باقی حاصل تقسیم جفت اعداد ہوں یا صفر بچے تو زائچہ کسی مردہ شخص کا ہے ورنہ زندہ آدمی کا تصور کرے۔

مثلاً

پیدائشی زائچہ

وقتی زائچہ

وقتی زائچہ میں طالع وقت سرطان ہے اس کے 4 عدد علیحدہ لکھ لئے۔ اس کے بعد پیدائشی زائچہ کے آٹھویں گھر کو دیکھا تو اس کا مالک ستارہ زہرہ ہے جو کہ زائچہ کے چوتھے گھر برج جدی میں ہے اس لئے جدی کے 10 عدد کو بھی نوٹ کر لیا اس کے بعد پیدائشی زائچہ کا طالع برج میزان ہے جس کے 7 عدد ہیں ان تینوں کو جمع کیا تو حاصل 21 ہوئے اب اس مجموعہ کو پیدائشی زائچہ کے طالع یعنی خانہ اول میزان کے عدد 7 سے تقسیم کیا باقی صفر بچا مطلب کہ صاحب زائچہ زندہ نہیں ہے۔

جڑواں بچوں کا زائچہ

پہلا بچہ جو پیدا ہوگا اس کے حالات زندگی طالع وقت سے معلوم کیے جائیں گے اور جو بعد میں پیدا ہو خواہ ان کا طالع ایک ہی کیوں نہ ہو اس کے حالات زندگی جس برج میں قمر واقع ہو اس برج جو طالع مان کر زائچہ بنا کر حالات بیان کریں گے۔

سائل واقع سوال کے لئے آیا ہے یا نہیں

اگر یہ دیکھنا ہو کہ آنے والا سائل واقع کام کی نیت سے آیا ہے یا کہ محض نجومی کا امتحان کرنے اور اس کی لیاقت جاننا چاہتا ہے تو آپ وقتی زائچہ کو دیکھیں اگر طالع میں ستارہ قمر اور زحل ہوں اور برج دلو میں شمس موجود ہو اور ستارہ عطارد غروب ہو تو مطلب صاف ہے کہ سائل نجومی کا امتحان لینے کے ارادے سے آیا ہے۔

سائل کے دل کا حال معلوم کرنا

وقتی زائچہ بنائیں اگر زائچہ میں طالع برج حمل، جواز یا قوس آئے تو سائل کے دل میں دو سوال ہوتے ہیں۔ اگر طالع وقت برج ثور یا دلو ہو تو دو سے زیادہ سوالات کئی دل میں رکھتا ہے اگر طالع برج سرطان یا اسد ہو تو سائل کے دل میں صرف ایک سوال ہوتا ہے۔

اکثر یہ ہوتا ہے کہ سائل آ کر یہ نہیں بتاتا کہ اس کا سوال کیا ہے بلکہ اکثر لوگوں خواہش ہوتی ہے کہ نجومی خود ہی سائل کو بتائے کہ وہ کیا عرض لیکر آیا ہے اس لئے یہاں چند قواعد بیان کرتا ہوں کہ جس کے ذریعے سے آپ سائل کے دل کا حال بخوبی جان جائیں گے۔

استخراج سہم الضمیر

سہم الضمیر معلوم کرنے کے کئی طریقے اہل نجوم نے ایجاد کئے ہیں ان میں ایک آسان طریقہ یہ ہے کہ طالع وقت کے مالک ستارہ سے مالک ساعت تک جتنے درجات ہوں ان کو شمار کریں۔ جس قدر درجات ہوں ان میں طالع کے مکمل درجات جمع کر لیں کل درجات کو برج حمل سے 30+30 دیتے ہوئے شمار کرتے جائیں جہاں ختم ہو وہی مقام سہم الضمیر ہوگا اور ضمیر منسوبات برج وصاحب برج سے متعلق ہوگی۔ اگر بوقت سوال ساعت ختم ہونے والی ہو تو اگلی ساعت لیں تاکہ حکم درست آئے۔

2۔ وقتی زائچہ میں طالع وقت اگر برج حمل، اسد یا عقرب ہو اور ان میں ستارہ مریخ یا شمس ہو تو اور ان میں سے کسی ایک کامل نظر طالع پر ہو تو سائل کا سوال روپے پیسے یا کسی دھات کے متعلق ہوتا ہے۔

3۔ اگر طالع وقت جوزا، سنبلہ یا دلو ہو اور ستارہ قمر، مشتری یا زہرہ میں سے کوئی ایک طالع میں ہو یا ان میں سے کسی کی کامل نظر طالع پر ہو تو سائل کسی عزیز یا کسی انسان کے متعلق معلوم کرنا چاہتا ہے۔

4۔ اگر ستارہ شمس یا مریخ پوری قوت کے ساتھ زائچہ کے خانہ اول، چہارم، ہفتم یا دہم میں ہو تو سائل کا سوال کسی دھات کے متعلق ہوتا ہے۔

5۔ اگر زحل ان گھروں میں آجائے تو سوال کسی امتحان، مقدمہ یا بیماری کے متعلق ہوت ہے۔

6۔ اگر قمر، مشتری یا زہرہ، ان گھروں میں آجائے تو سوال شادی یا اولاد یا کسی عزیز کا ہوتا ہے جو صحت مرض وغیرہ سے متعلق خیال کریں۔

7۔ بوقت سوال زائچہ بنا کر دیکھیں طالع کا مالک کس گھر میں قابض ہے جس گھر میں ہو اس گھر کی منسوبات کے مطابق ضمیر بیان کریں۔

طالع کے مالک کے ساتھ اگر قمر کو بھی مدنظر رکھیں تو جواب مزید بہتر ہو جائے گا۔

-8

اگر سائل دن کے وقت یعنی طلوع آفتاب سے لے کر غروب آفتاب کے درمیان سوال کرتا ہے کہ ستارہ شمس کو دیکھیں جس گھر میں ہو اس کے متعلق ضمیر ہو گا اگر سائل غروب آفتاب سے لے کر صبح طلوع آفتاب تک سوال کرتا ہے تو ستارہ قمر جس گھر میں ہو گا ضمیر بھی اسی گھر سے متعلق ہو گا۔

-9

سائل کے ضمیر کے لئے طالع کے مکمل درجات کو غور سے دیکھیں کتنے درجے رکھتا ہے۔ اسے بارہ سے ضرب دیکر حاصل ضرب کو طالع سے 30+30 دیتے ہوئے شمار کرتے جائیں جہاں ختم ہو وہی ضمیر ہو گا

مثلاً

اس زائچہ میں طالع وقت جوزا 12 درجہ ہے تو 12x12 = 144

اب اسے طالع وقت سے 30 + 30 دیتے ہوئے شمار کرتے جائیں تو

برج جوزا کو 30 درجے دیئے 30

برج سرطان کو 30 درجے دیئے 60

برج اسد کو 30 درجے دیئے 90

برج سنبلہ کو 30 درجے دیئے 120

برج میزان پر درجات ختم ہیں پس ضمیر سائل برج میزان زائچہ کے پانچویں گھر سے متعلق ہے یعنی ضمیر سائل اولاد کے متعلق ہے۔ سائل اپنے اولاد کے لئے فکر مند ہے۔

سائل کے دل کا حال ساعت کے ذریعے معلوم کرنا

جس وقت کوئی سائل آکر اس قسم کا سوال کرے تو آپ دیکھیں کہ اس وقت کس ستارہ کی ساعت چل رہی ہے مطلوبہ ساعت کے وقت کو تین پر تقسیم کریں پھر دیکھیں کہ سائل کا سوال ساعت کے کس حصہ میں ہوا ہے پھر اس حصہ کے مطابق اس کے دل کی بات معلوم کریں۔

ساعت شمس

حصہ اول: اگر سائل شمس کے حصہ اول ساعت میں دریافت کرتا ہے کو سائل کا سوال احوال مرد بزرگ یا کسی رئیس و بادشاہ یا حاکم وقت کے متعلق برائے حصول مطالب اور بلندی مرتبہ یا روزگار کے لئے دریافت کرتا ہو گا۔

حصہ دوم: کسی مریض کے شفا اور رفع تکلیف، صحت جسم، قرضہ سے سبکدوشی کے متعلق سوال ہے۔

حصہ سوم: کسی شخص سے معاملہ گفتگو کے لئے یا لین دین اور قرضہ سے سبکدوشی یا شراکت اور حصول ملازمت و روزگار کا سوال ہے۔

ساعت زہرہ

حصہ اول: رہائی مصیبت، یا گرفتار شدہ کی خلاصی کا سوال ہے۔

حصہ دوم: عیش و آرام، فرحت اور مواصلت یا کسی کو مطیع کرنے یا شادی کرنے کے متعلق سوال دل میں رکھتا ہے۔

حصہ سوم: کسی عورت کی محبت اور پیار کے لئے کہ وہ مجھے ملے گی یا نہیں اور لاٹری نکلنے

کے متعلق سوالات۔

ساعت عطارد

حصہ اول: خط وکتابت، خبر غائب کے متعلق، علمی ترقی یا حصول ستکاری، تحریر و تقریر۔

حصہ دوم: کاروبار، تجارت خرید وفروخت، نفع ونقصان۔

حصہ سوم: کسی گئے آدمی کی آمد یا اس سے ملاقات کے لئے سوال ہوتا ہے۔ سوال ملازمت و ملاقات دوست۔

ساعت قمر

حصہ اول: کسی غائب کی خیر وخیریت احوال رنج وراحت اور کسی کام کی ابتدا کے لئے کہ آیا کس طرح ہوگا دریافت کرتا ہے۔

حصہ دوم: سائل کسی خبر کا منتظر ہے خبر وخط غائب آئے گا یا نہیں۔

حصہ سوم: آمد مسافر بخیریت اور دفع رنج وتکلیف، حصول مال ضروریات زندگی۔

ساعت زحل

حصہ اول: کسی کو تکلیف دینے اور چلے جانے مال یا چوری کرنے کیلئے۔

حصہ دوم: اپنی زندگی رنج ومصیبت اور تنگدستی وغیرہ سے خلاصی پاؤں گا کہ نہیں دفینہ، مکان وجائیداد کا سوال ہے۔

حصہ سوم: حیرانی و پریشانی اور فکر وتشویش سے خلاصی ہونے اور کسی دشمن کے مقابل کامیابی اور فتح ونصرت کے لئے سوال دریافت کرتا ہے۔

ساعت مشتری

حصہ اول: واسطے کشائش کاروبار اور دفینہ نحوست اور تسلی واستقلال، روپے کا سوال ہوتا ہے۔

حصہ دوم: کسی چیز کے گم ہوجانے اور حصول مال اور فکر کا سوال ہے۔

حصہ سوم: کسی بھاری تفکرات میں پڑا ہوا ہے صبح شام کسی غائب کی خبر آنے کا منتظر ہے۔

ساعت مریخ

حصہ اول: چوری ہوئی چیز کا سوال یا اندرونی رنج وغم میں طبیعت سائل کی مبتلا راور بے استقلال ہے۔

حصہ دوم: جنگ وجدل ومقدمات اور جھگڑے کے متعلق ہے۔

حصہ سوم: دفینہ دشمن اور فکر واندیشہ اور خصومیت املاک خریدنا وغیرہ۔

سوال کا جواب بذریعہ ساعت

وقتی زائچہ میں مالک طالع اور ساعت کے مالک کو دیکھیں کہ ان کی آپس میں کیا نظرات ہیں اگر سعد ہوں یا قران میں ہوں تو سائل کا مطلوبہ کام ہو جانے کی دلیل ہے اور اگر ساتھ ستارہ قمر بھی سعد نظر رکھے تو کامیابی میں شک باقی نہیں رہتا۔

تعین مدت کے قواعد

زائچہ کے ذریعے کسی بھی کام کی مدت معلوم کرنے کے قواعد مختلف ہیں علمائے نجوم نے مدت کے کئی قواعد بیان کئے ہیں۔ کسی قسم کی مدت کی ضرورت ہو چاہے عمر معلوم

کرنی ہو، چاہے روزگار کی چاہے حکومت کی چاہے سفر کی یا عیش وعشرت کی الغرض ہر سوال کی مدت معلوم کی جاسکتی ہے۔ ہر کام کی مدت معلوم کرنے کے قواعد الگ الگ ہیں جو آگے جا کر اپنی اپنی جگہ بیان کئے جائیں گے یہاں مختصراً چند مشترکہ قواعد بیان کئے جاتے ہیں جن کے ذریعے آپ ہر چیز کی مدت معلوم کر سکتے ہیں اور یہ قواعد ہر چیز پر لاگو ہوتے ہیں۔

1۔ مالک طالع اور مالک خانہ حاجت سوال کو ملاحظہ کریں۔ ان دونوں کے درجات کو سال، دقیقہ کو ماہ اور ثانیہ کو دن شمار کریں۔ اگر طالع میں برج ثور، عقرب، اسد یا دلو آجائیں تو اس کے درجات کو سال مانیں۔ اگر طالع جوزا، سنبلہ، قوس یا حوت آئے تو درجات کو ماہ تصور کریں اگر طالع حمل، سرطان، میزان یا جدی ہو تو درجات کو دن تصور کریں۔

2۔ اگر طالع کا مالک طالع میں ہو تو درجات کو سال تصور کریں۔

3۔ اگر دونوں ستارے ساتویں گھر میں قابض ہوں تو ان کے درجات کو ماہ خیال کریں۔

4۔ اگر دونوں خانہ چار میں ہوں تو دونوں کے درجات کو دن تصور کریں۔

5۔ اگر ایک برج منقلب اور دوسرا برج ثابت میں ہو یا خانہ چار میں ہو یا طالع میں ہو تو ایک کی دلیل سال ہونے اور دوسرے کو ماہ جانے ان دونوں کے درجات جمع کر کے نصف کریں اور حکم مدت کریں۔

6۔ اگر خانہ حاجت کا مالک غروب ہو اور شمس کے قریب ہو تو اس کے درجات کی مدت تصور کریں اور اگر خانہ حاجت کا مالک طلوع ہو اور جس وقت صاحب طالع سے قران کرے گا وہی مدت ہے۔

7۔ خانہ حاجت کا مالک سریع السیر ہو تو جب وہ بطی السیر ہو گا وہی مدت ہو گی۔

8۔ خانہ حاجت کا مالک کمزور ہو تو جب یہ قوی ہو گا تو وہی مدت ہے۔

9۔ اگر خانہ حاجت کا مالک برج ثابت میں ہو تو حکم سال پر لگائیں اگر برج

مدین میں ہو تو حکم ماہ پر لگائیں اگر برج منقلب میں ہو تو حکم دنوں کا لگائیں۔

صاحب خانہ حاجت اور صاحب طالع دونوں ایک برج میں اکٹھے ہوں تو جس دنوں علیحدہ ہوں گے وہی مدت ہے۔

صاحب طالع خانہ متعلقہ سوال سے نظر مکمل کرنے میں جتنے درجہ فاصلہ پیچھے ہے اتنے ہی عرصہ دن، ہفتے، مہینے یا سال کے بعد کام ہوتا ہے اس کی تفصیل درج

قمر جتنے درجے طے کر کے نظر ملائے گا اتنے لمحات یا دنوں میں کام ہوگا۔
عطارد جتنے درجے طے کر کے نظر ملائے گا اتنے ہفتوں میں کام ہوگا۔
زہرہ جتنے درجہ طے کر کے نظر ملائے گا اتنے ہی پندرھواڑے میں کام ہوگا۔
مریخ جتنے درجہ طے کر کے نظر ملائے گا اتنے مہینوں میں کام ہوگا۔
شمس جتنے درجے طے کر کے نظر ملائے گا اتنے مہینوں میں کام ہوگا۔
مشتری جتنے درجے طے کر کے نظر ملائے گا اتنے سال بعد کام ہوگا۔
زحل جتنے درجے طے کر کے نظر ملائے گا کام غیر محدود وقت میں ہوگا۔

باب سوم

زائچہ کے بارہ گھروں کے سوالات اور اُن کے جوابات

سائل کے مکمل حالات زندگی بیان کرنا

1۔

سائل کے مکمل حالات زندگی معلوم کرنے کے لئے وقتی زائچہ بنائیں زائچہ کے طالع برج سے زمانہ حال، بارھویں گھر سے زمانہ ماضی اور دوسرے گھر سے زمانہ مستقبل کے حالات دیکھے جاتے ہیں۔

اگر زائچہ میں ستارہ قمر نحس ستارہ سے منصرف ہو کر سعد ستارہ سے متصل ہونے والا ہو اور خانہ شرف یا دوست کے گھر یا سعد ستاروں کے سعد نظرات میں داخل ہونے والا ہو تو دلیل ہے کہ سائل کی گذشتہ عمر محنت اور سختی سے گزرے ہے مگر آئندہ سعادت و اقبال کے ساتھ گزرے گی۔ اگر قمر کا حال برعکس ہو یعنی قمر سعد سے منصرف ہو کر نحس سے متصل ہونے والا ہو اور خانہ ہبوط یا دشمن کے گھر میں یا نحس کو اکب کے نحس نظرات میں داخل ہونے والا ہو تو دلیل ہے کہ سائل کی گذشتہ زندگی عیش و عشرت کے ساتھ گذری ہے مگر آئندہ زندگی میں محنت و جدو جہد سختی و تنگی آنے والی ہے۔ اگر قمر سعد سے منصرف ہو کر سعد سے متصل ہونے والا ہو تو سائل کی گذشتہ و آئندہ زندگی آرام و آسائش کے ساتھ گذرے گی اور اگر ایک نحس سے منصرف ہو کر دوسرے نحس سے منصرف ہونے والا ہو تو سائل کی گذشتہ و آئندہ زندگی نقصان اور سخت رنج و تکلیف اور فکر و پریشانی کے ساتھ گذرے گی۔

2۔

قمر کی طرح صاحب طالع کی بھی سعادت و نحوست کے مطابق سائل کی گذشتہ و آئندہ حالات زندگی بیان کریں۔ اگر صاحب طالع خانہ شرف، اوج، دوست نے گھر یا اپنے گھر داخل ہونے والا ہو تو سائل کی آئندہ زندگی میں خوشی و مسرت آنے والی ہے ورنہ حالات برعکس بیان کریں۔

3۔

صاحب طالع زائچہ میں جس گھر میں ہو اس گھر کے مطابق حالات زندگی بیان کریں۔ اگر صاحب طالع سعد حالت میں ہو تو اس گھر کی منسوبات کے فوائد لاتا ہے۔ نحس ہونے کی صورت میں اس گھر کی منسوبات میں نقصان و رکاوٹ ڈالتا ہے۔ مثلاً اگر خانہ چہارم میں سعد حالت میں ہو تو والدہ کی طرف سے سکھ اور خوشی نصیب ہو باغ و زمین و جائیداد کا حصول ممکن ہو اگر نحس حالت میں ہو تو یہی تمام منسوبات برعکس بیان کریں۔ اسی طرح اگر خانہ پنجم میں سعد حالت میں ہو تو اولاد کا سکھ ملے۔ محبوب سے خوشی ہو سٹہ و لاٹری کے ذریعے انعام نکلے نحس ہونے کی صورت میں برعکس حالات ہوں۔

حالات زندگی کب بہتر ہوں گے

زائچہ میں مالک طالع کو دیکھیں کہ وہ کب حالت شرف، اوج یا یاقوت ہوگا۔ اس وقت سائل کے حالات زندگی بہتر ہو جائیں گے۔ یہ سب کچھ آپ کو ایک اچھی تقویم سے معلوم ہو سکے گا۔ ادارہ ہذا سے تقویم سیارگان سن 0001ء سے لیکر سن 9999ء تک ہندی و یونانی دستیاب ہے۔

آج کا دن کیسا گزرے گا

وقتی زائچہ میں دیکھیں کہ ستارہ قمر اور کوئی سعد ستارہ طالع میں ہو یا طالع سے ساتویں گھر موجود ہو تو جان لیں کہ تمام دن خوشی و مسرت کے ساتھ گزرے گا آرام و آسائش حاصل ہوگی۔ اگر راہو یعنی راس، مریخ یا کوئی اور نحس ستارہ طالع سے آٹھویں گھر

میں قمر کے ساتھ موجود ہو تو یہ دن بہت ہی مشکل ثابت ہوتا ہے تمام دن فکر و تشویش کے ساتھ بسر ہوگا۔

امید پوری ہوگی یا نہ

1۔ وقتی زائچہ میں طالع کا مالک اور خانہ مقصد کا مالک اپنے خانہ کو دیکھتا ہو تو سائل کا مقصد پورا ہوتا ہے۔

2۔ اگر طالع کا مالک اور خانہ مقصد کا مالک ایک دوسرے کے گھروں کو دیکھتے ہوں تو مقصد پورا ہوتا ہے۔ اگر ستارہ قمر بھی ان دونوں کو دیکھتا ہو تو مقصد میں یقینی کامیابی ہوتی ہے۔

3۔ اگر طالع کا مالک اور خانہ مقصد کا مالک دونوں ایک دوسرے کے گھروں میں قابض ہوں تو مقصد پورا ہوتا ہے۔

4۔ اگر دونوں کی ایک دوسرے سے ساتھ نظر ہو مگر قمر کی نظر نہ ہو تو سائل کا مقصد پورا نہیں ہوتا۔

5۔ اگر طالع کا مالک طالع کو دیکھے مگر کسی سعد ستارے کی نظر نہ پڑھ رہی ہو تو کام ادھورا ہوتا ہے۔

2۔

وقتی زائچہ میں ستارہ قمر یا طالع کا مالک منقلب برج میں ہو یا طالع پر قمر یا مالک طالع کی نظر ہو تو سائل کی امید جلد پوری ہو جاتی ہے اگر طالع وقت ثابت ہو اور ستارہ قمر اور مالک طالع دونوں ثابت بروج میں ہوں یا یہ دونوں طالع کو پوری نظر سے دیکھتے ہوں تو سائل کے کام پورے ہونے میں ابھی دیر ہوتی ہے اور اگر طالع ذوجسدین ہو اور قمر اور مالک طالع دونوں برج ذوجسدین میں ہو تو سائل کا کام دو تین دن میں پورا ہو جاتا ہے اگر بوقت طالع ثابت ہو تو سائل کا کام جتنے دنوں میں ہونے کی امید کرتا ہو اس

سے دگنے دنوں میں کام ہو جاتا ہے۔ اگر بوقت طالع ذوجسدین ہو تو کام ڈیڑھ گنا وقت میں ہو اگر بوقت سوال کوئی ستارہ الٹا ہو تو کام ہونے میں تین گنا وقت لگتا ہے۔

3۔ اسی طریقے سے مالک طالع اور مالک خانہ گیارہ دونوں ستاروں کی نظرات کے مطابق جواب دیں ساتھ قمر کی نظر بھی شامل ہو جائے تو مطلوبہ کام کے یقینی طور پر ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں بتایا جا سکتا ہے۔

فلاں کام سے فائدہ ہوگا یا نہیں

1۔ وقتی زائچہ میں مالک طالع اور مالک خانہ گیارہ دونوں ایک گھر میں موجود ہوں اور گیارھویں گھر پر ستارہ قمر کی نظر ہو تو مطلوبہ کام سے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

2۔ ساتویں، آٹھویں، دسویں یا گیارھویں گھر کے مالکان میں سے کوئی طالع کے مالک کے ساتھ ہو اور ان گھروں کے مالکان میں سے مطلوبہ ستارہ اپنے گھر کو بھی سعد نظر سے دیکھتا ہو تو مطلوبہ کام ہو جاتا ہے۔

3۔ طالع کا مالک گیارھویں گھر میں ہو اور گیارھویں کا مالک طالع میں ہو تو مطلوبہ کام میں نفع حاصل ہوتا ہے۔

4۔ گیارھویں گھر کا مالک خانہ شریف میں یا خانہ قوت میں ہو یا دوست کے گھر یا اپنے گھر میں ہو اور قمر کی کامل نظر ہو تو مطلوبہ کام پورا ہوگا۔

کس ذریعے سے دولت ملے گی

1۔ اگر کوئی سائل یہ سوال کرئے کہ مجھے دولت کس ذریعے سے ملے گی تو وقتی زائچہ بنا کر دیکھیں کہ ستارہ قمر اگر کسی سعد ستارہ کے ساتھ متصل ہو کر طالع کو ناظر ہو تو دلیل مال و دولت کے ملنے کی ہے اگر قمر کسی نحس ستارہ کے ساتھ متصل ہو کر طالع کے ساتھ نحس نظر

رکھتا ہو تو دلیل حصول مال ممکن نہ ہو۔ اگر قمر طالع میں ہو تو مال ملے گا۔ اگر خانہ دوم میں ہو تو کاروبار کے ذریعے حصول مال ممکن ہو۔ خانہ سوم میں ہو تو برادران واقربا سفر نزدیکی سے مال ملے۔ خانہ چہارم میں ہو تو خانہ چہارم کی منسوبات بیان کرو اسی طرح بارہ گھروں کی منسوبات کے مطابق جواب دیں۔

2۔ خانہ دوم میں جو ستارہ قابض ہو اس ستارہ کی منسوبات کے ذریعے کام کرنے سے حصول مال ممکن ہوگا ستارہ قمر کی سعد نظر سے آسانی ساتھ مال ملے، نحس نظر سے دشواری ساتھ ممکن ہو۔

3۔ خانہ دوم کا مالک جس ستارہ کے ساتھ ہوگا اس ستارہ کی منسوبات کے متعلقہ کاروبار سے نفع حاصل ہوگا۔

دولت ملے گی یا نہیں

1۔ زائچہ میں طالع سے دسویں گھر میں قمر ہو تو والدہ سے دولت ملے۔ عطارد ہو تو دشمنوں سے ملے۔ مشتری ہو تو بھائی سے ملے۔ زہرہ ہو تو عورت سے ملے۔ زحل یا راہو ہو تو ملازمین کے ذریعے ملے۔ مریخ ہو تو دوستوں کے ذریعے حصول مال ممکن ہوگا۔

2۔ اگر دوسرے گھر کا مالک چوتھے، چھٹے یا آٹھویں یا بارھویں خانہ میں ہو تو حصول ملے ممکن نہ ہوگا۔

3۔ اگر دوسرے گھر کا مالک اور گیارھویں کا مالک دوسرے کو دیکھتے ہوں یا ایک دوسرے کے گھروں کو سعد نظر سے دیکھتے ہوں یا ایک دوسرے کے گھر میں موجود ہو تو سائل کو دولت ضرور ملتی ہے۔

روزگار ملے گا یا نہیں

1۔ طالع کا مالک اور خانہ سوال کا مالک دونوں طالع میں ہوں تو روزگار ضرور اور جلد ملتا ہے۔

2۔ طالع یا خانہ دہم میں قمر ہو تو روزگار ضرور ملتا ہے۔

3۔ اگر طالع کا مالک اور خانہ سوال کا مالک ایک دوسرے کے گھروں میں ہوں اور قمر بھی سعد ناظر ہو تو کاروبار ملتا ہے۔

4۔ طالع میں برج منقلب ہو طالع کا مالک و قمر دونوں منقلب بروج میں ہوں خانہ دہم کا مالک بھی منقلب برج میں ہو اور طالع کو سعد ناظر ہو تو سائل کو روزگار فوراً مل جاتا ہے۔

5۔ طالع میں برج ثابت ہو اور قمر بھی برج ثابت میں ہو تو سائل کو روزگار دیر سے ملتا ہے۔

6۔ طالع میں برج ذوجسدین ہو اور قمر بھی برج ذوجسدین میں ہو تو سائل کو روزگار کوشش وجدوجہد کے ساتھ ضرور مل جاتا ہے۔

روزگار کب ملے گا

مالک خانہ دہم جب اپنے نواشہ میں داخل ہوگا تو ملازمت مل جائے گی

ترقی ہوگی یا نہیں

1۔ طالع میں بروج منقلب ہوں اور ان میں سعد کواکب موجود ہوں تو ترقی یا تبدیلی بہت جلد ہوتی ہے اور اگر ان گھروں میں نحس کواکب ہوں تو تبدیلی ہرگز نہیں ہوتی۔

2۔ خانہ دہم کا مالک طلوع ہو، حالت شرف میں ہو یا خانہ اول، چہارم، ہفتم یا دہم میں ہو تو ترقی ہوتی ہے۔

3۔ طالع کا مالک خانہ اول، چہارم، ہفتم یا دہم میں سعد ہو کر موجود ہو تو ترقی ہوتی ہے۔

4۔ مالک طالع رجعت میں ہو کر خانہ سوم یا نہم کے مالک ساتھ اتصال کرے تو ئل کی تبدیلی ضرور ہوتی ہے۔

ترقی کب ہوگی

اس سوال کے جواب کے لئے مالک خانہ دہم کو دیکھیں جب یہ خانہ شرف میں ا ج میں ہو کر شمس کے ساتھ سعد نظر بنائے گا تو اسی وقت ترقی ہو جائے گی۔

خرید و فروخت کا سوال

وقتی زائچہ میں طالع کا مالک چیز کے خریدنے والا اور گیارھویں گھر کا مالک چیز کے فروخت کرنے والا ہوتا ہے پس اگر طالع کا مالک طاقت ور ہے تو مطلوبہ چیز کو خرید لینا چاہئے۔ اگر گیارھویں گھر کا مالک طاقتور ہو تو مطلوبہ چیز کے فروخت کرنے میں نفع حاصل ہوتا ہے مطلوبہ ستارہ جتنا طاقتور ہوگا اتنا نفع حاصل ہوتا ہے۔

نرخ غلہ ارزاں ہوگا یا مہنگا

اگر کوئی سوال کرے کہ اگلے مہینے مطلوبہ نرخ کی قیمت کم ہوگی یا زیادہ تو وقتی زائچہ میں دیکھیں کہ زائچہ کے خانہ مقلب میں اگر راہو اور زحل ہوں اور طالع میں کوئی سعد ستارہ نہ ہو تو مطلب کہ مطلوبہ چیز کا نرخ اگلے مہینے زیادہ ہو جائے گا۔ خصوصاً چوتھے گھر

میں زحل اور راہو کا قران لازمی طور پر گرانی کا سبب بنتا ہے۔

کون سے تجارت کروں کہ فائدہ ہو

وقتی زائچہ میں ستارہ شمس کو دیکھیں کہاں ہے، اگر شمس برج حمل میں ہو تو کوئی بھی غلہ خرید لیں اور خریدنے سے 4 ماہ بعد بیچ دیں نفع کثیر حاصل ہوگا۔ اگر شمس برج اسد میں ہو تو سونا چاندی خرید کر پانچویں ماہ فروخت کریں۔ برج قوس میں ہو تو موتی مونگا یا زعفران خرید کر چھے ماہ بعد فروخت کرو برج جدی یا دلو میں ہو تو تانبا پیتل یا لوہے کی اشیاء یا برتن خرید کر دو سے مہینے فروخت کریں۔ برج میزان میں ہو تو جواہرات، غلہ، کپڑا خرید کر چھے ماہ بعد فروخت کرو۔ برج سنبلہ ہو تو کوئی بھی جانور خرید کر چھے ماہ بعد فروخت کرو۔ برج سرطان ہو تو شہد، گھی، تیل وغیرہ خرید کر نو ماہ بعد فروخت کرو فائدہ حاصل ہوگا

دفینہ موجود ہے یا نہیں

1۔ زائچہ میں چوتھے گھر کا مالک چوتھے گھر کو مکمل نظر سے دیکھ رہا ہے تو دفینہ موجود ہوتا ہے۔

- چوتھے گھر کا مالک نحس کوکب ہو اور چوتھے گھر میں موجود ہو تو دفینہ موجود ہوتا ہے مگر سائل کو ملتا نہیں۔

- چوتھے گھر کا مالک اپنے گھر کو نہ دیکھتا ہو مگر چوتھے گھر میں قمر موجود ہو یا چوتھے گھر کو دیکھتا ہو تو دفینہ موجود ہوتا ہے۔

دفینہ ملے گا یا نہیں

- چوتھے گھر کا مالک چوتھے گھر کو پوری نظر سے دیکھتا ہو تو دفینہ موجود ہے مگر دیر سے ملتا ہے اگر نحس ستارہ ناظر ہو تو نہیں ملتا۔

2۔ چوتھے میں قمر ہو تو مل جاتا ہے۔

3۔ اگر قمر اور مشتری طالع میں ہوں تو جلدی مل جاتا ہے۔

4۔ طالع سے چھٹے گھر تک مکان کا داہنا رخ اور ساتویں سے بارھویں تک بائیاں رخ مکان کا خیال کرو۔ جس جگہ صاحب چہارم موجود ہو خزانہ مکان کی اس طرف ہو ہے اگر چوتھے کا مالک خانہ جات منقلب گھروں میں ہو تو مکان کے اندر جو مکان ہے اس میں دفینہ ہوتا ہے اگر ان کے علاوہ باقی گھروں میں ہو تو دفینہ مکان کے باہر ہوگا۔

رقم وصول ہوگی یا نہیں

سائل کا سوال ہے کہ میں کسی سے رقم لینے جا رہا ہوں آیا وہ مجھے رقم دے گا یا نہیں زائچہ بنا کر دیکھیں۔ سائل کے سوال کا تعلق خانہ اول، دوم اور ہشتم سے ہے خانہ اول سائل کی ذات خانہ دوم سائل کا مال اور خانہ ہشتم کسی دوسرے سے رقم حاصل کرنے سے متعلق ہے۔

فلاں شخص کے پاس جاتا ہوں ملاقات ہوگی

زائچہ کے خانہ ہفتم کا مالک خانہ جات منقلب میں موجود ہو اور کوئی ہو تو سائل جس کے پاس جاتا ہے اس کے گھر میں ملاقات ہوگی اگر مالک ہفتم خانہ جات ثابت میں ہو تو گھر کے قریب ملے گا اگر ذوجسدین بروج میں ہو تو ملاقات نہ ہوگی۔

کیمیا نصیب میں ہے یا نہیں

اس سوال کے جواب کے لئے زائچہ کے خانہ اول و نہم کے مالکان کو دیکھیں اگر ایک دوسرے کے گھروں میں ہوں یا اپنے اپنے گھروں میں ہوں یا ایک دوسرے گھروں کو دیکھتے ہوں یا دونوں طالع کو یا نویں گھر کو دیکھتے ہوں اور ستارہ قمر بھی سعد نظر سے دیکھتا ہو تو سائل کیمیا حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے گا۔

مالی حالت کب بہتر ہوگی

زائچہ کے خانہ سوم میں برج منقلب قابض ہو یا ان بروج کے مالک سیارگان خانہ سوم میں ہوں تو سائل کا سفر ضرور ہوتا ہے یاد رہے نزدیکی سفر کے لئے خانہ سوم اور بیرونی ملک سفر کے لئے خانہ نہم ہے۔

سفر کب ہوگا

مالک خانہ سوم کے مکمل درجات کو طالع کے مالک کے مکمل درجات سے نفی کریں باقی حاصلہ بروج درجات پر ستارہ قمر جب آئے گا اس وقت سفر ہوگا مثلاً مالک سوم زحل برج دلو خانہ چہارم کے 15 درجہ پر موجود ہے اور مالک طالع خانہ پنجم میں برج حوت 12 درجہ پر موجود ہے تو زحل کے مکمل درجات

شکل

مریخ کے درجات	342
زحل کے درجات	315
نفی	
بقایا	27

باقی درجات 27 ہیں مطلب ستارہ قمر جب برج حمل کے 27 درجہ پر آئے گا تو سفر ہوگا۔

سفر سے فائدہ ہوگا یا نہیں

اگر زائچہ میں مالک سوم کے ساتھ کسی سعد ستارے کے سعد نظرات ہوں تو سفر سے فائدہ ہوتا ہے اور اگر ان نظرات میں قمر بھی شامل ہو جائے تو مزید فائدہ ملتا ہے۔

کس طرح کا سفر ہوگا

خانہ سوم پر آبی بروج ہو یا کثرت کواکب آبی بروج ہوں تو آبی سفر ہوتا ہے اگر بادی بروج ہوں تو ہوائی سفر خاکی بروج سے زمینی سفر آتشی بروج سے ہوائی سفر موقع ہے۔

یاد رہے اندرون ملک سفر کے لئے طالع مالک اور خانہ سوم و مالک سوم پر نظر رکھیں جبکہ بیرون ملک سفر کے لئے طالع و مالک طالع اور خانہ نہم اور مالک نہم کے نظرات وغیرہ سے معلوم کریں۔ ثابت بروج دلیل سفر نہ ہونے کی ہے۔

ذوجسدین بروج دلیل دیر سے سفر ہو یا راستہ سے واپس آجائے۔

خواب کا نتیجہ معلوم کرنا

خانہ اول اور خانہ نہم کے مالکان ایک دوسرے کے گھروں میں موجود ہوں یا ایک دوسرے کے گھروں کو سعد نظر سے دیکھتے ہیں یا اپنے اپنے گھروں میں موجود ہوں اور ستارہ قمر بھی شامل نظر ہو تو سائل نے جو خواب دیکھا ہوتا ہے اس کا نتیجہ بہتر نکلتا ہے۔

خط کا جواب کب آئے گا

1۔ بوقت سوال طالع وقت برج منقلب ہو اور اس میں سعد ستارے موجود ہوں یا طالع کو دیکھتے ہوں یا ستارہ عطارد و قمر ایک گھر میں موجود ہوں اور سعد ستاروں کی ان پر نظر ہو تو دلیل ہے خط کا جواب بخیریت حسب مراد جلد آنے کی بلکہ راستہ میں ہوتا ہے۔

2۔ اگر طالع ثابت ہو اور زائچہ میں باقی ستارے بدستور سابقہ نہیں ہیں تو دلیل جواب

3۔ اگر طالع ذوجسدین ہو تو مطلوبہ شخص کا ارادہ تو ہے جواب دینے کا مگر کسی وجہ

سے رک جاتا ہے۔

خبر سچ ہے یا نہیں

1۔ طالع کا مالک منقلب گھروں میں ہو اور قمر بھی سعد ستاروں کے ساتھ پڑا ہو تو خبر سچی ہوتی ہے۔ اگر قمر نحس کے ساتھ ہو تو خبر سچ نہیں ہوتی۔

2۔ اگر مالک طالع یا قمر دونوں یا کوئی ایک طالع میں سعد ستاروں کے ساتھ ہو تو اور کسی سعد کی سعد نظر بھی ہو تو خبر سچی ہوتی ہے ورنہ جھوٹی۔

علم حاصل ہوگا یا نہیں

1۔ اگر مالک طالع اور مالک پنجم دونوں طالع میں ہو اور سعد ستاروں کی سعد نظر بھی ان پر ہو اور طالع وقت برج منقلب ہو تو دلیل ہے کہ اعلیٰ تعلیم حاصل ہوگی۔

2۔ اگر طالع ثابت ہو اور اس میں یا خانہ پانچ میں کوئی نحس ستارہ ہو یا نحس کی نظر ہو تو علم پڑھنے میں محنت ضائع جائے گی۔

امتحان میں کامیابی ہوگی یا نہیں

1۔ اگر مالک طالع خانہ مقصد کو ناظر ہو اور قمر بھی سعد نظر رکھتا ہو تو کامیابی ہوتی ہے اگر قمر سعد ناظر نہ ہو اور اس کے علاوہ بھی کوئی سعد ستارہ ناظر نہ ہو تو بہت محنت و کوشش کے بعد کامیابی ہوتی ہے۔

2۔ اگر صاحب طالع اور صاحب خانہ مقصد ایک دوسرے کے گھروں میں موجود ہو یا آپس میں سعد ناظر ہوں یا باہم قران ہوں تو اول درجہ کامیابی ہوتی ہے۔

3۔ اگر بوقت سوال طالع برج منقلب ہو تو کامیاب ہو اگر صاحب طالع و قمر دونوں منقلب بروج میں ہوں تو بھی ضرور کامیابی ہوتی ہے۔ تعلیم کا خانہ سوم ہے۔ پاس فیل کا خانہ سوم اور دہم ہے۔

اپنا ملک بہتر ہے یا باہر ملک

1۔ زائچہ کے خانہ گیارہ کا مالک اپنے گھر میں ہو تو سائل کا اپنے ملک میں رہنا بہتر ہوتا ہے اور یہیں رہ کر دولت کماتا ہے۔

2۔ اگر خانہ گیارہ کا مالک منقلب گھروں میں موجود ہو یا خانہ ترکون میں ہو تو سائل کیلئے غیر ممالک میں رہنا بہتر ہوتا ہے اور غیر ممالک میں رہ کر مال و دولت کماتا ہے۔

حصول مال بذریعہ لاٹری ممکن ہے

1۔ زائچہ میں خانہ گیارہ کا مالک اپنے نوانشہ میں ہو تو انعام ضرور لگتا ہے جس کی سائل کو امید ہوتی ہے۔

2۔ جب خانہ دوم کے مالک کے ساتھ خانہ گیارہ کے مالک کا قران ہوگا اس وقت سائل کا انعام لگتا ہے۔

3۔ خانہ اول، دوم، پنجم، باہم ناظر ہوں تو انعام ضرور نکلتا ہے۔

4۔ پانچویں میں ستارہ قمر اور گیارھویں میں زہرہ ہو تو انعام نکلے گا۔

5۔ مالک طالع اور مالک خانہ دوم ایک دوسرے کے گھروں میں ہوں تو انعام نکلے گا۔

6۔ دوسرے گھر کا مالک ستارہ مشتری کے ساتھ مل کر خانہ اوتاد میں ہوں تو انعام لگے گا۔

7۔ مالک طالع اور مالک پنجم باہم سعد ناظر ہوں تو قمر بھی شامل نظر ہو تو انعام نکلتا ہے۔

8۔ مالک طالع سعد گھر میں ہو اور پانچویں گھر میں مشتری ہو تو انعام نکلے گا۔

9۔ مالک طالع اور مالک گیارہ ایک دوسرے کے گھر میں ہوں تو انعام ضرور لگے

گا۔

10۔ مالک طالع اور مالک پنجم ایک دوسرے کے گھر میں ہوں یا باہم سعد ناظر ہوں یا دونوں خانہ پنجم یا دونوں طالع میں ہوں تو انعام ضرور لگے گا۔

افسر کب تبدیل یا معزول ہوگا

1۔ طالع کا مالک خانہ منقلب میں جب بھی رجعت میں یا غروب یا نحس سیارگان سے نحس نظر رکھے گا یا وبال میں ہوگا یا دشمن کے گھر میں نحس سیارگان ساتھ قران رکھے گا اس وقت افسر لازمی معزول ہوگا۔

2۔ حاکم وقت کے درجات شمار کریں۔ ہر درجہ کو طالع ثابت ہو تو اتنے سال خیال کرو۔ اگر زوجسدین ہو تو حاکم وقت علیحدہ ہونے سے وہ درجات دنوں میں شمار کریں۔

دوستوں سے نفع ونقصان معلوم کرنا

1۔ مالک طالع و مالک گیارہ دونوں آپس میں سعد نظر رکھتے ہوں یا ایک دوسرے کے گھروں میں ہوں یا اپنے اپنے گھروں میں ہوں تو دوستوں سے نفع حاصل ہوتا ہے اگر قمر بھی شامل نظر ہو جائے تو بہت مخلص و وفادار دوست ہوتا ہے۔

2۔ اگر طالع مالک و مالک گیارہ کے درمیان سعد نظر نہ ہو تو دوست مطلبی ہوتا ہے وفاداری کی امید ہرگز نہیں رکھنی چاہئے۔

مقدمہ کا فیصلہ کیا نکلے گا

1۔ زائچہ کے خانہ سوم سے لیکر خانہ ہشتم تک چھے خانے مخالفین کے لئے ہیں جبکہ خانہ نہم تا خانہ دوم تک سائل کے لئے خانہ جات میں جس کی حد میں سعد سیارگان زیادہ واقع ہوں گے وہی مقدمہ جیت جائے گا۔ جس کی مد میں نحس ہوگے وہ ہار جائے گا۔

2۔ اگر صاحب طالع خانہ ہفتم میں ہو تو سائل مخالفین پر قابو پالے گا اگر خانہ ہفتم کا

مالک طالع میں ہو تو سائل مغلوب ہو جائے گا۔

3۔ اگر طالع کا مالک طالع میں ہو تو سائل جیت جائے اگر ہفتم کا مالک ہفتم میں ہو تو مخالف جیت جائے گا۔

4۔ اگر بوقت سوال طالع سنبلہ، میزان یا دلو ہو اور اس میں نحس کواکب موجود ہو تو صلح ہو جاتی ہے۔

5۔ اگر طالع ذوجسدین ہو اور خانہ اوتاد میں سعد کواکب موجود ہوں تو محبت کے ساتھ صلح ہو جائے گی۔

6۔ مالک طالع و مالک بارہ دونوں خانہ بارہ میں ہوں تو سائل کو قید ہو جائے گی۔

7۔ دونوں بروج کے مالکان خانہ چہارم میں ہوں تو سائل کو سزا کم ملے گی۔

مقدمہ کا فیصلہ کب ہوگا

1۔ جب مالک طالع ساتویں میں اور ساتویں کا مالک طالع میں پہنچ کر اتصال کریں گے اس وقت فیصلہ ہوگا۔

2۔ مالک طالع اور مالک خانہ بارہ جب دونوں کا قران ہوگا اس وقت مقدمہ کا فیصلہ ہو جائے گا۔

قیدی کب رہا ہوگا

1۔ اگر قمر بروج ثابت میں ہو کر زائچہ کے خانہ اوتاد کے مالکان کے ساتھ اتصال کرے تو قیدی دیر تک قید میں رہے گا۔

2۔ اگر قمر منقلب بروج میں ہو اور خانہ آٹھ کے مالک سے اتصال کرتے تو قیدی جلد رہا ہوگا۔

3۔ اگر قمر برج سرطان میں ہو تو قیدی دیر تک قید میں رہے گا۔

4۔ اگر قمر برج ذوجسدین میں ہو تو قیدی ضمانت پر رہا ہو جائے مگر دوبارہ قید میں چلا جائے گا۔

غالب و مغلوب معلوم کرنا

1۔ طالع میں نحس کوکب موجود ہو تو سائل کامیاب ہوتا ہے۔

2۔ نام طالب و مطلوب معہ والدین میں دن کے اعداد جمع کر کے دو پر تقسیم کرو باقی ایک سے سائل کو فتح ہو دو سے سائل مغلوب ہوگا۔

3۔ ساتویں گھر میں نحس کوکب موجود ہو تو سائل کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

4۔ مالک طالع سائل، مالک ہفتم مخالف سے منسوب ہے جس کا ستارہ طاقتور ہوگا وہ جیتے گا۔

بہن بھائیوں سے ملاقات کب ہوگی

مالک طالع و مالک سوم کا جس دن قران یا سعد نظرات ہوں گے اس دن بہن بھائیوں کے ساتھ ملاقات ہو جائے گی۔

بہن بھائیوں سے امید پوری ہوگی

1۔ مالک طالع و مالک سوم دونوں ایک دوسرے کو سعد نظر رکھتے ہوں تو بہن بھائیوں سے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

2۔ تیسرے گھر کا مالک نحس کواکب کے ہمراہ خانہ چھے یا آٹھ میں حالت رجعت میں ہو تو امید پوری نہ ہوگی۔

ہمسایہ نیک ہے یا بد

طالع میں سعد کواکب موجود ہوں تو ہمسایہ نیک ہوتا ہے۔ نحس ہوں تو بد ہے۔ ساتھ خانہ سوم کے نظرات و کواکب کو مدنظر رکھیں۔

فصل کیسی ہوگی

مالک خانہ چہارم دیکھو اگر مائل بہ اتصال ہو اور ہو بھی نحس سیاروں کے ساتھ تو فصل اس

سال خراب رہے گی اگر وہ سعد سیاروں کے ساتھ مائل بہ اتصال ہو تو فصل اچھی رہے گی۔

شکار ملے گا یا نہیں

1۔ صاحب ہفتم صاحب طالع سے متصل ہو اور قمر بھی ہمراہ سعد ستارہ کے واقع ہو تو شکار بآسانی زیادہ ملے گا۔ اگر متصل نہ ہو تو دشواری ساتھ ملے گا۔

2۔ صاحب ہفتم مسعود ہو تو شکار زیادہ ملے گا۔ اگر منحوس ہو تو کم ملے۔

3۔ مالک طالع و مالک ہفتم ایک دوسرے کے گھروں میں ہو تو شکار بہت ملے گا۔

4۔ صاحب ہفتم خانہ ہفتم میں ہو تو شکار کم ملے گا۔

5۔ مریخ ساتویں گھر ہو تو بہت شکار ملے گا۔

6۔ بوقت سوال دسویں گھر میں برج حمل یا عقرب ہو یا دسویں گھر کو مریخ، عطارد و مشتری ناظر ہو تو وافر مقدار میں شکار ملے گا۔

7۔ بوقت سوال طالع برج قوس یا حوت ہو یا دسویں گھر عطارد ناظر ہو تو بہت زیادہ شکار ملے گا۔

شراکت کرنی کیسے ہے

1۔ مالک طالع سائل، مالک ہفتم شریک کاروبار اور ستارہ قمر مددگار کے لئے منسوب ہیں اور نتیجہ شراکت کا خانہ چہارم سے دیکھا جاتا ہے۔

2۔ مالک چہارم سعد حالت میں ہو اور سعد ستاروں کے بروج میں قابض ہو تو انجام شراکت بہتر ہوگا۔ نحس سیارگان اور اس کی نظرات خرابی کا باعث ہونگے۔

3۔ اگر مالک طالع اور قمر اور صاحب خانہ حاجت برج ثابت میں ہوں گے تو شراکت کامیاب ہوگی۔ برج منقلب سے شراکت میں نقصان ہوگا۔ برج ذوجسدین سے شراکت میں درمیانہ درجہ کا نفع ہوگا۔

میراث ملے گی یا نہیں

1۔ مالک طالع و مالک خانہ ہشتم دونوں آپس میں متصل ہونے والے ہوں تو جدو جہد و کوشش سے وراثت ملے گی۔

2۔ خانہ ہشتم کا مالک طالع کے مالک سے متصل ہونے والا ہو تو بغیر کسی کوشش و جدوجہد سے وراثت مل جائے۔

3۔ اگر دونوں آپس میں نیک نظر نہ رکھتے ہوں اور نہ ہی نحس کواکب کی نظر سے محفوظ ہوں تو وراثت نہ ملے گی۔

4۔ اگر قمر سعد ہو کر مالک خانہ ہشتم کے ساتھ یا خانہ ہشتم کا مالک قمر کے ساتھ نظر دوستی اتصال کرے اور کسی سعد ستارے کی نظر بھی ہو تو وراثت کسی دوسرے کی مدد سے ہاتھ آنے کی امید ہے۔

قرضہ مل جائے گا یا نہیں

۔ مالک خانہ ہشتم اگر اپنے نواشہ میں ہو تو قرضہ آسانی کے ساتھ مل جائے گا۔ دوست کے نواشہ میں ہو تو قرضہ مل جائے مگر بڑی کوشش کے بعد ملے گا۔ دشمن کے نواشہ میں ہو تو نہ ملے گا۔

فلاں شہر میں رہنا نیک ہے یا بد

1۔ خانہ ہفتم میں سعد ستارہ موجود ہو یا جس کے ساتھ قمر متصل ہونے والا ہے وہ ہفتم میں ہے تو دلیل ہے سائل کا مطلوبہ شہر میں رہنا بہتر ثابت ہوگا۔

2۔ طالع میں سعد ستارہ ہو اور ہفتم میں نحس ہو تو سائل کے لئے یہ شہر مناسب ہے جس میں وہ رہ رہا ہے۔ سفر کرنا بہتر نہیں ہے۔

گذشتہ روزگار واپس ملے گا یا نہیں

1۔ زائچہ کے خانہ دہم کا مالک طالع کا مالک اور ستارہ قمر تینوں زائچہ کے خانہ دہم میں موجود ہوں یا تینوں خانہ شرف میں یا دوست کے گھر میں ہوں یا سعد ستاروں کی ان پر نظر ہو تو سائل کو گذشتہ کاروبار یا روزگار واپس مل جائے گا۔

2۔ اگر بوقت سوال دسویں، پانچویں، ساتویں یا گیارہویں یا دوسرے گھر میں کسی ایک میں ستارہ قمر ہو اور صاحب طالع یا دسویں یا ساتویں یا دوسرے گھر کا مالک طالع کو ناظر ہو تو سائل کو کوئی نیا روزگار ملے گا سابقہ کاروبار یا نوکری نہیں ملے گی۔

فلاں جگہ سے پیغام آئے گا یا نہیں

1۔ خانہ پانچ میں مالک پنجم یا قمر سعد ہو کر موجود ہوں تو پیغام جلد آئے گا اور اچھا آئے گا۔

2۔ طالع وقت ثور یا سرطان ہو اور اس میں قمر ہو تو پیغام یقینی آئے گا۔

3۔ خانہ پانچ میں زہرہ ہو تو خوشی کی خبر ملے گی۔

موجودہ ملازمت بہتر ہے یا نئی

1۔ طالع کا مالک خانہ اوتاد میں ہو اور خانہ چھے کا مالک خانہ بارہ میں اتصال کرے تو سائل کو نئی ملازمت نہ مل سکے گی۔ اس لئے موجودہ ملازمت کرنا بہتر رہے گا۔

2۔ طالع مالک حالت رجعت میں خانہ سوم یا نہم سے اتصال کرے تو سائل کو نئی ملازمت ملنے کی امید ہے ورنہ نہیں۔

3۔ خانہ ششم کا مالک سعد وقوی ہو تو موجود ملازمے سے ہی نفع وخوش حالی کی امید ہے۔

گمشدہ زندہ ہے یا نہیں

1۔ اگر طالع میں خانہ ہفتم اور ہشتم میں کوئی نحس ستارہ یعنی زحل، مریخ، راس یا ذنب ہو تو مسافر قید میں ہے۔ اگر تینوں میں نحس ستارے ہوں تو مسافر زندہ نہیں ہوتا۔

2۔ مالک طالع، طالع میں یا خانہ دہم میں ہو اور قمر سعد ستارہ سے متصل ہو تو گمشدہ زندہ ہوتا ہے۔

3۔ اگر صاحب طالع خانہ ہشتم یا چہارم میں ہو اور قمر تحت الارض سے متصل ہو تو گمشدہ زندہ نہیں ہوتا۔

4۔ مالک طالع و مالک ہشتم ایک دوسرے کے گھروں میں ہوں تو گمشدہ کا حال اچھا نہیں ہوتا۔

گمشدہ خود بھاگا ہے

1۔ اگر قمر اپنے برج میں یا شرف میں ہو یا صاحب مثلثہ اپنے سے یا صاحب طالع سے منصرف ہو تو گمشدہ خود بھاگ گیا ہوتا ہے۔

2۔ اگر کوئی ستارہ صاحب برج قمر سے منصرف ہوا ہو تو کوئی دوسرا شخص گمشدہ کو لیکر گیا ہوتا ہے۔

گمشدہ کی خبر ملے گی یا نہیں

1۔ اگر مالک طالع اور قمر دونوں خانہ دہم کے مالک کے ساتھ متصل ہوں یا پھر ستارہ شمس کے ساتھ یا جس برج میں قمر ہو اس کے مالک کے ساتھ نظر تربیع یا مقابلہ یا قران کرتا ہو تو گمشدہ کی خبر ملتی ہے۔

2۔ صاحب ہفتم نحس ہو اور قمر بھی نحس کے ساتھ متصل ہو تو خبر نہ ملے گی۔

3۔ قمر سعد سے منصرف ہو کر نحس سے متصل ہو تو خبر مل جائے گی۔

4- طالع میں سعد ستارہ ہو اور ہفتم میں نحس تو جلد پکڑا جائے گا۔

5- اگر قمر یا مالک طالع کسی نحس کوکب سے متصل ہو تو بھاگا ہوا سفر میں مرجائے گا

گمشدہ آئے گا یا نہیں

1- بوقت سوال طالع منقلب برج ہو تو غائب آئے گا۔

2- طالع مالک طالع سے ناظر ہو تو غائب آئے گا۔

3- قمر مریخ سے منصرف ہو تو غائب جلد آئے گا۔

4- اگر مالک طالع یا قمر خانہ سوم یا نہم میں ہو اور صاحب سوم و نہم کو ناظر ہو تو غائب راستہ میں ہے۔

5- طالع کا مالک برج منقلب میں قابض ہو تو مسافر جلد آئے۔

6- طالع کا مالک برج ثابت میں قابض ہو تو مسافر نہیں آئے گا۔

7- طالع کا مالک برج ذوجسدین میں قابض ہو تو آنے کا ارادہ رکھتا ہے لیکن پھر نہیں آتا۔

8- طالع کا مالک طالع کو دیکھے تو غائب آجائے گا۔

9- قمر مریخ سے متصل ہو تو جلد آئے گا۔

10- قمر زحل سے متصل ہو تو دیر سے آئے گا۔

11- خانہ نہم میں مالک چہارم، ہفتم، دہم یا بارہ قابض ہو تو مسافر راستہ میں ٹھہرے گا اور بڑی دیر کے بعد آئے گا۔

گمشدہ کہاں ہے

1- خانہ ہفتم کا مالک قوی ہو تو مسافر خوشی سے ہے فکر نہ کریں ایک عورت سے پیار کرتا ہے۔

2- اگر ستارہ مشتری کے ہمراہ خانہ ہفتم میں ہو تو نوکری کر رہا ہے۔

3- خانہ ہفتم میں زہرہ ساتھ ہو تو عیش کی زندگی بسر کرتا ہے عورت ساتھ ہے۔

4- خانہ ہفتم میں عطارد ساتھ ہو تو اہل قلم اور بزرگوں کی محبت میں ہے۔

5- مالک ہفتم نحس ہو یا طالع سے ساقط ہو تو مریض کی حالت ٹیں ہے۔

6- مالک طالع مالک ہفتم کے ساتھ ہے اگر طالع سے خانہ 6-8-12 میں ہو تو مسافر مرچکا ہے۔

7- طالع طالع و مالک ہفتم اکٹھے ہو کر شمس کے مقابلے پر ہو یا نحس نظر رکھتے ہوں تو حکام وقت سے بھی پریشان ہیں۔

8- خانہ ہفتم، ہشتم یا طالع میں زحل، مریخ، راس یا ذنب قابض ہوں تو مسافر قید میں ہے۔

اگر تینوں بروج میں نحس قابض ہو تو مسافر زندہ نہیں ہے۔

گمشدہ کتنے فاصلہ پر ہے

- طالع کا مالک پانچویں نوانشہ میں ہو تو گمشدہ پانچ میل کے فاصلہ کے اندر ہے۔ چھٹے نوانشہ تک ہو تو پانچ میل سے زیادہ دور ہے۔

ساتویں نوانشہ سے دس میل اندر ہے۔ آٹھ نوانشہ سے پندرہ میل اندر نواں نوانشہ سے بیس میل اندر ہوتا ہے۔

گمشدہ کب آئے گا

1- ستارہ شمس خانہ اوتار میں قابض ہو تو گمشدہ یا مسافر بہت جلد واپس آئے۔ اگر نحس کے ہمراہ ہو تو دیر سے آئے گا۔

2- بوقت سوال کثرت سیارگان ثابت بروج میں بیٹھے ہوں تو مسافر کے آنے کا ارادہ نہیں ہے۔

3- اگر کثرت سیارگان ذوجسدین بروج میں ہو تو مسافر روانہ ہو کر راستہ سے واپس چلا جائے گا۔

4- مالک ہفتم رجعت میں ہو تو مسافر راستہ سے واپس چلا جائے گا۔

5- خانہ سوم یا دہم میں سعد ستارے ہوں تو مسافر آنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

6- بوقت طالع منقلب ہو یا طالع مالک منقلب بروج میں قابض ہو تو مسافر روانہ ہو چکا ہے۔

7- اگر مشتری و زہرہ خانہ دوم، سوم یا پنجم میں ہوں تو مسافر اسی دن گھر آ جائے گا جس دن سائل نے سوال کیا ہے۔

8- مریخ اپنے برج سے دوسرے برج میں جب جائے گا اور مریخ کے پیچھے برج میں جب کوئی سعد ستارہ آئے گا تو اس وقت مسافر آئے گا۔

9- طالع میں یا طالع سے قریب ترین برج میں کوئی ستارہ مقیم ہو تو اس خانہ کو بار گنا کر کے حاصل ضرب کو دن تصور کریں۔

مثلاً طالع سے چوتھے گھر میں زہرہ موجود ہے تو 4 x 12 = 48 دن تصور کریں۔ اگر وہ ستارہ رجعت میں ہو تو مسافر آ کر پھر چلا جائے گا۔ اگر ستارہ مستقیم ہو تو آ جائے گا

چوری کا مال گھر میں ہے یا نہیں

1- بوقت سوال مالک طالع منقلب ہو تو چوری کیا مال گھر سے باہر چلا گیا ہے

2- طالع ثابت ہو تو مال گھر میں موجود ہے۔

3- طالع ذوجسدین ہو تو مال گھر سے باہر ہے۔

4- مالک ہفتم خانہ سوم یا نہم میں ہو یا صاحب سوم یا نہم سے متصل ہو یا جو ستارہ یا نہم میں ہو اس سے متصل ہو تو مال شہر سے باہر چلا گیا ہے

چوری شدہ مال ملے گا یا نہیں

1- بوقت سوال طالع میں سعد ستارے ہوں تو مال مل جائے گا نحس ستارے ہوں تو نہ ملے۔

2- مالک طالع و مالک ہفتم ایک گھر میں ہوں تو کوشش سے ملے گا۔ اگر دونوں طالع میں ہوں مال جلد مل جائے گا۔

3- اگر طالع مالک ہفتم میں ہو تو مال نہ ملے۔

4- مالک ہفتم رجعت میں ہو تو نہ ملے گا۔

5- مالک ہفتم طالع میں ہو تو چور خود مال واپس کر دے گا۔

6- مالک طالع اور قمر ایک برج میں ہوں تو کسی کی مدد سے مال ملے گا۔

7- اگر صاحب طالع کو صاحب ہفتم ناظر ہو تو مال مشکل سے ملے گا۔

8- خانہ گیارہ میں سعد ستارہ قوی ہو تو مال مل جائے گا۔

9- مالک طالع، طالع میں ہو تو یا کوئی سعد طالع کو ناظر ہو تو مال مل جائے۔

10- بوقت سوال خانہ اوتاد میں سعد ستارے ہوں تو مال مل جائے گا۔

11- قمر زائد النور ہو کر طالع میں ہو اور مشتری اس کو دیکھے تو مل جائے۔

12- بوقت سوال عطارد مشتری، زہرہ، اوتاد میں ہو تو ضرور مل جائے۔

چور مرد ہے یا عورت

1- مالک ہفتم کو دیکھیں کس برج میں ہے مذکر برج میں ہو تو چور مرد ہے مونث برج میں ہو تو چوری کرنے والی عورت ہے۔

2- دوسرے گھر کا مالک خانہ ہفتم میں ہو اور زہرہ و قمر کی اس پر نظر ہو تو چوری عورت نے کی ہے ورنہ بر خلاف مرد چور ہے۔

3- خانہ اول سائل سے منسوب ہے جبکہ خانہ ہفتم چور سے منسوب ہے اس لئے

چور کا مرد و عورت ہونا ساتویں گھر سے ستاروں کی موجودگی سے معلوم کریں۔

چور کون ہے

1۔ صاحب طالع ہفتم میں ہو تو چور خود سائل ہے۔

2۔ قمر برج سرطان میں ہو اور طالع کو ناظر ہو تو چور اہل خانہ سے ہے۔

3۔ اگر طالع وقت سرطان ہو اور اس میں قمر ہو تو چور کوئی غریب مسافر ہوتا ہے۔

4۔ شمس و قمر برج ثور، جوزا، اسد، سنبلہ، عقرب، قوس، دلو یا حوت میں ہو او طالع کے مالک اور طالع کو دیکھتے ہوں تو سائل کو چور کے ساتھ محبت و یارانہ ہوتا ہے ہر وقت سائل کے ساتھ رہتا ہے۔

5۔ ساتویں کا مالک دوسرے یا بارھویں ہو تو گھر کے نوکر نے چوری کی ہے۔

6۔ مالک ہفتم شمس ہو تو چوری سائل کے والد نے کی ہے۔

7۔ مالک ہفتم مشتری ہو تو سائل خود رکھ کر بھول گیا ہے۔

8۔ قمر ہو تو والدہ نے کی ہے۔

9۔ مریخ سے بھائی یا بیٹے نے کی ہے۔

10۔ عطارد سے برادری کے فرد نے چوری کی ہے۔

11۔ زہرہ سے عورت نے کی ہے۔

12۔ زحل نوکر یا نیچ ذات کے فرد نے چوری کی ہے۔

چور کا حلیہ

چور کا حلیہ ہفتم اور مالک ہفتم کے مطابق بیان کریں چور کی عمر خانہ چھٹے سے م کی جاتی ہے اس میں چھوٹے ستارے موجود ہوں تو چور کم عمر ہوتا ہے بڑے ستارے زہرہ مشتری ہوں تو چور بڑی عمر کا ہوتا ہے۔

چوری شدہ مال کہاں ہے

1۔ زائچہ میں قمر طالع میں ہو تو مال مشرق کی طرف ہے۔

2۔ اگر دسویں گھر قمر ہو تو مال جنوب کی طرف ہے۔

3۔ اگر چوتھے گھر قمر ہو تو مال شمال کی طرف ہے۔

4۔ اگر خانہ ہفتم میں قمر ہو تو مال مغرب کی طرف ہے۔

5۔ بوقت سوال خانہ اوتاد میں جو ستارہ موجود ہو اور وہ ستارہ جس سمت سے منسوب ہو مال اس طرف ہوگا۔ شمس سے مشرق، مریخ سے جنوب، زحل سے مغرب، عطارد سے شمال زہرہ سے جنوب مشرق، قمر سے شمال مغرب، راس ہو تو جنوب مغرب، مشتری سے شمال مشرق منسوب ہیں اگر ان میں ایک سے زائد ستارے موجود ہو تو ان میں سے جو سب سے زیادہ طاقتور ہوگا اس کی متعلقہ سمت بتائیں۔

6۔ اگر خانہ اوتار میں کوئی ستارہ نہ ہو تو طالع وقت اگر حمل، اسد یا قوس ہو تو سمت مشرق کی طرف ہے طالع ثور، سنبلہ جدی ہو تو جنوب کی طرف، جوزا، میزان، دلو سے مغرب کی طرف اور عقرب، سرطان اور حوت سے شمال کی طرف مال موجود ہوتا ہے۔

7۔ اگر طالع وقت آتشی ہو تو مال مشرق کی طرف ہوتا ہے طالع آبی سے شمال کی طرف خاکی سے جنوب طرف، بادی سے مغرب کی طرف چوری شدہ مال ہوتا ہے۔

8۔ اگر طالع پانچ نوانشہ تک ہو تو چار کوس کے اندر مال ہوتا ہے چھٹا نوانشہ ہو تو چار کوس کے باہر مال ہو سات نوانشہ سے آٹھ کوس باہر ہو، آٹھ نوانشہ سے بارہ کوس سے باہر ہو نواں نوانشہ سے سولہ کوس سے باہر مال ہوتا ہے۔

9۔ مالک ساعت جس برج میں ہو جس برج میں قمر ہو اور برج چہارم یہ تینوں برو ج آبی ہوں تو مال مقام پانی کے اندر مخفی ہے۔ آتشی بروج سے گرم جگہ موجود ہے خاکی سے زمین اندر دفن ہے بادی سے ویران صحرائے وغیرہ دفن ہے۔

10۔ اگر مالک ساعت مریخ ہو یا خانہ مریخ میں ہو تو آگ کے نزدیک ہے۔ زحل

ہو یا خانہ زحل میں ہو تو تاریک جگہ ہے۔ ساعت مشتری یا خانہ مشتری میں ہو تو صاف پا
کیزہ جگہ موجود ہے۔ شمس سے ظاہری جگہ موجود ہے تو گھر کے اندر، زہرہ سے عورتوں
کے کمرے میں یا سامان اندر ہے۔ عطارد سے بچوں کی یا بڑوں کی کتابوں والی جگہ ہے
قمر سے مال گھر میں ہے باہر نہیں گیا۔

شادی ہوگی یا نہیں

1۔ اگر سائل یہ سوال کرے کہ میری شادی ہوگی یا نہیں اگر بوقت سوال طالع میں مشتری ہو، عطارد ساتویں گھر میں قمر و زہرہ اپنے یا دوست کے گھروں میں واقع ہوں تو شادی ضرور ہوگی۔

2۔ طالع وقت سرطان ہو اور خانہ اوتاد میں نحس کواکب نہ ہو تو شادی ہوتی ہے۔

3۔ طالع میں زہرہ و مشتری اکٹھے ہوں تو شادی ضرور ہوتی ہے۔

4۔ طالع برج مونث ہو اور اس میں سعد کواکب موجود ہوں تو شادی ہوتی ہے۔

5۔ چوتھے گھر میں سعد ستارے موجود ہوں تو شادی ہوتی ہے۔

6۔ دسویں گھر میں زہرہ و قمر ہوں تو شادی ضرور ہوگی۔

7۔ قمر خانہ نہم میں طاقتور ہو اور برج مونث ہو تو شادی ضرور ہو۔

8۔ طالع میں مریخ اور ساتویں میں زہرہ ہو تو شادی ہو۔

9۔ طالع کا مالک اور مالک ہفتم ایک دوسرے کے گھروں میں ہوں یا ایک دوسرے کے گھروں کو دیکھتے ہوں یا باہم آپس میں ناظر ہوں تو شادی ہوتی ہے۔

10۔ بوقت سوال صاحب پنجم خانہ پنجم میں ہو اور کوئی سعد ستارہ اس سے ناظر ہو
شادی ہوگی۔

عورت خوبصورت ہے یا نہیں

1۔ سائل سوال کرتا ہے کہ میں جس شادی کرنے جا رہا ہوں وہ عورت خوبصورت ہے یا نہیں۔ پس اگر صاحب خانہ ہفتم سعد ستارہ ہو یا سعد سے متصل ہو تو عورت خوبصورت ہوتی ہے۔

2۔ اگر صاحب خانہ ہفتم اپنے گھر کو بہ نظر دوستی دیکھے تو عورت خوبصورت ہو۔

عورت و مرد میں پہلے کون مرے گا

1۔ صاحب طالع سائل کے متعلق ہے اور صاحب ہفتم شریک زندگی متعلق ہے پس جس کا ستارہ زود تر متحرق ہونے والا ہو یا نحس ساتھ متصل ہونے والا ہو گا وہ پہلے مرے گا۔

2۔ اگر قمر خانہ برج مذکر میں ہو تو مرد پہلے مرے مونث سے عورت پہلے مرجائے۔

3۔ میاں بیوی دونوں کے نام معہ والدہ جمع کر کے دو پر تقسیم کرو باقی ایک سے پہلے عورت مر جائے باقی دو سے مرد پہلے مرے گا۔

مطلوبہ جگہ شادی ہو جائے گی

صاحب طالع اور مالک خانہ ہفتم دونوں ایک دوسرے کے گھروں میں موجود ہوں یا ایک دوسرے کو سعد نظر سے دیکھتے ہوں یا اپنے اپنے گھروں میں موجود ہوں یا دونوں ساتویں یا طالع میں موجود ہوں تو مطلوبہ جگہ شادی ہو جاتی ہے برعکس مشکل ہے۔ اگر ستارہ قمر بھی ان کے ساتھ سعد نظر رکھتے ہوئے شامل ہو جائے تو شادی یقینی طور ہو جاتی ہے۔

شادی کب ہوگی

1۔ اگر سائل مرد ہے تو خانہ ہفتم کا مالک ستارہ جب بھی مقام قمر میں آ کر قمر سے متصل ہوگا اسی وقت شادی ہو جائے گی۔

2۔ اگر سائل عورت ہے تو خانہ ہفتم کا مالک ستارہ جب بھی مقام شمس میں آ کر شمس سے متصل ہوگا اسی وقت شادی ہو جائے گی۔

محبوب کو محبت ہے یا نہیں

1۔ مالک خانہ پنجم خانہ اوتاد میں سعد ہو تو محبوب کو سائل سے دلی محبت ہوتی ہے اگر مالک پنجم خانہ اوتاد میں نہ ہو یا رجعت میں ہو غروب یا ہبوط یا غروب ہو تو ہرگز محبت نہیں ہوتی۔

2۔ اگر مالک پنجم خانہ اوتاد میں حالت نحس جو اوپر بیان ہیں کی حالت میں ہو تو دونوں میں اختلاف پیدا ہو جائے گا۔

3۔ اگر مالک پنجم و مالک طالع کا اتصال خانہ پنجم یا گیارہ میں ہو تو یقینی طور پر محبت رکھتا ہے اگر قمر بھی ان کو دیکھ رہا ہو تو عنقریب محبوب قدموں میں ہوتا ہے۔

کتنی شادیاں ہوں گی

1۔ خانہ ہفتم میں برج جوزا، سنبلہ، قوس یا حوت ہو اور اس میں زہرہ کیساتھ کوئی نحس ستارہ موجود ہو تو ایک سے زیادہ شادیاں ہوں۔

2۔ عورت کے زائچہ میں ساتویں گھر میں زحل اور قمر آئیں تو عورت ایک سے زیادہ شادیاں کرتی ہے۔

3۔ ساتویں گھر کو جتنے ستارے سعد نظر سے دیکھتے ہوں یا ساتویں گھر میں جتنے سعد بیٹھے ہوں اتنی شادیاں ہوتی ہیں۔

ازواجی زندگی کیسی گزرے گی

زائچہ کے ساتویں خانہ کو دیکھیں اس کے مالک یا قابض ستارے کے مزاج کے مطابق بیوی کا مزاج ہوگا۔

1۔ زائچہ کے ساتویں گھر میں قمر ہو گھریلو زندگی اچھی بسر ہو لیکن غیر مستقل مزاج ہو گی۔

2۔ ساتویں میں شمس آ جائے تو شادی دیر سے ہو شریک زندگی مغرور خود پسند ملے

3۔ مریخ سے بیوی شر پسند حکم چلانے والی غلط فہمی قبول کرنے والی۔

4۔ عطارد شریک زندگی اعلیٰ ذہنیت کی مالک ہو گھریلو سکھ ملے مگر ضدی ہو۔

5۔ مشتری شریک زندگی بہت اعلیٰ خاندان کی ہو گھریلو زندگی پرسکون ہوگی۔

6۔ زہرہ بہترین ازواجی زندگی بسر ہو کامیاب شادی ثابت ہو۔

7۔ زحل بدقسمتی کی طرف اشارہ ہے اول شادی نہ ہو ورنہ بہت دیر کے بعد ہو۔

8۔ راس یا ذنب ساتویں آ جائے تو چند دنوں کے لئے شادی ہوگی۔

ستارے کی حالت کو بھی مد نظر رکھیں سعد حالت میں کامیابی نحس حالت میں ناکامی و بربادی ظاہر ہوتی ہے۔

مالک خانہ ہفتم کے بارہ گھروں میں اثرات

خانہ اول: اگر زائچہ میں خانہ ہفتم کا ملک ستارہ خانہ اول یعنی طالع میں ہو تو بیوی کنجوس، نافرمان، اور لڑائی جھگڑے والی ملے گی۔

خانہ دوم: اگر خانہ ہفتم کا مالک زائچہ میں خانہ دوم میں ہو تو سیلان الرحم مرض کے باعث اولاد کی قلت ہو یا حمل ضائع ہو جایا کرے گا۔

خانہ سوم: دونوں عیش پسند ہوں گے لیکن بیوی کو اس کے خاندان والے تکلیف دینے پر آمادہ رہا کریں گے۔

خانہ چہارم: دونوں ایک دوسرے کے تابع رہیں۔ قناعت پسند ہوں زندگی میں زیادہ مالدار نہ ہو سکے گی۔

خانہ پنجم: بیوی خوبصورت اور صاحب اولاد ہو نیز بیوی کم زبان اور اعلیٰ خاندان سے تعلق رکھتی ہو گی۔

خانہ ششم: بیوی کو آرام ملے نکاح یا شادی اتفاقی یا جھگڑے سے ہو نیز پہلے خاوند کی موت واقع ہو۔

خانہ ہفتم: بیوی حسین اور تابعدار ہو اور صاحب اولاد بھی ہوگی۔ دشمنوں پر ہمیشہ غالب رہے۔

خانہ ہشتم: نکاح کے تھوڑے ہی عرصہ کے بعد بیوی مرجائے یا پھر ہر وقت بیمار رہے لڑائی جھگڑے کے باعث دوسری شادی کرنی پڑے۔

خانہ نہم: بیوی فرماں بردار اور صاحب اولاد ہوگی۔

خانہ دہم: خود پسند' سینہ زور' عیش پرست' فضول خرچ اور صاحب اولاد ہوگی۔

خانہ گیارہ: نرم مزاج' وفادار ہو مگر رحم کے امراض لاحق ہوں۔

خانہ بارہ: دونوں فضول خرچ ہوں گے عیش و عشرت میں مال نقصان اٹھائیں۔

شادی کا انجام معلوم کرنا

کسی بھی نجومی سے تقریباً سب سے پہلا سوال یہی کیا جاتا ہے کہ میری شادی کب ہوگی۔ شادی کیسی رہے گی۔ بیوی کیسی ہوگی کس خاندان سے تعلق رکھتی ہوگی۔ اولاد کتنی ہوگی۔ پہلی اولاد کون سی ہوگی۔

ازدواجی زندگی کیسی بسر ہوگی۔ ان سب چیزوں کو معلوم کرنے کے چند اصول ہیں زائچہ کا خانہ اول سائل سے منسوب ہے۔ جبکہ زائچہ کا خانہ ہفتم سائل کی زوجہ سے منسوب ہے۔ ساتویں گھر کا حاکم ستارہ لڑکی کے کریکٹر کے بارے میں بتاتا ہے پانچواں گھر اولاد سے منسوب ہے۔

شادی کا انجام

1۔ زائچہ کے خانہ ہفتم میں زحل مستقل رکاوٹ ڈالتا ہے مگر مشتری و زحل کا قران یا زحل خانہ سات میں ہو اور مشتری کی تسدیس یا تثلیث کی نظر زحل سے ہو تو خوشیاں میسر ہوں۔

2۔ خانہ ہفتم میں شمس و مریخ ہونے سے اول بہت دیر سے شادی ہو دوم کشیدگی اور طلاق ہو یا دونوں میں سے ایک کوئی مرجائے گا۔

3۔ مالک خانہ اول اور ہفتم باہم سعد نظر یا قران ہوں اور رجعت یافتہ یا غروب یافتہ نہ ہوں تو خوشگوار ازدواجی زندگی کی نشاندہی ہوتی ہے۔

4۔ ستارہ شمس اور قمر کی آپس میں سعد نظر ہو تو شادی کامیاب ہوتی ہے۔

5۔ زحل خانہ 7 میں اور مریخ خانہ 12-10-7-4 میں اور یورانیس یا نیپ چون خانہ 7-5 میں ہونے سے شادی کامیاب ثابت نہیں ہوتی۔

6۔ مالک خانہ اول اور ہفتم اور قمر و زہرہ کو ستارہ زحل' مریخ اور راہو نحس ناظر نہ ہوں تو شادی کامیاب ہوتی ہے۔

7۔ زہرہ مریخ کے برج یا نوانسے میں نہ ہو تو کامیاب ہوتی ہے۔

8۔ اگر زائچہ میں زہرہ اور مشتری باہم نحس ناظر ہوں تو شادی کامیاب نہیں ہوتی۔

9۔ ستارہ قمر اور شمس باہم نظر تربیع یا مقابلہ سے بھی شادی نحس ثابت ہوتی ہے۔

10۔ ستارہ مریخ خانہ 12-10-7-4 میں نہ ہو۔

11۔ زحل خانہ 7 میں نہ ہو تو شادی کامیاب ہوتی ہے۔

12۔ یورانیس خانہ 7 میں ناخوشگوار حالات لاتا ہے۔

13۔ مالک خانہ ہفتم اپنے نوانشہ میں ہو تو نہایت کامیاب ثابت ہوتی ہے۔ دوست کے نوانشہ میں ہونے سے مساوی اور دشمن کے نوانشہ میں ہونے سے علیحدگی ہو۔

14۔ اگر ستارہ قمر اور زہرہ برج سرطان عقرب یا حوت میں ہوں یا پھر برج ثور میزان یا دلو میں ہوں تو شادی کامیاب رہتی ہے۔

15۔ ستارہ قمر اور زہرہ خانہ اول دسویں اور گیارہویں میں ہوں تو کامیاب شادی کی دلیل ہے۔

16۔ خانہ 6-8-12 میں ستارہ قمر اور زہرہ ہونے سے ازدواجی ناکامی اور ناخوشگوار حالات اور طلاق وجدائی کی نشانی ہے۔

17۔ ستارہ مریخ وبال میں ہو تو ہمیشہ جھگڑا ہوتا رہے گا تاہم شادی میں رکاوٹ حائل نہیں ہوگی۔

18۔ زہرہ پر مریخ کی نظر ہو تو شادی میں عجلت پیدا ہوتی ہے۔

19۔ اگر ستارہ قمر پہلی تاریخوں کا ہو تو شادی جلدی ہو جاتی ہے یا اگر انسان ادھیڑ عمر کا ہو تو نوجوان لڑکی سے شادی ہوتی ہے۔

20۔ اگر ستارہ قمر آخری تاریخوں کا ہو تو شادی دیر سے یا بڑی عمر کی عورت سے ہوتی ہے۔

21۔ اگر ستارہ قمر اور شمس کا قران ہو رہا ہو تو شادی میں بالعموم التواء ہو جاتا ہے۔

22۔ اگر ستارہ قمر پر زحل کی نظر پڑ رہی ہو اور خانہ بھی غیر ثمر ور ہو تو شادی کا مطلق امکان نہیں ہوتا۔

23۔ عورت کے زائچہ میں شمس کی کمزوری دیکھنی چاہیے اگر شمس چوتھے، پانچویں، چھٹے، دسویں، گیارہویں یا بارہویں گھر میں ہو تو شادی کمسنی میں ہو جائے گی۔

24۔ اگر مرد کا قمر مردانہ نچھتر (منزل) میں ہو اور عورت کا زنانہ نچھتر میں ہو تو شادی کامیاب رہتی ہے۔

25۔ دونوں کا طالع برج ایک جیسا ہو تو شادی کامیاب ہوتی ہے۔

26۔ دونوں کے طالع فاصلہ کے لحاظ سے سعد نظرات رکھتے ہوں تو سعد ہے۔

27۔ دونوں کا قمری طالع ایک سعد ہو تو شادی کامیاب ہوتی ہے۔

28۔ دونوں کے طالع میں سعد کواکب قابض ہوں تو شادی مبارک ثابت ہوتی ہے جس کے طالع

میں نحس کواکب ہوں گے وہ دوسرے کو نقصان پہنچائے گا۔

حمل ہے یا نہیں

1۔ اس سوال کا تعلق خانہ پنجم سے ہے۔ وقتی زائچہ میں طالع کا مالک خانہ پنجم میں ہو اور مالک پنجم طالع میں ہو اور کسی سعد ستارے کی نظر ہو تو عورت کو حمل ہوتا ہے۔

2۔ زہرہ یا کوئی دوسرا سعد ستارہ طالع یا خانہ پنجم یا نہم میں بیٹھا ہو تو حمل ہوتا ہے۔

3۔ ستارہ زہرہ و قمر قوی ہو کر خانہ پنجم یا گیارہ میں ہو یا ایک دوسرے کو دیکھتے ہوں تو عورت کو حمل ہوتا ہے۔

4۔ اگر خانہ پنجم کا مالک اپنے گھر کو نہ دیکھتا ہو اور پانچویں گھر پر کسی نحس ستارے کی نظر ہو یا پانچویں گھر میں موجود ہو تو حمل نہیں ہوتا۔

5۔ اگر خانہ پانچ کو مریخ یا زحل کامل نظر سے دیکھتے ہوں اور کسی سعد ستارے کی نظر نہ ہو تو حمل حرام کا ہوتا ہے۔

6۔ اگر پانچویں کا مالک حالت رجعت، غروب یا نحس ساتھ نہ ہو تو دلیل ہے حمل نہ ٹھہرے گا۔ حمل ہو کر وضع حمل ہوگا۔

اولاد ہوگی یا نہیں

مالک طالع خانہ پنجم میں ہو یا مالک پنجم سے متصل ہو اور کسی نحس ستارے کی نظر نہ ہو تو اولاد ضرور ہوتی ہے مگر کافی مدت بعد ہو۔ اگر مالک پنجم طالع میں ہو اور حالت سعد میں ہو تو جلدی ہو اگر کوئی سعد ستارہ پنجم میں ہو تو فرزند ہوتا ہے۔

بوقت سوال صاحب طالع اور قمر دونوں طالع میں ہو تو ضرور ہوگی۔ مالک پنجم پر قمر کی نظر ہو یا کوئی نحس ستارہ خانہ پنجم میں ہو یا مالک پنجم کسی نحس کے ساتھ ہو یا کسی نحس گھر میں موجود ہو تو اولاد نہ ہو۔

مرد کے زائچہ میں اولاد کے امکانات

علم نجوم میں اولا کے متعلق معلوم کرنے کیلئے کے اولا دہوگی یا نہیں نیز پہلی اولاد کون سی ہوگی اور اولاد کی تعداد کیا ہے۔ زائچہ پیدائش بنانے کے بعد دیکھیں کہ:

1۔ طالع کا مالک یا قمر خانہ طالع میں ہو تو اولاد ضرور ہوتی ہے۔

2۔ خانہ اول یا نہم میں ستارہ مشتری ہو تو اولاد ہوتی ہے۔

3۔ خانہ پانچ یا گیارہ میں ستارہ قمر، زہرہ یا مالک طالع ہو تو صاحب زائچہ کی اولاد ضرور ہوتی ہے۔

4۔ خانہ 5 میں نحس کوکب ہو اور مالک 5 کی خانہ پانچ پر نظر بھی نہ ہو تو اولاد نہیں ہوتی۔

5۔ خانہ پانچ کو قمر یا زہرہ نہ دیکھے تو ہرگز نہیں ہوتی۔

6۔ خانہ 4-7-10 میں قمر وزہرہ کے ساتھ کوئی نحس ستارہ ہو تو اولاد نہیں ہوتی اور اگر ہو بھی تو زندہ نہ رہے گی۔

7۔ ستارہ شمس اور مالک پنجم نحس ستاروں کے درمیان ہوں اور نحس کوکب ان کو دیکھتے ہوں تو بزرگوں کی بددعا سے اولاد نہیں ہوتی۔

8۔ مالک پنجم سعد حالت میں سعد کوکب کے ساتھ تعلق رکھتا ہو اور خانہ 6-8-12 میں ہو تو شادی کے بعد تین سال تک رکاوٹ رہتی ہے۔

9۔ مالک طالع، طالع میں یا خانہ 2-3-7-8-9 میں ہو تو پہلی اولاد لڑکا ہوتا ہے۔

10۔ خانہ پنجم میں زحل ہو تو پہلی اولاد لڑکا ہوتا ہے۔

11۔ خانہ پنجم میں مریخ ہو یا خانہ گیارہ میں نحس کوکب ہو یا خانہ پنجم میں قمر یا زہرہ ہو تو پہلی اولاد لڑکی ہوتی ہے۔

12۔ مالک پنجم مونث ستارہ ہو اور مونث برج میں ہو تو پہلی اولاد لڑکی ہوتی ہے۔

13۔ مالک طالع اور مالک پنجم آپس میں دوست ہوں تو اولاد تابعدار ہوتی ہے دونوں کوکب آپس

میں مساوی ہوں تو اولاد بھی درمیانی ہوتی ہے دونوں کوکب کے آپس میں دشمن ہونے سے اولاد تند خو، بدمزاج اور نافرمان ہوتی ہے۔

14۔ مالک خانہ پنجم قابض اوتاد یا ترکون ہو تو اولاد ہوتی ہے اگر خانہ 6-8-12 میں ہو تو اولاد میں تردد ہو۔

15۔ پیدائش زائچہ کے مقام مشتری پر سالانہ زائچہ میں طالع ہو تو اولاد اسی سال ہوتی ہے۔

16۔ جس سال سالانہ زائچہ میں طالع کا مالک خانہ پانچ میں اور خانہ پانچ کا مالک طالع میں ہو تو اس سال اولاد ضرور ہوتی ہے۔

17۔ سالانہ زائچہ میں خانہ پانچ کا مالک خانہ شرف میں ہو کر خانہ پانچ میں ہو اگر وہ مذکر ہو تو لڑکا ہوتا ہے اور اگر مونث ہو تو اس سال لڑکی ہوتی ہے۔

18۔ پیدائش کے زائچہ میں جس برج میں زحل ہو سالانہ زائچہ میں وہ برج جس سال طالع میں آئے گا۔ اس سال اولاد کی موت واقع ہو سکتی ہے یا پھر اولاد کیلئے سخت آزمائش کا سال ہوگا۔

19۔ اگر ستارہ قمر اور زہرہ سعد ہو کر خانہ پانچ کو نہ دیکھیں تو نہیں ہوگی۔

20۔ اگر ستارہ زحل خانہ پانچ میں ہو اور خانہ پانچ کا مالک ستارہ اس کے ساتھ قران کی حالت میں ہو تو اولاد نہیں ہوتی

21۔ مالک طالع اور مالک پنجم دونوں مذکر برج میں بیٹھے ہوں اور خانہ پانچ پر مالک طالع کی سعد نظر ہو تو اولاد لڑکا ہوتی ہے۔

22۔ زائچہ کے خانہ پنجم کا کوکب، زہرہ، مشتری اور قمر کی نظر خانہ پنجم پر ہو تو اولاد بکثرت پیدا ہوتی ہے۔

23۔ اگر زائچہ کے پانچویں گھر میں کوئی نحس ستارہ بیٹھا ہوا ہے اور اس گھر کے مالک ستارے کی اس خانہ پر نظر نہ ہو تو اولاد ہو جاتی ہے۔

24۔ طالع کا مالک کوکب مذکر برج میں ہو اور پانچویں گھر کا مالک ستارہ کی نظر ہو تو اول اولاد لڑکا ہوتی ہے۔

25۔ اگر زائچہ کے خانہ 1-3-5-7-9 میں ستارہ زحل ہو تو اول اولاد لڑکا ہوتی ہے اگر بوقت
ولادت زحل حالت رجعت یا غروب میں ہو تو لڑکی ہوتی ہے۔

26۔ طالع اور پانچویں گھر میں دونوں میں مذکر برج ہوں تو اول اولاد لڑکا ہوتی ہے۔

27۔ اگر زائچہ میں دو یا چار کواکب ذوجسدین برج میں بیٹھے ہوں اور ستارہ عطارد اس خانہ پر نظر
رکھتا ہو تو بیک وقت دو لڑکے پیدا ہوں گے۔

28۔ زائچہ کے پانچویں گھر میں اگر ستارہ زہرہ طاقتور ہو تو یکے بعد دیگرے چار لڑکیاں پیدا ہوں
اس کے علاوہ جتنے مونث ستارے پانچویں گھر پر نظر رکھتے ہوں اتنی ہی لڑکیاں پیدا ہوں گی۔

29۔ اگر پانچویں گھر میں ستارہ عطارد بحالت رجعت یا غروب کی حالت میں واقع ہو تو اول اولاد
مخنث پیدا ہوگی۔

30۔ اگر زائچہ کے خانہ ہفتم میں ستارہ قمر و زہرہ واقع ہوں تو اولاد میں لڑکیاں زیادہ پیدا ہوتی ہیں۔

31۔ زائچہ کے خانہ ہفتم پر ستارہ قمر و زہرہ کی نظر ہو تو اول اولاد لڑکی ہوگی اور بہت خوش قسمت بھی ہو
گی۔

32۔ پانچویں گھر میں جتنے مذکر ستارے واقع ہوں یا جتنے مذکر ستارے پانچویں گھر پر ناظر ہوں
اتنے لڑکے پیدا ہوں گے اور جتنے ستارے پانچویں گھر میں مقیم ہوں یا ناظر ہوں اتنی لڑکیاں پیدا ہوں
گی۔

33۔ زائچہ کا پانچواں گھر زحل کا ہو اور اس میں زحل ہی بیٹھا ہوا ہو اور اس پر قمر کی نظر ہو تو اول اولاد
لڑکا ہوتی ہے۔

عورت کے زائچہ میں اولاد کے امکانات

1۔ طالع سے ساتویں گھر میں کمزور اور نحس کواکب موجود ہوں تو اولاد ہونے کا امکان کم ہوتا ہے۔

2۔ طالع اسد، ثور اور عقرب کی حامل خواتین کی اولاد تھوڑی ہوتی ہے۔

3۔ ساتویں اور نویں گھر میں نحس کواکب ہوں تو دنیا سے قطع تعلق ہو کر فقیرانہ زندگی بسر کرے۔

4۔ اگر ستارہ مشتری و زہرہ ایک گھر میں واقع ہوں یا بحالت قران ہوں تو بچے پیدا ہوتے ہی فوت
ہو جائیں گے۔

5۔ اگر پیدائشی طالع حمل، عقرب، جدی یا دلو ہو اور ان سے نحس کواکب نحس نظرات رکھتے ہوں تو
اولاد نہ ہوگی۔

6۔ ستارہ شمس و زحل خانہ 8 میں مقیم ہوں یا ان میں سے کوئی ایک اپنے گھر میں ہو سوائے طالع کے تو
اولاد کا امکان نہیں ہوتا۔

7۔ طالع میں زحل و مریخ ہو یا قمر و زہرہ ہو اور خانہ پانچ میں نحس کواکب ہوں یا نحس کواکب ناظر ہوں
تو اولاد نہ ہوگی۔

8۔ پیدائشی زائچہ میں برج سنبلہ، عقرب، ثور یا اسد میں ستارہ قمر ہو یا پانچویں گھر سعد کواکب ہوں اور
پانچویں گھر سے سعد نظرات بھی ہوں تو اولاد تھوڑی ہوتی ہے۔

9۔ اگر ستارہ مشتری یا زہرہ سے جو ایک ہی گھر میں حرکت کر رہے ہوں مریخ بھی مقیم ہو یا قران
کرے تو حمل کرنے کا امکان ہوتا ہے مریخ خانہ سات میں ہو اور زحل ساتھ نظر بد رکھتا ہو تو حمل گر
جائیگا زحل خانہ سات میں ہو کر مریخ سے نظر رکھتا ہو تو اولاد کمزور و مریض ہو۔ خانہ سات میں راس اور
شمس ہو تو اولاد مردہ پیدا ہو۔ خانہ سات میں قمر اور عطارد ہو تو لڑکیاں پیدا ہوں۔ خانہ پانچ میں مشتری
اور زہرہ ہوں تو بہت لڑکے اور لڑکیاں ہوں جو صاحب اقبال اعلیٰ کردار کی مالک ہوں نیز جن کو ورثہ
بھی ملے گا اور خاوند بھی محبت رکھنے والا ملے گا۔

اولاد ہونے کا وقت اور تعداد معلوم کرنا

1۔ اولاد کی تعداد معلوم کرنے کیلئے مالک خانہ پنجم اور قمر کے درمیان جتنے بروج کا فاصلہ ہوگا اتنی
تعداد ہوگی لیکن دونوں کواکب اسد، قوس یا حمل میں نہ ہوں کیونکہ یہ بنجر بروج ہیں اور اگر ان میں سے
ایک ان برجوں میں سے کسی ایک میں ہو اور دوسرا نہ ہو تو جتنے برجوں کا فاصلہ ان دونوں میں ہوگا ان کو

نصف کرلیں یہ تعداد ہے۔

2۔ ستارہ زہرہ اپنے برج میں سعد ہو کر خانہ تین یا سات میں پڑا ہو تو پہلے 2 لڑکیاں پھر 3 لڑکے پیدا ہوں گے۔

3۔ ستارہ قمر اپنے برج میں سعد ہو کر خانہ تین یا سات میں پڑا ہو تو پہلے صرف ایک لڑکا ہوگا۔

4۔ ستارہ عطارد اپنے گھر کا ہو کر تیسرے گھر میں پڑا ہو تو دو بیٹے اور دو بیٹیاں ہوں گی۔

5۔ مشتری اپنے گھر کا ہو کر تیسرے گھر میں بیٹھا ہو تو

6۔ زحل یا مریخ جدی برج میں ہو کر خانہ پانچ میں پڑا ہو تو 3 بیٹے ہوں۔

7۔ زحل برج دلو میں ہو کر سعد نظرات رکھتا ہو تو 5 لڑکے ہوں۔

8۔ شمس، مریخ اور مشتری خانہ پانچ میں سعد ہوں تو لڑکے ہوں۔

9۔ قمر، عطارد، زہرہ اور زحل خانہ 5 میں ہوں تو 3 لڑکیاں ہوں۔

10۔ ستارہ قمر ستارہ راس (راہو) کے ساتھ خانہ تین میں ہو تو صرف ایک لڑکی پیدا ہوگی۔

11۔ خانہ پانچ میں شمس ہو اور سعد ستارے سے نظر رکھتا ہو تو 3 لڑکے ہوں گے۔

12۔ خانہ پانچ میں ستارہ قمر ہو اور سعد ستارے سے سعد نظرات رکھتا ہو تو 2 لڑکیاں پیدا ہوں گی۔

13۔ خانہ پانچ میں ستارہ مریخ ہو اور سعد کواکب سے سعد نظرات رکھتا ہوں تو 3 بیٹے ہوں

14۔ خانہ پانچ میں ستارہ عطارد ہو اور سعد کواکب سے سعد نظرات رکھتا ہو تو 4 یا 7 لڑکیاں ہوں۔

15۔ خانہ پانچ میں ستارہ مشتری ہو اور سعد کواکب سے سعد نظرات رکھتا ہوں تو 5 لڑکے اور 2 لڑکیاں ہوں۔

16۔ خانہ پانچ میں ستارہ زہرہ ہو اور سعد کواکب سے سعد نظرات رکھتا ہو تو چھ فرزند ہوں اور چھ لڑکیاں۔

17۔ خانہ پانچ میں ستارہ زحل یا راہو (راس) ہو تو حمل ساقط ہو جاتا ہے۔

18۔ زائچہ میں خانہ تین کا مالک ستارہ مذکر ہو یا مذکر برج میں ہو یا مذکر ستارہ خانہ سوم کو دیکھے نیز مریخ بھی مذکر برج میں ہو تو بھائیوں کی تعداد زیادہ ہوتی ہے مونث سے بہنوں کی تعداد زیادہ ہوتی

ہے مساوی ہوں تو بہن اور بھائی کی تعداد بھی مساوی ہوتی ہے۔

19۔ زائچہ میں جس قدر کواکب تیسرے گھر میں سعد ہوں کر پڑے ہو یا دیکھتے ہوں گے اس قدر بھائیوں کے جنم کا اتفاق ہوتا ہے ان میں جس قدر مذکر ہوں اتنے بھائی اور مونث سے اتنی بہنیں ہوتی ہیں۔

20۔ زائچہ میں خانہ پنجم کو جس قدر سعد اور مذکر ستارے دیکھتے ہوں گے اتنے بھائی اور جس قدر سعد اور مونث ستارے دیکھتے ہوں گے اتنی بہنیں ہوں گی۔

21۔ اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ اولاد کب ہوگی تو زائچہ میں ستارہ شمس یا مریخ جب مالک پنجم سے قران کرے گا اس وقت پیدائش ہوگی اور اگر شمس و مریخ پانچویں کے مالک سے دور ہوں تو پھر ساعت کے مالک اور قمر کو دیکھیں کہ پانچویں کے مالک کے ساتھ کب قران کریں گے جب قران کریں گے اسی وقت ولادت ہوگی یا جس وقت کوئی سعد ستارہ سہم الاولادت سے متصل ہوگا اسی وقت ولادت ہو جائے گا۔

22۔ پیدائش اولاد معلوم کرنے کیلئے ستارہ قمر دنوں کیلئے عطارد اتنے ہفتوں کیلئے زہرہ پندرھواڑے کیلئے مریخ ماہ کیلئے شمس ماہ کیلئے مشتری سال کیلئے اور زحل غیر محدود مدت کیلئے منسوب ہیں۔ صاحب طالع اور مالک خانہ پنجم کو زائچہ میں دیکھیں کہ ان دونوں کے درمیاں کتنے درجات کا فاصلہ ہے اور کون سا تیز رفتار ستارہ دوسرے ستارے سے نظر بنائے گا ان دونوں کے درمیان جب بھی کوئی سعد نظر تسدیس، تثلیث یا قران بنے گی تب اولاد ہو جائے گی۔

23۔ مالک پنجم جتنے نہ بہرہ میں ہوگا اتنی تعداد اولاد کی ہوگی۔

24۔ حاکم پانچ کے دورہ اکبر دورہ اوسط میں اولاد پیدا ہوتی ہے۔

لڑکا یا لڑکی معلوم کرنا

◀ مالک طالع اور مالک پنجم دونوں مذکر بروج میں قابض ہوں اور پانچویں گھر پر

مالک طالع کی نظر ہو تو لڑکا پیدا ہوتا ہے۔

- زائچہ کے خانہ سوم، پنجم، ہفتم، نہم اور گیارہ میں زحل قابض ہو تو لڑکا پیدا ہوگا۔
- بوقت سوال طالع برج مذکر ہو اور طالع کو مذکر ستارے یعنی زحل، مشتری، مریخ یا شمس دیکھتے ہوں تو لڑکا ہوتا ہے۔ اگر بوقت سوال طالع مونث برج ہو اور طالع کو مونث ستارے دیکھ رہے ہوں تو لڑکی ہوتی ہے۔
- زائچہ کے مذکر گھروں میں شمس اور مشتری موجود ہوں تو لڑکا ہوتا ہے پانچویں اور گیارھویں گھر میں نحس ستارے موجود ہوں تو لڑکی ہو پانچویں گھر میں سعد ستارے ہوں یا ناظر ہوں تو لڑکا ہو۔
- بوقت سوال مالک طالع اور مالک پنجم دونوں مذکر بروج میں ہوں تو لڑکا ہوتا ہے اگر ایک مذکر میں دوسرا مونث برج میں ہو تو جس کو قمر ناظر ہو اس کے مطابق جواب لو۔
- ستارے شمس اور مالک طالع دونوں مذکر بروج میں ہو تو لڑکا ہو۔

تشخیص امراض

اگر کوئی مریض کے متعلق سوال کرے کہ مریض کو کیا مرض ہے کب تک ٹھیک ہو جائے گا مریض کی زندگی باقی ہے یا نہیں اور مریض جس سے علاج کروا رہا ہے وہ ڈاکٹر و حکیم کیسا ہے اس کے دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ زائچہ کا خانہ اول اس ڈاکٹر و حکیم سے منسوب ہے کہ جس سے مریض اپنا علاج کروا رہا ہے زائچہ کا خانہ چہارم ان ادویات سے منسوب ہے جو کہ مریض استعمال کر رہا ہے خانہ چھٹے کا مرض سے متعلق ہے جو کہ مریض کو لاحق ہے اسی طرح مریض کی عمر خانہ آٹھ سے اور مریض کی زندگی خانہ دس سے دیکھی جاتی ہے آپ ان تمام گھروں کے مالکان اور ان میں قابض کو اکب کو مد نظر رکھ کر جواب آخذ کر سکتے ہیں

مثلاً طالع میں برج اسد آیا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مریض کو امراض قلب، کمر درد اور ریڑھ کی ہڈی کے امراض لاحق زائچہ کے خانہ ششم میں ستارہ شمس موجود ہے چھٹا گھر میں موجود برج جدی بھی منقلب ہے اور ستارہ شمس بھی منقلب ستارہ ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مریض کو عصبی کمزوری، سینے کی کمزوری، درد معدہ اور جوڑوں کا درد ہے۔

اب یہ دیکھیں کہ چھٹے گھر کا مالک ستارہ کس گھر میں موجود ہے دیکھا تو معلوم ہوا کے چھٹے گھر کا مالک ستارہ زحل زائچہ کے خانہ دوم میں موجود ہے اس سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ مریض کو پیٹ

کے امراض معدہ، معدے کے امراض، آنت اور امراض قلب لاحق ہیں دوسرے گھر میں برج سنبلہ موجود ہے اس سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ مریض کو امراض معدہ وانتڑیاں پیٹ اور جوڑوں کا درد اور بد ہضمی کی شکایت موجود ہے اس زائچہ سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ مریض کو جوڑوں کا اور ہڈیوں کا درد ہے اس کے علاوہ پیٹ کے امراض اور اعصابی وقلبی کمزوری لاحق ہے۔

اس زائچہ کے خانہ چہارم میں مریخ موجود ہے جو کہ مثادی التاثیر ادویات کا حکم رکھتا ہے یعنی مریض کو ایسی ادویات استعمال کرائی جائیں جو معتدل ہوں نہ زیادہ گرم اور نہ سرد ان سے فائدہ ملے گا۔

اس کے بعد زائچہ کا ساتواں گھر دیکھا جو مرض سے منسوب ہے اس پر نظر کی اس میں برج دلو واقع ہے جس کا مالک ستارہ زحل زائچہ کے خانہ دوم میں برج سنبلہ کے اندر موجود ہے سنبلہ کا مالک عطارد اور زحل آپس میں مساوی ہیں اس لیے مریض کو آہستہ آہستہ آرام ملے گا

اس کے بعد زائچہ کا خانہ دہم دیکھا جو کہ مریض کی زندگی سے وابستہ ہے اس گھر میں برج ثور ہے اور اس گھر کا مالک ستارہ زہرہ زائچہ کے خانہ دوم برج سنبلہ میں موجود ہے ستارہ عطارد اور زہرہ ایک دوسرے کے دوست ہیں اور ایک دوسرے کو نظر تثلیث سے دیکھ رہے ہیں جو اس امر کی شاہد ہے کہ مریض کی عمر باقی ہے اور شفا پائے گا۔

بارہ برجوں سے منسوبہ امراض

برج حمل: سردرد کے امراض، ذہنی امراض، بخار، سر میں چوٹ وغیرہ

برج ثور: کھانسی، سرخ بخار، گلے کی خرابیاں، خناق

برج جوزا: ہاتھ، بازو، اور کندھوں میں درد و چوٹ وغیرہ

برج سرطان: سرطان، تپ دق، وسل، بدہضمی۔

برج اسد: امراض قلب، پیٹھ میں درد، ریڑھ کی ہڈی کے امراض۔

برج سنبلہ: پیٹ میں درد، بدہضمی، جوڑوں کا درد، امراض معدہ وانتڑیاں، قبض

برج میزان: جگر و گردے کے امراض، جوڑوں و کمر درد کے امراض۔

برج عقرب: امراض مثانہ، درد جوڑ، پاخانہ کی بیماری، اعضائے رئیسہ و پیشاب،

برج قوس: خونی امراض درد جوڑ۔

برج جدی: گھٹنوں میں درد، ہڈیاں وجوڑوں کی تکلیف

برج دلو: پنڈلیاں، پٹھوں اور ٹخنوں کی بیماریاں۔

برج حوت: پاؤں کے امراض، چوٹ اور انتڑیوں کی خرابی وغیرہ۔

چھٹے گھر میں قابض بروج اور ستاروں کے اثرات

وقتی زائچہ کے چھٹے گھر میں جو برج قابض ہو اور اس میں جو ستارے موجود ہوں اس سے متعلقہ امراض درج ذیل ہیں۔

آپ وقتی زائچہ بنائیں اور اس کے چھٹے گھر کو دیکھیں کہ اس میں کون سا برج ہے اور اس گھر میں کون سا ستارہ موجود ہے جو ہو اس سے متعلقہ امراض سائل کو لاحق ہوں گے۔

چھٹے گھر میں قابض بروج اور ستارہ قمر کے اثرات

اگر وقتی زائچہ کے چھٹے گھر میں برج حمل ہو اور اس میں ستارے قمر قابض ہو تو سائل کو بینائی کی کمزوری، درد سر، زانو کی شکایت، بے ہوشی، جریان، نزلہ وزکام اور پیچش جیسے امراض لاحق ہوتے ہیں۔

ثور: ٹانگوں اور پاؤں میں درد گلے میں زخم، ورم اور بلغمی امراض

جوزا: خرابی معدہ کے امراض، درد گھنٹیا، رانو میں شکایت، بدہضمی

سرطان: بدہضمی، آشوب چشم، رعشہ، مرگی

اسد: گھنٹیا، ہاتھ پاؤں کی شکایت، سینہ میں درد، دل کے امراض
سنبلہ: جادوٹونہ ونظربد کے اثرات
میزان: پیٹ درد، بدہضمی، انتڑیوں کا مرض
عقرب: زخم، حادثہ، غشی، امراض معدہ زہر، حادثہ سے زخم
قوس: پاؤں میں نقص رانو کی تکلیف امراض پشت
جدی: گردہ کے امراض، پتھری، گھنٹیا، منہ کے امراض
دلو: دماغی امراض، دیوانہ پن
حوت: بلغمی امراض، پاؤں ٹانگوں میں ورم وسوجن

چھٹے گھر میں قابض بروج
اورستارہ زحل کے اثرات

حمل: سردی کے امراض، بہرہ پن، سینہ وبازو کی تکلیف
ثور: خارش وجلدی امراض، خرابی خون
جوزا: یرقان، فالج، خرابی خون، بازو وکندھوں کی تکلیف
سرطان: دمہ وسینہ کے امراض، پھیپھڑوں میں درد کی شکایت
اسد: دردسر، بخار، کمر درد، خرابی جگر
سنبلہ: خرابی خون، کمزوری، پتھری، قبض
میزان: خرابی خون، پشت میں درد، گھٹنوں میں درد، گھنٹیا
عقرب: خارش، بواسیر، پاؤں میں درد، رعشہ
قوس: کمزوری گھنٹیا، دردوں کے امراض
جدی: سردرد، تھکاوٹ، گھنٹیا، بخار پرانا

دلو: دانتوں کے امراض، کانوں کے کل امراض
حوت: گھنٹیا، پاؤں میں درد

چھٹے گھر میں قابض بروج
اورستارہ مشتری

حمل: دماغی امراض کمزوری دل ودماغ
ثور: پیٹ کی تکلیف، دردگردہ، پیچش، گھنٹیا
جوزا: دردسینہ، خرابی جگر، امراض خون
سرطان: بدہضمی، خارش، خرابی خون
اسد: بخار، دردسینہ، اختلاج قلب امراض دل
سنبلہ: جگر کے امراض وکمزوری، دردکمر، پھیپھڑوں کی تکلیف
میزان: بخار، بواسیر، بدہضمی، خرابی خون
عقرب: بواسیر، جلدی امراض، بلغمی امراض
قوس: خرابی خون، بخار، بدہضمی
جدی: پھیپھڑوں کے امراض، گلے وسینہ کے امراض
دلو: خرابی خون، دردسینہ وجگر وگردہ
حوت: خون کے مسائل پرانے اور مہلک امراض

چھٹے گھر میں قابض بروج
اورستارہ مریخ

حمل: سر کے امراض، نزلہ زکام وبخار سردرد

ثور: بدہضمی، گلے کی سوجن، بخار

جوزا: خرابی خون، ہڈیوں کے امراض، درد کی شکایت

سرطان: امراض معدہ، بخار، کھانسی، خشک وتر

اسد: بخار، امراض دل، صدمہ عشق ومحبت وجہ مرض ہو

سنبلہ: جریان، درد ٹانگ، ہیضہ، انتڑیوں میں تکلیف

میزان: گردوں کے امراض، مثانہ میں تکلیف، پتھری کی شکایت

عقرب: سوزاک، جریان، کثرت حیض

قوس: سینہ وگلے میں تکلیف، دردسر

جدی: پورے جسم میں دردوں کی شکایت، خونی امراض

دلو: خرابی خون، ٹانگوں میں درد، بدہضمی

حوت: سردی کے امراض، ٹانگوں میں نقص ہو

چھٹے گھر میں قابض بروج اور ستارہ شمس

حمل: سر کے امراض سر درد بخار، آنکھوں کی تکلیف

ثور: چوٹ وزخم، گلے کی تکلیف

جوزا: خرابی خون، خارش، ٹانگوں میں درد

سرطان: بدہضمی، گلے کا مسئلہ، پاؤں میں تکلیف

اسد: دردسر وپشت، بخار کی شکایت

سنبلہ: خرابی معدہ، جریان، بلغمی امراض

میزان: گرمی خون، پتھری گردہ ومثانہ، آتشک سوزاک

عقرب: دل کی تکلیف، پیشاب کے امراض

قوس: بخار، انتڑیوں کے امراض، بلغمی امراض

جدی: بخار، ٹانگوں کی تکلیف

دلو: گردہ ومثانہ میں پتھری

حوت: تمام پوشیدہ امراض

چھٹے گھر میں قابض بروج

اور ستارہ زہرہ

حمل: سر کے متعلقہ امراض، درد گردہ اور پاؤں میں تکلیف

ثور: سردرد کی شکایت، درد گردہ، گلے کی خرابی

جوزا: جریان، خرابی خون وخارش کی تکلیف

سرطان: بدہضمی امراض معدہ

اسد: امراض دل، دماغ میں فتور، سینہ میں تکلیف

سنبلہ: جریان، پیٹ کے امراض

میزان: سوزاک، آتشک، بدہضمی، کثرت خوراک وشراب نوشی

عقرب: آتشک، سوزاک، گردہ کے امراض

قوس: سردی کے امراض، درد گھٹنے، امراض معدہ، مثانہ میں تکلیف

جدی: سوجن، تلی اور معدہ کے امراض

دلو: آنکھوں کی تکلیف، امراض نسیان

حوت: امراض سردی، امراض ریح

چھٹے گھر میں قابض بروج

اور ستارہ عطارد

حمل: ٹانگوں کی تکلیف، چوٹ وزخم

ثور: سینہ میں درد، امراض گلے میں خرابی

جوزا: پیٹ کی تکلیف، دردوں کی شکایت

سرطان: جریان، ٹانگوں میں تکلیف، معدہ کے امراض

اسد: عشق میں ناکامی، درد پشت، طبیعت بھاری ہو

سنبلہ: درد شکم، سانس کی تکلیف

میزان: خرابی خون، گردوں کی تکلیف، معدہ کی سوزش

عقرب: دردگرہ، بازوؤں میں تکلیف

قوس: مثانہ کی کمزوری، کھانسی

جدی: کمر درد، پیشاب کے امراض

دلو: ہیضہ، خرابی وگرمی خون

حوت: گردہ کے امراض دردسر، گلے میں زخم وسوزش

وجہ مرض کیا ہے

اگر کوئی سائل یہ سوال کرے کہ مریض کے بیمار ہونے کی وجہ کیا ہے تو وقتی زائچہ بنا کر دیکھیں کہ طالع کا مالک کہاں ہے اگر مالک طالع پہلے گھر میں موجود ہو تو بیماری درد سر، بخار کی وجہ سے ہے۔

خانہ دوم: اگر صاحب طالع خانہ دوم میں ہو تو بدہضمی کی وجہ سے مرض شروع ہوا ہے۔

خانہ سوم: رنج وغم اور عزیز واقارب کی بیماری سے مرض لاحق ہوتا ہے۔

خانہ چہارم: خوف کی وجہ سے کسی مکان تاریک میں تنہا سویا ہے۔

خانہ پنجم: کثرت خوراک اور شراب یا کسی نشہ کی وجہ سے مرض لاحق ہوا ہے۔

خانہ ششم: سائل کا طالع بہت کمزور ہے اس وجہ سے مرض ہوا ہے۔

خانہ ہفتم: صدمہ، رنج والم قرض، دشمن یا کسی عورت کی وجہ سے مرض ہوا ہے۔

خانہ نہم: سفر میں نقصان ہوا ہے یا کسی بلند مقام سے گیرا ہے۔

خانہ دہم: شدید گرمی وجہ مرض ہے۔

خانہ یازدہم: عشق محبت میں ناکامی وجہ مرض ہے۔

خانہ دوازدہم: دشمن نے تکلیف دی ہے۔

ڈاکٹر وحکیم کیسا ہے

اگر کوئی یہ سوال کرے کہ میں جس سے علاج کروا رہا ہوں وہ ڈاکٹر یا حکیم ٹھیک ہے یا نہیں یا اس سے علاج کروانا موافق ہے یا نہیں تو وقتی زائچہ بنا کر طالع میں دیکھیں۔

1۔ اگر بوقت سوال کوئی سعد ستارہ طالع میں ہو تو طبیب موافق ہوتا ہے اور مریض صحت پائے گا۔

2۔ اگر کوئی نحس ستارہ طالع میں ہو تو طبیب موافق نہیں ہوتا۔

3۔ کوئی سعد ستارہ خانہ ہفتم میں ہو تو طبیب سے علاج موافق رہے گا۔

4۔ نحس ستارہ خانہ ہفتم میں ہو تو مطلوبہ طبیب سے علاج کروانا بہتر نہیں ہوتا مرض میں شدت پیدا ہو جاتی ہے۔

5۔ خانہ چہارم میں سعد ستارہ ہو تو جو دوائی طبیب نے دہ ہوتی ہے وہ موافق ہوتی ہے۔

6۔ نحس ستارہ خانہ چہارم میں ہو تو دوائی مریض کو فائدہ نہ دے گی۔

7۔ طالع کا مالک طالع میں ہو اور قوی ہو تو طبیب نیک ہوتا ہے۔

8۔ مالک چہارم خانہ چہارم میں ہو تو دوائی فائدہ دیتی ہے۔

9۔ بوقت سوال کوئی سعد ستارہ طالع میں ہو اور وہ ستارہ کسی سعد گھر کا مالک ہو تو طبیب سے علاج کروانے میں فائدہ ہوگا۔

مریض صحت یاب ہوگا یا نہیں

1۔ آٹھویں گھر کا مالک زحل یا مریخ ہو کر برج ثور میں قابض ہو تو مریض کے بچنے کی امید نہیں ہوتی۔

2۔ نحس ستارے خانہ ششم یا گیارہ میں ہوں تو طویل عمر ہو۔

3۔ مالک خانہ ہشتم اگر مالک خانہ ششم سے مقرون ہو تو بچنے کی امید کم ہے مالک خانہ ششم سے جتنا دور ہوگا اتنی زندگی کی امید زیادہ ہوتی ہے۔

4۔ مالک طالع رجعت میں ہو غروب ہو یا خانہ آٹھ میں واقع ہو تو بیمار کا صحت یاب ہونا مشکل ہے۔

5۔ طالع سے چھٹے یا آٹھویں قمر ہو تو دلیل مریض کی موت ہے۔

6۔ آٹھویں کا مالک اوتاد میں ہو اور مالک طالع چھٹے یا آٹھویں ہو تو صحت ملنی مشکل ہے۔

7۔ طالع اور چھٹا گھر منقلب بروج ہوں اور منقلب بروج میں مالک طالع اور مالک ششم ہوں تو بیماری سے نجات دقت مشکل سے ملے۔

8۔ مالک طالع اور مالک ہشتم دونوں خانہ ہشتم میں ہوں تو دلیل موت ہے۔

9۔ مالک ششم خانہ ششم میں ہو اور سعد گھروں کی اس پر نظر ہو تو موت واقع ہو۔

10۔ طالع سے دوسرے ساتویں یا بارھویں گھر نحس ستارے ہوں اور طالع میں۔

11۔ چھٹے میں یا آٹھویں میں قمر ہو تو موت ہوتی ہے۔

12۔ طالع میں شمس اور ساتویں میں قمر ہو تو موت واقع ہو۔

13۔ قمر یا صاحب طالع نحس ہوں اور مالک ہشتم طالع میں ہو تو دلیل موت ہے۔

مرض جسمانی ہے یا روحانی

1۔ شمس طالع میں یا خانہ ہشتم یا بارہ میں قابض ہو تو مرض سحر و جادو آسیب ہوتا ہے۔

2۔ ستارہ قمر خانہ ششم میں ہو تو مرض روحانی ہوتا ہے اگر خانہ ششم میں برج سنبلہ ہو تو یقینی جادو ہوتا ہے۔

3۔ مالک طالع خانہ ششم میں ہو تو آسیب ہوتا ہے۔

4۔ خانہ ششم میں عطارد یا قمر ہو تو مرض آسیب کی وجہ سے ہوتا ہے۔

5۔ اگر خانہ جات 6-8-12 میں عطارد ہو اور ستارہ مریخ یا زحل، خانہ ششم میں یا خانہ دہم میں ہو تو خلل آسیب و سحر ہوتا ہے یعنی مرض روحانی ہے۔

6۔ اگر خانہ ششم یا ذہم یا پھر دوازدہم میں عطارد ہو اور خانہ ششم میں راس یا ذنب یا پھر شمس ہو تو مرض سحر و جادو ہوتا ہے۔

7۔ اگر عطارد مندرجہ بالا گھروں میں ہو اور خانہ نہم میں راس یا ذنب ہو تو بھی مرض سحر و جادو ہوتا ہے۔

8۔ اگر خانہ ششم میں ستارہ مشتری، شمس یا زہرہ ہو تو سحر یا دو نہیں ہوتا مرض جسمانی ہوتی ہے۔

جادو کس طرح کیا گیا ہے

1۔ زائچہ کے خانہ ہفتم میں مشتری، شمس یا راس یارا ہو ہو تو سحر و جادو کو آگ میں جلا یا گیا ہے۔

2۔ اگر خانہ ہفتم میں زہرہ، مریخ یا عطارد ہو تو سحر و جادو ہوا میں آویزاں ہوتا ہے۔

3۔ اگر خانہ ہفتم میں قمر ہو تو کوئی چیز پلائی گئی ہے یا پھر پانی یا کنویں ندی دریا میں ڈالا گیا ہے۔

4۔ خانہ ہفتم میں زحل ہو تو سحر کسی خاک میں دفن ہے۔

تعویزات گھر میں کہاں دفن ہیں

زائچہ کے خانہ ہفتم میں جو ستارے موجود ہوں ان کے مطابق حکم کریں۔ مثلاً مشتری سے دریچہ یا بام میں زہرہ سے دہلیز میں، راس ہو تو دروازہ میں، شمس سے گھر کے صحن میں، قمر سے لکڑی کے بکس یا طاق میں، زحل سے گھر کے تنگ و تاریک جگہ موجود ہے۔ مریخ سے باورچی خانہ میں، عطارد سے گھر کے راستہ میں دفن ہے۔

سحر کس نے کیا ہے

زائچہ میں ستارہ کیتو یعنی ذنب جس گھر میں موجود ہو اس گھر کا مالک دیکھیں کس خانہ میں موجود ہے اگر خانہ مذکر میں ہو تو مرد نے جادو کیا ہوتا ہے اگر خانہ مونث میں ہو تو عورت نے سحر و جادو کیا ہے۔

سحر کب سے ہوا ہے

زائچہ کے خانہ طالع میں جو ستارہ ہو اس کے مطابق حکم لگائیں۔

1۔ اگر زائچہ کے خانہ اول یعنی طالع میں زہرہ ہو تو سحر ابھی کچھ دنوں سے ہوا ہوتا ہے اگر خانہ دوم یا چہارم میں ہو تو اسی دن سے اگر خانہ 5 اور 6 میں ہو ایک ہفتہ سے اگر خانہ 9 میں ہو تو ایک ماہ سے خانہ 11 یا 12 سے ایک سال ہوا ہے۔

2۔ اگر ستارہ قمر خانہ اول میں ہو تو 3 سن پہلے ہوا ہے خانہ 2 یا 4 سے دن پہلے، خانہ 5 یا 7 سے دس ہفتہ پہلے خانہ 9 یا گیارہ سے دس ماہ پہلے اور خانہ بارہ سے دس سال پہلے ہوا ہے۔

3۔ اگر خانہ اول میں مریخ ہو تو چوبیس گھنٹے پہلے ہوا ہے خانہ 2 یا 4 سے پندرہ دن

پہلے، خانہ 5 یا 7 سے پندرہ ہفتے پہلے خانہ 9 یا 12 سے پندرہ سال پہلے ہوا ہے۔

4۔ خانہ اول یعنی طالع میں عطارد ہو تو چھے دن پہلے خانہ پنجم میں ہو تو چھے ہفتے پہلے خانہ 9 یا 12 سے چھے ماہ سحر ہوا ہوتا ہے۔

ساحر نے جادو کس لئے کیا ہے

1۔ اگر زائچہ کے خانہ نہم میں ذنب ہو تو سحر یا جادو سخت ہوتا ہے۔

2۔ خانہ نہم میں ستارہ راہو ہو تو کمزور قسم کا سحر ہوتا ہے۔

3۔ اگر خانہ نہم میں ستارہ شمس، مشتری یا زہرہ ہو تو سحر دوستی کے واسطے کیا ہے کچھ مفر نہ ہو۔

4۔ اگر ستارہ زحل خانہ نہم میں ہو تو عداوت و دشمنی کی وجہ سے سحر کیا گیا ہے۔

5۔ اگر عطارد خانہ نہم میں ہو تو دوستی کی نیت سے کیا گیا ہے جلد شفا ہو جائے گی۔

6۔ اگر مریخ خانہ نہم میں ہو تو عداوت کی نیت سے کیا گیا ہے۔ سحور سرگردان و پریشان رہے، کبھی ہوش میں ہو اور کبھی بے ہوش ہو جائے۔

مریض کو نظر بد تو نہیں

زائچہ کے خانہ ششم میں کوئی نحس ستارہ موجود ہو تو مریض کو نظر بد ہوتی ہے اور اگر کسی نحس ستارے کی نحس نظر یعنی تربیع یا مقابلہ خانہ ششم کو ہو تو پھر نظر بد ہونے میں شک نہیں ہوتا۔

مریض کس دن بیمار ہوا ہے

زائچہ کے خانہ ششم کا مالک جس گھر میں موجود ہو اس گھر کا مالک ستارہ جس دن سے منسوب ہو مریض اس دن بیمار ہوا ہوتا ہے۔ مثلاً مشتری سے بیمار، زہرہ سے جمعہ وغیرہ۔

مریض یا سائل کیا کھا کر آیا ہے

زائچہ کے خانہ دوم کا مالک جس گھر میں موجود ہو اور اس گھر کا مالک جو ستارہ ہو ان دونوں کی منسوبات کے مطابق سائل کیا مریض کھانا کھا کر آتا ہے۔

سائل کے پاس پیسے ہیں یا نہیں

اگر دیکھنا ہو کہ آنے والے سائل کے پاس کتنے پیسے ہیں تو وقتی زائچہ کے خانہ دوم میں قابض ستارہ کے مطابق بیان کریں۔ اگر قابض خانہ دوم بحالت سعد اور قوی ہو تو سائل کے پاس کافی پیسے ہوتے ہیں اور مالک خانہ دوم بھی سعد حالت میں ہو تو سائل کافی امیر آدمی ہوتا ہے اگر یہ دونوں ستارے حالت نحس میں ہوں تو سائل کے پاس پیسے نہیں ہوتے اور سائل غریب خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔

اصول:

1- خانہ طالع کو مالک طالع یا کوئی سعد ستارہ دیکھے تو تجویز شدہ طبیب لائق ہوتا ہے۔ اس کی تشخیص کارگر ہوگی۔

2- خانہ چہارم میں سعد قابض ہوں یا سعد ناظر ہو تو یا اس گھر کا مالک طاقتور ہو تو مریض کو جو دوائی دی گئی ہے وہ فائدہ مند ہوگی۔

3- خانہ ہفتم میں سعد ستارے موجود ہوں یا ناظر ہوں یا مالک ہفتم طاقتور ہو تو بیماری جلد دور ہو۔

4- مالک خانہ دہم طاقتور ہو یا دہم میں سعد ستارے قابض یا ناظر ہوں تا بیمار جلد صحت پائے گا۔

5- خانہ ششم میں نحس ستارے قابض ہوں تو بیماری سخت قسم کی ہوتی ہے۔

6 خانہ دوم کا مالک طاقتور ہو یا خانہ دوم میں سعد ستارے موجود ہوں یا ناظر ہوں تو مریض کو جو جو پرہیز بتائی گئی ہے وہ مکمل پرہیز کرتا ہے اور صحت پاتا ہے۔

7- خانہ ہشتم میں قمر نحس حالت میں ہو یا پھر کسی نحس ستارے کے ہمراہ ہو یا نحس ستارے ہشتم میں قابض ہوں یا مالک ہشتم نحس کے ہمراہ کمزور حالت میں ہو تو مریض کے بچنے کی امید کم ہوتی ہے۔

مریض کی موت کس طرح واقع ہوگی

1- خانہ ہشتم میں بروج منقلب قابض ہوں تو مریض امراض معدہ، امراض سر، کھال کے امراض میں مبتلا ہو کر مر جائے گا۔

2- خانہ ہشتم میں بروج ثابت قابض ہوں تو مریض کی موت، نظام دوران خون، پیشاب کی تکلیف، گلے و دل کے امراض سے ہوگی۔

3- خانہ ہشتم میں بروج ذوجسدین قابض ہوں تو موت اعصابی نظام میں خلل واقع ہونے، انتڑیوں اور پھیپھڑوں کے امراض سے واقع ہو۔

علاج بذریعہ جواہرات

بروج سے منسوبہ جواہرات

برج حمل: برج حمل سے منسوبہ جواہرات میں زبرجد، لہسنیا، ہیرا، مرجان، یاقوت، عقیق، حجر الدم، شامل ہیں۔

برج ثور: بھورا عقیق، سرخ عقیق، یاقوت، بلور، مرجان، موتی، زمرد، زمرد، لاجورد

برج جوزا: زمرد، سنگ سلیمانی، پکھراج، زبرجد، عقیق،

برج سرطان: نیلم، زبرجد، موتی، پکھراج زرد، زرد عقیق، حجر القمر، لہسنیا

برج اسد: یاقوت، سنگ سلیمانی، نیلم، عقیق، مرجان، پلک،

برج سنبلہ: ہیرا، یشم، زرد عقیق، زمرد، زبرجد، موتی، زرقون، لاجورد، رودراکھ

برج میزان: سنگ دودھیار، کارکیتیک، مرجان، ہیرا، پکھراج، لہسنیا، یشم، زبرجد، نیلم، موتی

برج عقرب: پکھراج، سنگ دودھیا، ہیرا، مرجان، عقیق، یاقوت، سنگ سلیمانی

برج قوس: فیروزہ، کارکیتیک، پکھراج، لہسنیا، حجرالقمر

برج جدی: فیروزہ، نیلم، عقیق، زرقون، سنگ سلیمانی

برج دلو: نیلم، یاقوت، عقیق سرخ

برج حوت: موتی، سفید پکھراج، حجرالدم، لاجورد، زبرجد، حجرالقمر

کواکب سے منسوبہ جواہرات

شمس: ہیرا، یاقوت، نیلم، پکھراج، سرخ عقیق، مرجان

قمر: موتی، سنگ دودھیا، ہیرا، عقیق، حجرالقمر

مشتری: نیلم، زمرد، یاقوت زرد، پکھراج، لہسنیا، فیروزہ، سنگ یشم

مریخ: سرخ عقیق، یاقوت، سنگ دودھیا، زبرجد، سنگ یشم، مرجان

زہرہ: ہیرا، فیروزہ، لہسنیا، زبرجد، بلور، کارکیتیک

عطارد: زرقون، پکھراج، زمرد، فیروزہ، عقیق، سنگ سلیمانی، رودراکھ، زبرجد

زحل: نیلم، سنگ سلیمانی، لاجورد، یاقوت

پلوٹو: مرجان

یورانیس: لاجورد

نپ چون: زرد عقیق

راس (راہو): زرقون

کیتو (ذنب): لہسنیا

ہر قسم کی روحانی جسمانی سحری وآسیبی اثرات اور بیماریوں کا مکمل روحانی علاج فی سبیل اللہ کیا جاتا ہے نیز ہر قسم کی جسمانی پیچیدہ و پوشیدہ امراض کے علاج کیلئے رابطہ کریں

نحس کواکب اور جواہرات

زائچہ پیدائش چاہے کتنا بھی طاقتور کیوں نہ ہو پھر بھی کسی نہ کسی ستارہ کی نحوست زندگی میں مسائل کو پیدا کرتی رہتی ہے زائچہ میں جو ستارہ نحوست لا رہا ہو اس کے متعلقہ نگوں کو استعمال کر کے اس کی نحوست کو بڑی حد تک کم کیا جا سکتا ہے

ستارے	نگینے	دھات	وزن	دن	فنگر
شمس	یاقوت، مرجان	سونا یا چاندی	۳ رتی	اتوار	تیسری انگلی
قمر	موتی، حجرالقمر	چاندی	۲-۴-۶ رتی	پیر	چوتھی انگلی
مریخ	مونگا	سونا	۸ رتی	منگل	تیسری انگلی
عطارد	زمرد	سونا	۱۰ کیرٹ	بدھ	دوسری انگلی
مشتری	پکھراج زرد		۷-۱۲ کیرٹ	جمعرات	تیسری انگلی
زہرہ	ہیرا، فیروزہ	سونا	۷ کیرٹ	جمعہ	چوتھی انگلی
زحل	نیلم	فولاد	۵-۷ رتی	ہفتہ	دوسری انگلی
راس	زرقون	فولاد	۳-۵-۶ کیرٹ	ہفتہ	دوسری انگلی
ذنب	لہسنیا	چاندی	۳-۵-۶ کیرٹ	بدھ	دوسری انگلی

امراض کا علاج بذریعہ جواہرات

پیٹ کے امراض: پنا، پکھراج، مون سٹون ۱۰ تا ۲۰ کیرٹ

نسیان: پنا، مونگا

اسقاط حمل: مونگا، پنا، مانک

پھوڑے پھنسی دانے: سفید یا سرخ مونگا

جلد غصہ آنا: پنا، مون سٹون

سانس کا رکنا: لہسنیا، مون سٹون، پنا، پکھراج، موتی

حادثات سے بچاؤ: مونگا، گومید

کمی خون: مونگا، پکھراج

دماغی گلٹی: پنا، پکھراج، مونگا

دماغی بخار: پنا، پکھراج، مونگا، روبی

دماغی جریان خون: مونگا ۷ تا ۱۰ کیرٹ، پکھراج ۵ تا ۸ کیرٹ، مون سٹون ۸ تا ۱۰ کیرٹ

آتشک: مونگا، ہیرا

عرق النساء: پکھراج، نیلم

گلے کے غدود: مونگا

بواسیر: مونگا، مون سٹون

فالج یا لقوہ: پنا، مون سٹون، نیلم، مونگا

عورتوں کے امراض: مونگا، موتی، پنا

یرقان: مونگا، نیلم

لو بلڈ پریشر: روبی، مون سٹون پنا

ہائی بلڈ پریشر: پکھراج، موتی

دل کے امراض: روبی، پکھراج، مونگا، مون سٹون

مرگی: پنا، مون سٹون، روبی، مونگا

ناسور: پکھراج، مون سٹون، مونگا

ذیابطیس: مونگا، پکھراج، نیلم

پیچش: پنا، پکھراج، مون سٹون

قبض: مونگا، پکھراج

کھانسی: مون سٹون، مونگا

کینسر: نیلم، مونگا

حلق کی سوجن: مون سٹون لہسنیا

منازل قمری اور جواہرات

منازل قمری	دن	دھات	وزن	نگینہ	فنگر
ثریا، حرفہ، بلدہ	اتوار	سونا	۳رتی	روبی	تیسری انگلی
دبران، عوا، بلخ	پیر	سلور	۳رتی	موتی	چوتھی انگلی
ہقعہ، سماک، سعود	منگل	سلور	۶رتی	مونگا	تیسری انگلی
طرفہ، قلب، رشا	بدھ	سونا	۴رتی	پنا	چوتھی انگلی
نعائم، زبانہ، نثرہ	جمعرات	سونا	۴رتی	پکھراج	شہادت انگلی
بطین، زہرہ، ذراعہ، پکھ	جمعہ	پلاٹیم	۴.۱رتی	ہیرا	چوتھی انگلی
اکلیل، موخر، مقدم	ہفتہ	۸دھاتی مکس	۵رتی	مونگا	دوسری انگلی
ہنعہ، غفرہ، اخبیہ	ہفتہ	۸دھاتی مکس	۵رتی	مونگا	دوسری انگلی
شرطین، جبہہ، شولہ	جمعرات	سلور	۶رتی	لہسینا	تیسری انگلی

زاہد اسٹرولوجیکل اکیڈمی

,,پاکستان میں روحانی علوم سیکھانے کا واحد ادارہ''

جس کے قیام کا مقصد وہ علوم جو کہ ہمارے بزرگوں کی امانت ہیں لوگوں تک پہنچانا ہے تاکہ وہ لوگ جو ان علوم کو سیکھنے کے شائق ہیں مگر سکول و کالج یا کوئی اور ذریعہ نہ ہونے کی وجہ سے آج تک نہیں سیکھ سکے ہیں ان تمام لوگوں کو دعوت عام ہے کہ آئیں اور اس ادارے میں داخلہ لیکر بذریعہ ڈاک گھر بیٹھے ان علوم کو سیکھیں اور ان علوم سے فائدہ اٹھا کر معاشرے میں پُرسکون' باعزت اور کامیاب زندگی بسر کریں اس ادارے کے ذریعے اہتمام مختلف علوم مثلاً علم نجوم' علم رمل' پامسٹری علم الاعداد' علم الجفر' حاضرات' عملیات' علم النفس' مراقبہ' پتھروں کے اسرار وغیرہ سیکھانے کا بذریعے ڈاک اہتمام کیا گیا ہے اگر آپ بھی کوئی علم سیکھنا چاہتے ہیں تو آج ہی رابطہ کر کے اپنی پیاس بجھائیں ادارہ ہذا آپ کی ہر طرح کی رہنمائی کرے گا اور آپ بھی کورس کے اختتام پر کہیں گے کہ واقع آپ کو وہ سب کچھ مل گیا ہے کہ جس کی برسوں سے آپ کو تلاش تھی۔

اس کے علاوہ پامسٹری' علم الاعداد' علم الجفر' نجوم' بائیورتھم اور لاٹری کے کمپیوٹر سافٹ ویئر دستیاب ہیں۔

زاہد اسٹرولوجیکل اکیڈمی

سرپرست اعلیٰ ملک محمد زاہد محمود اعوان

ماہر علم روحانیت

آفس نمبر 3' این اے 110 سیونتھ روڈ نیو ملپور سیٹلائٹ ٹاؤن' راولپنڈی۔

website: www.zahidastrology.com

Email: zahid9251@yahoo.com

0345-5210338-5255004

مصنف کی دیگر کتب

1- اسرارِالنجوم (حصہ اول)

علم نجوم کے موضوع پر ایک مکمل کتاب ہے جس میں نجوم سے متعلق ہر چیز کو انتہائی آسان طریقے سے بیان کیا گیا ہے۔ جس میں دائمی کوکبی جدول، زحل کا پایہ، زحل کی ساڑھ ستی، 2900 سوسالہ کلینڈر، چاند کی تاریخوں میں پیدائش کے اثرات، 12 گھروں میں کواکب کے سعد و نحس اثرات، 12 برجوں میں کواکب کے اثرات، 12 برجوں کا 12 گھروں میں علیحدہ علیحدہ اثرات، ادوار زندگی دورہ اکبر اور دورہ اوسط کی مکمل تفصیل، ادوار زندگی سے حالات زندگی معلوم کرنا، دورہ اکبر اور دورہ اوسط میں کواکب کے سعد و نحس اثرات، 12 گھروں کے مالک کے ادوار زندگی میں اثرات، مقام منتہا کے 12 گھروں میں اثرات، سالانہ زائچہ کے اصول و قواعد، سالانہ زائچے میں کواکب کے سعد و نحس اثرات، زائچہ پیدائش میں قران سیارگان کے اثرات، نچھتروں (منازل قمری) میں زائچہ پیدائش کے اثرات، بیماری کی مدت معلوم کرنا، ادخال کواکب کے اثرات اور اس کے علاوہ بھی بہت کچھ ہے نایاب کتاب ہے ضرور مطالعہ کریں۔

2- اسرارِالنجوم (حصہ دوم)

علم نجوم کے موضوع پر ایک مکمل کتاب ہے جس میں ہر برج کا علیحدہ علیحدہ طالع بنا کر اس کے 12 گھروں میں تمام کواکب کے سعد و نحس اثرات بیان کیے گئے ہیں۔ جس میں سالانہ زائچہ کی مکمل تفصیل 70 قسم کے مختلف سہم نکالنا، قمری زائچہ کی تفصیل، 12 گھروں کے مالک کا 12 گھروں میں اثرات، برجوں کے ادوار زندگی، اس کے علاوہ شکل و صورت، مال، زمین و جائیداد، شادی تعداد شادی، شادی کا انجام، اولاد، تعداد اولاد، شراکت، وراثت، کھیلوں کے نتائج، اولاد ہونے کا وقت، شادی کا وقت معلوم کرنا، محبت انعام نکلنے کا وقت، سیاست، ملکی حالات، ملازمت، دوستی، ریس، موسم، بارش نیز ان تمام چیزوں کا وقت معلوم کرنا اور ان کے سعد و نحس اثرات معلوم کرنا شامل ہیں اس کے علاوہ بھی بہت کچھ ہے۔ بہت اعلیٰ و نایاب کتاب ہے۔

3۔ اسرارالرمل

علم رمل کے موضوع پر ایک نایاب کتاب جس میں زندگی کے تمام مسائل کا حل بذریعہ علمِ رمل دیا گیا ہے اور زندگی کے سو سے زائد سوالات کا جواب مثالوں کے ساتھ حل کر کے بتایا گیا ہے اس کتاب کے ذریعہ ہر مسلہ کا حل فوراً ایک منٹ میں معلوم کیا جاسکتا ہے۔

4- آئینہ اسرارالاعداد

علم الاعداد کا انسائیکلو پیڈیا

اس کتاب میں علم اعداد پر مکمل بحث کی گئی ہے اس کتاب کے مطالعہ سے ایک عام قاری سے لے کر ماہر علم اعداد بھی فیض حاصل کرسکتا ہے اس کتاب میں شخصیت کا نمبر، قسمت کا نمبر، اعداد سے جواب حاصل کرنا، تاریخ پیدائش کے اثرات، کھیلوں مقابلوں کے نتائج، اشیاء کی قیمتوں میں کمی بیشی، شیرز، کاروبار، ریس، پرائز بانڈ ولاٹری کے نتائج معلوم کرنا، خوش قسمتی کے نمبر، سالانہ زائچہ بنانا، ادوار زندگی معلوم کرنا، شادی کا انجام معلوم کرنا، ہر شخص کے سالانہ حالات، ماہانہ حالات، روزانہ کے حالات اور ہر دن کے ہر گھنٹے کے حالات معلوم کرنے کے طریقے اور تفصیل، تعداد اولاد، محبت، دوستی اور اس کے علاوہ بھی اور بہت کچھ شامل کیا گیا ہے صرف یہی ایک کتاب آپ کو باقی سب کتابوں سے بے نیاز کردے گی۔

5-اسرارِعملیات

یہ کتاب مصنف کی عملیاتی زندگی کا نچوڑ ہے اس کتاب کے تمام عملیات مصنف کے ذاتی آزمودہ اور تجربہ شدہ ہیں عملیات و تعویذات و چلہ کشی کے موضوع پر ایک مکمل کتاب ہے جس میں نقش بنانے سے لے کر موکلات و جنات کو تابع کرنے تک اور زندگی کے تمام مسائل کو بذریعہ تعویذات و عملیات حل کرنے کے طریقے بیان کیے گیے ہیں بہت نایاب کتاب ہے تمام عملیات و تعویذات کی اجازت عام ہے۔

6۔ اسرارالدست شناسی

یہ کتاب علم دست شناسی (پامسٹری) کے موضوع پر ایک مکمل کتاب ہے جس کے مطالعہ سے ہر کوئی ایک اچھا اور کامیاب دست شناس بن سکتا ہے ہر چیز کو مکمل وضاحت کے ساتھ بیان کیا گیا

ہے اس کتاب کے ہوتے ہوئے آپ کو کسی دوسری کتاب کی ضرورت باقی نہیں رہے گی۔

7-پرائز بانڈ اور آپ کی قسمت

پرائز بانڈ کے موضوع پر مصنف کی ایک لازوال تصنیف جس میں پرائز بانڈ کے نمبر معلوم کرنے کے لیے بے شمار طریقے بیان کیے گئے ہیں جس میں صفر، کلوز، سنٹر، چوتھا فگر، پانچواں فگر اور چھٹا فگر علیحدہ علیحدہ معلوم کرنے کے فارمولے لکھے گئے ہیں۔ ہر شہر میں ہونے والی قرعہ اندازیوں کے لیے علیحدہ علیحدہ فارمولے ہر دن میں ہونے والی قرعہ اندازیوں کے فارمولے، ہر بانڈ (مالیت کے لحاظ سے) کے علیحدہ فارمولے اور اس کے علاوہ بھی بے شمار فارمولے لکھے گئے ہیں۔ مصنف کا دعویٰ ہے کہ آپ اس کتاب کا کوئی سا بھی ایک فارمولہ اٹھا کر گذشتہ 7 سالوں کی 184 قرعہ اندازیوں میں اس فارمولے کو چیک کر لیں انشاء اللہ آپ کو گذشتہ 184 قرعہ اندازیوں میں سو فیصد کامیابی ملے گی نایاب کتاب ہے۔

8- بچوں کے اسلامی نام علم نجوم و اعداد کی روشنی میں

اس کتاب میں بچوں اور بچیوں کے اسلامی نام علم نجوم اور علم اعداد کی روشنی میں نکالنے کے طریقہ کار اور ناموں کی مکمل فہرست دی گئی ہے۔ آپ کو نام نکالنے کی ضرورت نہیں ہوگی ایک سے لیکر نو تک اعداد کے مطابق علحدہ علحدہ نام ان کے معنی اور ان کے اعداد اور لکی نمبرز نکال کر دیے گئے ہیں۔

9: جسمانی، دنیاوی پریشانیوں، تکلیفوں کا **روحانی علاج**

اس کتاب میں ہر قسم کی روحانی جسمانی سحری و آسیبی اثرات اور ہر طرح کی بیماریوں شوگر، بواسیر، یرقان، جوڑوں کا درد، مہروں کا درد، فالج لقوہ اور دیگر بیماریوں کا روحانی علاج کیا گیا ہے۔ سورتوں وظائفوں سے علاج کا ایک حسین سنگم۔ آج ہی اپنی کتاب بک کروائیں۔

0300.4900254

زیرِ طبع کتب

اس کے علاوہ اسرار الجفر، اسرار علم النفس، اسرار الحاضرات، اسرار الخواب، پتھروں کے اسرار، اسرار لموکلات و جنات، اسرار البروج، ٹیلی پیتھی کے اسرار مراقبہ کے اسرار اور چہرہ شناسی کے اسرار زیرِ طبع ہیں۔

ہر قسم کی روحانی جسمانی سحری و آسیبی اثرات اور ہر طرح کی بیماریوں شوگر، بواسیر، یرقان، جوڑوں کا درد، مہروں کا درد، فالج، لقوہ وغیرہ کا مکمل روحانی علاج فون پر دم کے ذریعے فی سبیل اللہ کیا جاتا ہے نیز ہر قسم کی جسمانی پیچیدہ و پوشیدہ امراض کے علاج کیلئے رابطہ کریں

ملک محمد زاہد محمود اعوان صاحب

کی تمام کتب راولپنڈی میں دستیاب ہیں

جنسیات کتب

	کتاب	مصنف	قیمت
	اصلی بڑی کوک شاستر	کوکا پنڈت	1200/=
	اصلی انڈین کوک شاستر	کوکا پنڈت	200/=
	کاما سوترا	کوکا پنڈت	200/=
	جنسی تعلیم (سیکس ایجوکیشن)	انڈین	200/=
	مہا کوک شاستر	کوکا پنڈت	240/=
	جنسی امراض	کرنل بھولا ناتھ	250/=
	شادی کورس (فرسٹ نائٹ)	حکیم وڈاکٹر ہری چند	225/=
	آداب مباشرت (4 حصے یکجا)	ڈاکٹر آفتاب احمد	225/=
	مجربات بوعلی سینا	بوعلی سینا	210/=
	قوت باہ نسخے	حکیم عمر حیات	200/=
	جنسی بیماریاں	حکیم عمر حیات	200/=

ملک زاہد محمود اعوان

"ماہر علم روحانیت"

"سرپرست اعلیٰ: زاہد اسٹرولوجیکل اکیڈمی"

تمام صفات کا حقیقی سرچشمہ ذات واجب الوجود ہے۔ عالم الغیب ہونے کی صفت بھی بدرجہ اتم صرف اُس کے لئے مخصوص ہے جس طرح خدا نے اپنے خلیفہ انسان کو اپنی تمام صفات کے پرتو سے متمیز کیا اسی طرح اُس نے انسان کو علم غیب کا بھی شائبہ عطا فرمایا یعنی انسان کے اندر چند ایسی مخفی قوتیں رکھ دی ہیں جن سے کام لے کر انسان اس حد تک واقعات غیبی کا علم کامل ہو سکتا ہے جس حد تک خدائے پاک اسے مطلع کرتا ہے یا دوسرے الفاظ میں جس حد تک اسے خدائے پاک نے قوت عطا کی ہے۔

ایک طویل عرصے سے مجھے علم نجوم میں دلچسپی تھی مختلف کتابیں اس علم پر میرے مطالعہ میں رہی ہے لیکن ان تمام کی تمام میں ایک تو اس علم کو اتنا پر اسرار بنا دیا گیا ہے کہ ہر کس و ناکس کے سمجھ میں باسانی نہیں آسکتا۔ میں نے کوشش کی ہے کہ اس علم پر زیادہ سے زیادہ مختصر اور جدید پیرائے میں ایک جامع کتاب پیش کروں تاکہ اس فن کو جو کس قدر مردہ ہوتا جارہا ہے تقویت ملے۔

اس کتاب میں جتنی تفصیل لکھ سکتا تھا میں نے بیان کر دی ہے اگر اس سے زیادہ علم نجوم سے واقفیت حاصل کرنا چاہیں تو میری باقی کتب کا مطالعہ کریں نجوم سے متعلق میری کتب اسرار النجوم حصہ اول اور حصہ دوم آپ کی علمی پیاس بجھانے کے لئے مدد و معاون ثابت ہوں گی۔

کتاب میں کسی قسم کی غلطی اور کمی کی صورت میں مجھے مطالعہ کریں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اُس کی تصیح ہو سکے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے علم میں اضافہ فرمائے